


# برّا کی شادی کی ضیافت

# وقتِ آخر کی تقریبات

## اِس آخری نسل کے لئیے پیغامات

## سُوسن ڈیوس کے نام وقف

## خُدا کے دِل سے براہ راست

**برّا کی شادی کی ضیافت**
**وقتِ آخر کی تقریبات**
**اِس آخری نسل کے لئیے پیغامات**
**سُوسن ڈیوِس کے نام وقف**
**خُدا کے دِل سے براہ راست**

Copyright © 2012 Susan Davis
All rights reserved.
ISBN-13: 978-1477478332
ISBN-10: 1477478337

آپ کو اجازت دی جاتی ہے کہ آپ اِس کتاب کی کاپیاں بانٹ سکتے ہیں۔ میں واضع کر دوں کہ کمپیوٹرائزڈ یا کتابی، دونوں صورت میں آپ تمام کتاب کی یا اِس کے کِسی بھی حِصے کی اشاعت اپنی ویب سائٹ یا اور کہیں بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن ہم درخواست کرتے ہیں کہ آپ یہ نوٹ بھی ضرور شامل کریں تاکہ اور لوگ بھی اِس کو شائع کر سکیں اور بانٹ سکیں۔ یہ کتاب درج ذیل ویب سائٹ پر مفت دستیاب ہے۔

ای بُک اور ایم پی تھری کی ویب سائٹ :
https://marriagesupper.wixsite.com/endtimescatalog
by Susan Davis 2012 ©

Marriage Supper of the Lamb Urdu Facebook
https://www.facebook.com/Marriage-Supper-of-the-Lamb-Urdu-101717851234435

Urdu & English Audios by Suneeta Sunil
https://www.thelordisthespirit.com/?page_id=236
https://www.thelordisthespirit.com/?page_id=251

فہرست

خُداوند کی طرف سے تعارف
گواہیاں
1- خاکساری
2- نہ اپنی ذات پر بھروسہ کرو نہ کِسی اور پر
3- خاکساری کی تربیت
4- خُدا پر بھروسہ
5- معافی
6- دُنیا میں رہو لیکن اِس دُنیا کے مت بنو
7- برّے کی شادی کی ضیافت کا جشن
8- جشن کی تیاری
9- کھوئی ہوئی کلیسیا
10- دُنیا کی ہوّس
11- دُنیا میں مُصیبت کی سُرخیاں
12- دیکھ میں جلد آنے والا ہوں
13- وقت گُزرتا جاتا ہے
14- دُنیا میری مُخالف ہو گئی
15- رہنما میرے پیچھے نہیں چلتے
16- دیکھ میں جلد آنے والا ہوں
17- مُخالفِ مسیح
18- دیکھو میری آمد کا وقت نزدیک ہے
19- تیاری کرو
20- تُمہارا وقت ختم ہو رہا ہے
21- جب تُم میری مرضی پر نہیں چلتے تو تُم میرے خلاف چلتے ہو
22- ابلیس اِس دُنیا کو تباہ کرنے آ رہا ہے
23- رات کے پہر میں گھڑی کا بجنا
24- آپس میں لڑنا چھوڑ دو
25- میں تُمہیں نہیں لے کر جاؤں گا اگر تُم نے گُناہ سے توبہ نہ کی
26- اپنا دھیان میری طرف لگاؤ
27- تُمہیں تیار رہنا ہے اگر میرے ساتھ آنا چاہتے ہو
28- تُمہاری ابدیت توازن میں ہے
29- میری طرف بھاگو، نہ کہ چلو
30- میری دُلہن ہر لحاظ سے دِلکش و حسیِن ہے
31- بہت چند ہیں جو میری طرف لوٹ کے آئیں گے اورمیری پرستش کریں گے

32. میں اپنی دُلہن کو بحفاظت اُٹھانے کو آنے والا ہوں
33. مُجھے اول درجہ دو یا بالکل ردّ کر دو
34. مُصیبت کا دِن قریب ہے، عظیم مُصیبت کا دِن
35. جہانِ فانی کی پیروی یقیناً بے فیض ہے
36. بہتیرے گُمان کرتے ہیں کہ وہ تیار ہیں، مگر وہ گُمراہ ہیں
37. تُمہارے پاس کُچھ قیمتی وقت باقی ہے
38. میرے حقیقی پیروکار بیدار ہیں اور بالکل تیار ہیں
39. اس دستاویز اور میرے روزے کے متعلق میری گواہی

## اِن نبوتوں کے مُتعلق

میں خُدا کی بندی سُوسن جِس کو خُدا نبوت کی نعمت کے ساتھ اِستعمال کرتا ہے۔ 1 کرنتھیوں 14 باب اُسکی 1 آئت میں لِکھا ہے کہ

محبت کے طالب ہو اور روحانی نعمتوں کے بھی طالب ہو خصوصاً اِس کے کہ نبوت کر سکو۔

یہاں پر ہم نئے عہدنامے سے خُدا کے کلام پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ کُچھ یہ مانتے ہیں کہ نبوت اُٹھا لی گئی ہے مگر ایسا نہیں ہے۔ خُدا نے کہا کہ آخری زمانہ میں لوگ نبوت کریں گے۔ ہاں ہر نبوت بائبل کے مُطابق تصدیق شُدہ ہو۔ اور اگر یہ کلام کے مُطابق ہے تو ہمیں اِسے ماننا ہے۔ جیسا پُرانے عہدنامے میں خُدا نبیوں کو اِستعمال کرتا تھا اور اُن نبوتوں کو نئے عہدنامے میں پورا کِیا۔ یسوع بھی نبیوں کو اِستعمال کرتا ہے کہ اُنھیں نبوت کے وسیلہ سے دُنیا میں اِستعمال کرے۔ یسوع نبوت کے وسیلہ اپنے بچوں سے بولتا ہے۔ بائبل بھی نبوت کے وسیلہ اور روح القدس کی مدد سے لِکھی گئی اور بائبل کہتی ہے کہ نبوت روح القدس کی نعمت ہے۔ اعمال کی کتاب جو کہ نئے عہدنامے میں ہے میں بھی چند نبیوں کا ذِکر ہے جیسا کہ یہودہ اور سلاس (اعمال 15:32) اور اگابس (اعمال 21:21) اِن کے علاوہ اور بہت سے ہیں۔ نبیوں کی جماعت کا نئے عہدنامہ کے دور میں اِن کتابوں میں بھی ذکر ہے (1 کرنتھیوں 12:28، 14:1، 29، 32، 37) اِسی طرح (اِفسیوں 2:20، 3:5، 4:11) میں بھی۔ یہ کلام جو خُدا نے اپنی بندی سے روزہ کے دوران کیا بہت سے خادموں کی تصدیق کے بعد آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ اِس کی تصدیق خُدا کے عظیم خادموں نے اور روح القدس نے خود کی ہے تاکہ آپ خُدا کے دِل کو جان سکو اور آنے والے دُلہا کی ضیافت میں شامل ہو سکو۔
کُچھ کہتے ہیں کہ نبوت کا کام بائبل میں سے مواد نکالنے یا اضافہ کرنے کی وجہ سے خطرے میں ہے۔ لیکن اگر کوئی نبوت بائبل کے مطابق بغیر کِسی تفریق یا اضافہ کے تصدیق شُدہ ہے تو وہ درست قرار دی جاتی ہے۔ مگر خُدا کے نظریات میں ردوبدل کرنا اور بائبل کے برعکس دُنیاوی اور اِنسان کے بنائے ہوئے نظریات کو نبوتوں کا نام دینا بالکل غلط ہے بلکہ گُناہ ہے۔ نبیوں کا شروعاتی کام لوگوں کو خُدا کے کلام کی طرف رجوع کروانا ہی تھا۔
جیسا کہ 1 تھسلنیکیوں 5 باب 19 سے 21 آیات میں لِکھا ہے

رُوح کو نہ بُجھاؤ۔
نبُوّتوں کی حقارت نہ کرو۔
سب باتوں کو آزماؤ۔ جو اچھّی ہو اُسے پکڑّے رہو۔

اور کِسی نبوت یا پیغام کی تصدیق کرنے کا طریقہ یہی ہے کہ بائبل کے مُطابق اِس کا موازنہ کِیا جائے۔
ذیل میں تحریر کردہ تمام نبوتیں میں نے خود ( مائیک پیرالٹّا - کتاب تیار کرنے والا) تصدیق کی ہے اور یہ تمام بائبل کی روح سے درست ہیں۔ مگر آپ کو اِن سب کی خُود سے بھی تصدیق کرنی چاہئیے اور اگر یہ بائبل مُقدس کے عین مُطابق ہیں تو خُدا چاہتا ہے کہ آپ اِن کو اپنے دِلوں میں چھاپ لیں اور اِن نبوتوں اور احکامات کے مُطابق زِندگی بسر کریں۔

## خُداوند کی طرف سے تعارف

میرے بچو! میں تُمہارا خُدا بول رہا ہوں۔ میں جلد آ رہا ہوں۔ میری آمد قریب ہے حتیٰ کہ دروازہ پر۔ تُمہیں تیار ہونے کی ضرورت ہے۔

یہ کتاب میری بیٹی سُوسن کے 40 دِن کے روزے دوران مکمل ہوئی۔ اُس نے میرے کہنے پر یہ روزہ رکھا۔ میں اُسے ویران جگہ پر لے گیا تاکہ وہ اپنی خودی کو مار دے۔ اِس دوران میں نے اِسے بہت سے اِلفاظ اور کلام عطا کئیے جو میں چاہتا ہوں کہ میرے بچوں تک پہنچایا جائے۔ لہٰذا جیسا میں نے اُس سے کہا ویسے ہی اُس نے میرے اِلفاظ لِکھے۔ اِن سب خطوط میں اہم معلومات ہیں جِن کا تُمہیں علم ہونا ضروری ہے کیونکہ میری آمد قریب ہے۔

میں تُمہارا خُدا اور نجات دہندہ YAHUSHUA (یسوع مسیح) ہوں۔

*خطوط میں شامل کئیے گئے تمام تر حوالاجات کِنگ جیمز ورژن (KJV) بائبل سے لئیے گئے ہیں

یہ الفاظ خُداوند باپ اور اُس کے بیٹے YAHUSHUA HA MASHIACH ( یسوع مسیح یا مسح کیا ہوا یسوع یا مسیحا) نے ترتیب دئیے ہیں اور سُوسن کو اُس کے چالیس دِن کے روزے کے دوران 27 جنوری 2012 سے 6 مارچ 2012 کے درمیان عطا کئیے ہیں۔

مُصنف کی طرف سے نوٹ

یہ کتاب اِس لئیے نہیں لکھی گئی کہ نسلوں سے اِس کے عِوّض نفع کمایا جائے بلکہ اِس لئیے لِکھی گئ تاکہ اِس مخصوص ذرائع کے وسیلہ سے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک رسائی حاصل کی جائے۔ خُدا کا یہ نبوتی کلام پیسے کے حصول کے لئیے نہیں تشکیل دِیا گیا۔ اِس کتاب کی قیمت صِرف اشاعت کے اخراجات پورے کرنے کے لئیے رکھی گئی ہے جبکہ مُصنف کو اِس میں سے کوئی منافع یا بچت نہیں ہے۔ ( اشاعت کے اخراجات کی وجہ سے صِرف کُچھ روپے درکار ہیں اور اضافی رقم سے مزید کتابیں خرید کر لوگوں کو مُفت بانٹ دی جائیں گی) یہ پیغام بہت ضروری ہے تاکہ ہم یقین دہانی کر سکیں کہ کتاب کی قیمت لوگوں اور اِس الہی پیغام کے درمیان رکاوٹ کا باعث تو نہیں۔

میں بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مُجھے ای۔میل کی اور خُدا کا کلام مُجھ تک پہنچایا۔ مُجھے اِس سے بہت برکت حاصل ہوئی ہے۔ میں نے بہت دُعا کی اور پاک روح سے ہدائت مانگی کہ مُجھے بہت سی چیزیں سمجھنے کی حِکمت اور اپنے رستہ پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔ براہ کرم میرے لئیے دُعا کریں۔ ایک بار پِھر سے شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ خُداوند آپ کو اور آپکی مِنسٹری کو بہت برکت دے۔ - قاری 1

**********

اِن خطوط کے لئیے تیرا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ جو کُچھ بھی تو نے اپنی YAHUSHUA پیاری بہن سُوسن، اے یسوع بیٹی/ دُلہن کو بولا وہ سب لِکھا گیا۔ میں نے ایک دِن قبل یہ کتاب پڑھنا شروع کی اور تقریباً دس صفحات پڑھ چُکی ہوں۔ اور جب بھی پڑھتی ہوں میں برکت پاتی ہوں۔ - قاری 2

*********

سُوسن، تُم نے جو لِنک مُجھے بھیجا اُس کے لئیے شُکریہ۔ میں نے یقیناً اِس کے وسیلہ سے برکت پائی ہے اور اب میری روح خُداوند یسوع YAHUSHUA کے لئیے بھوکی اور ترپتی ہے۔ -قاری 3

**********

آداب میری پیاری بہن سُوسن، میں خُداوند کا یہ پیغام/خطوط تقریباً تمام پڑھ چکی ہوں جو خدا نے تُمہارے روزہ کے دوران تُمہیں دئیے۔ یہ در حقیقت خُدا کا کلام اور اِلفاظ ہیں۔ میرا مطلب میں نے تقریباً 100 صفحات پڑھ لئیے ہیں۔ اُس کی سچائی، حِکمت اور ہم سب کو احساس دلانا اور قوم کو تنبیع کرنا نہائت شاندار ہے۔ اِس سب کے لئیے اُس (خُدا) کی شُکرگُزار ہوں۔ اور میرے ساتھ یہ کلام بانٹنے کے لئیے خُدا تُمہیں برکت دے۔ - قاری 4

***********

پیاری سُوسن، مُجھے یہ کتاب بھیجنے کے لئیے بہت شکریہ میری پیاری بہن سُوسن۔ میں نے بھی اِسے نشر کیا ہے اور تقریباً آدھی پڑھ چُکی ہوں۔ اِس نے مُجھے اِس قابل بنایا کہ خُدا کے آگے جُھک سکوں۔ میں دعا گو ہوں کے لاکھوں کی تعداد میں لوگ ایسا ہی کریں۔ خُدا تُمہیں اُس کے لئیے تُمہاری ایمانداری اور وفاداری کے لئیے بہت برکات سے مالامال کرے۔ مسیح کے نام میں ہمیشہ محبت سے رہو۔ - قاری 5

************

سُوسن، یہ خُداوند کی طرف سے نہائت مسح کی ہوئی نبوت ہے۔ میں 1979 سے جب میں چھوٹی تھی تب سے نبوتیں سُن رہی ہوں۔ گزشتہ 33 سالوں سے میں نے نہائت مسح کرنے والی نبوتیں سُنی ہیں مگر اِس کتاب کا پیغام تمام نبوتوں سے زیادہ مسح کُن ہے۔ - میکا پیرالٹا (کتاب تیار کرنے والی)

باب 1
خاکساری

خاکساری کا مطلب مکمل اطاعت اور فرمانبرداری ہے۔ یہ شکائیت کے بغیر دوسروں کی خِدمت کرنے کی خواہش ہے۔ ایک مُسکراہٹ کے ساتھ دوسروں سے نقصان کو نظر انداز کرنا دوسروں کی خدمت کرنا اور خُدا کو خوش کرنے کی خواہش۔ یہ پُر اُمید توقعات کے ساتھ ہر وقت خُدا کی خِدمت کے مُطابق ایک آمادہ روح ہے۔ ہمیشہ خُدا اور دوسروں کی خِدمت کے لئیے تیار رہنے کی خواہش ہے۔ خاکسار پِچھلی نشِست لینے کو بھی تیار ہوتا ہے، آخری کُرسی، آخری عہدہ۔ پسِ منظر ہونا، کِسی کے دھیان میں نہ ہونا۔

لوقا 14 باب 7 تا 12 آیات :
جب اُس نے دیکھا کے مہمان صدر جگہ کِس طرح پسند کرتے ہیں تو اُن سے ایک تَمثِیل کہی کہ۔
8 جب کوئی تُجھے شادِی میں بُلائے تو صدر جگہ پر نہ بَیٹھ کہ شاید اُس نے کِسی تُجھ سے بھی زِیادہ عِزّت دار کو بُلایا ہو۔
9 اور جِس نے تُجھے اور اُسے دونوں کو بُلایا ہے آ کر تُجھ سے کہے کہ اِس کو جگہ دے۔ پِھر تُجھے شرمِندہ ہوکر سب سے نِیچے بَیٹھنا پڑے۔
10 بلکہ جب تُو بُلایا جائے تو سب سے نِیچی جگہ جا بَیٹھ تاکہ جب تیرا بُلانے والا آئے تو تُجھ سے کہے اَے دوست آگے بڑھ کر بَیٹھ! تب اُن سب کی نظر میں جو تیرے ساتھ کھانا کھانے بَیٹھے ہیں تیری عِزّت ہوگی۔
11 کِیُونکہ جو کوئی اپنے آپ کو بڑا بنائے گا وہ چھوٹا کِیا جاَئے گا اور جو اپنے آپ کو چھوٹا بنائے گا وہ بڑا کِیا جائے گا۔
12 پِھر اُس نے اپنے بُلانے والے سے بھی یہ کہا کہ جب تُو دِن کا یا رات کا کھانا تیّار کرے تو اپنے دوستوں یا بھائِیوں یا رِشتہ داروں یا دَولتمند پڑوسِیوں کو نہ بُلا تا اَیسا نہ ہو کہ وہ بھی تُجھے بُلائیں اور تیرا بدلہ ہو جائے۔

متی 19 باب 30 آئت :
لیکِن بہُت سے اوّل آخِر ہوجائیں گے اور آخِر اوّل۔

یہ ہے وہ شخص جو بُلایا گیا کیونکہ وہ کمتر ہے۔ وہ درویشی مزاج رکھتے ہیں۔ وہ مرکزی حیثیت نہیں چاہتے۔ وہ چُھپے رہنا چاہتے ہیں۔ خُدا کے تابع خاموشی سے رہو۔ خُدا نے کہا یہ عاجزی ہے میری بیٹی، میری دُلہن یہی وہ تمام چیزیں ہیں۔ میری بیٹی اب تُم اپنی غلطیوں کو دیکھتی ہو۔ اِسے جاری نہ رکھو۔ خاکسار ہونا کیا ہے؟ پسِ پردہ کام کرنا مگر منظرِ عام پر آنے کی خواہش نہ رکھنا۔ یہاں ہر چیز میں خُدا کی تابعداری کرنا اور اِنکساری سے فکر نہ کرنا کہ دوسرے لوگ آپ کے بارے کیا سوچتے ہیں۔ یہ بِنا کِسی حصول کے دوسروں کے لئیے کرنا ہے۔ یہ خُدا سے حمائت کی خواہش کرنا ہے نہ کہ اِنسان سے۔ یہ خُدا کے لئیے ترقی کرنا ہے اور خُدا کو خوش کرنا ہے۔ یہ عمل پُر سکون اور سادہ ہے۔ یہ خُدا میں بڑھنے کے لئیے ہے۔ مسیح اِسی طرح کرتا تھا۔ عاجزی خُدا کی نظر میں سب سے زیادہ خوبصورت ہے ایک خاکسار اور خُدا ترس شخص خُدا کی آنکھوں میں چمکتا ہے۔ خاکساری خُدا کو خوش کرنے اور اُس کی راہ میں چلنے کو خواہش ہے۔ کمتر ہونا اور اپنے آپ کو اپنے اِرد گِرد کے لوگوں سے بہتر نہ سمجھنا۔ صِرف میں ہی مُنصف ہوں۔ اِس کا مطلب یہ نہیں کہ تُمہاری تذلیل ہو رہی ہے بلکہ اِس کا مطلب یہ ہے کہ تُم دوسروں کے جذبات کا احترام کرتے ہو۔ یہاں تک کہ وہ ٹھوکر کھا جائیں تو بھی وہ آپ کے دِل میں کمتر نہ ہوں۔ اُن کے لئیے اپنےدِل میں رحم رکھیں کیونکہ کوئی بھی مُقدس خُدا کے سامنے پاک صاف نہیں۔ جب کوئی شخص خاکسار بن جاتا ہے تو ایسا ہوتا ہے کہ وہ بہت اچھی گواہی کی تخلیق کرتا ہے۔ وہ میری بادشاہی میں میری آنکھوں میں چمکتے ہیں۔ وہ خُدا کی آواز کو سُنتے ہیں۔ جب میرے خاکسار بندے مُجھے پُکارتے ہیں تو میں اُن کی سُنتا ہوں۔ میں اپنے خاکسار بندوں کو بچانے کے لئیے پِھر کِسی بھی حد تک چلا جاتا ہوں۔ میں اپنے خاکسار بندوں کے لئیے آسمان اور زمیں ہِلا دوں گا۔ میری بیٹی کیا تُم سمجھتی ہو کہ میرے خاکسار بندے میرے لئیے وقف ہیں۔ وہ اِس بات سے باخبر ہیں کہ وہ میرے بغیر کُچھ نہیں کر سکتے۔ وہ ہمیشہ میرے ہی طالب ہوتے ہیں۔ ایک بچے کی طرح جیسے وہ اپنے ماں باپ کو تلاش کرتا ہے۔ یہ میرے خاکسار خادم ہیں۔ اُن کی اپنی کوئی مرضی نہیں۔ یہ اپنی روز مرّہ زِندگی کے لئیے مُجھ پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔ وہ پورے دِل سے مُجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اور میں اُن کو جواب دیتا ہوں۔ میں اپنا بہترین حصہ اُنھیں دیتا ہوں کیونکہ وہ اپنی طلب کے لئیے مُجھے ہی ڈُھونڈتے ہیں۔ وہ میری نظر میں فروتن اور پُر جلال ہیں۔ اُن کے اندر ایک نرم گو خوبصورتی ہے۔ وہ اپنی اِرد گِرد کی دُنیا جیسے نہیں ہیں۔ وہ اِس دُنیا کی بِھیڑ سے باہر ہیں۔ اُن کی خوبصورتی خُدا کی طرح اور آسمانی

ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آسمان اُن کے لئیے ایک محفوظ پناہ گاہ ہے۔ کیونکہ میں اُن کی تمام ضروریات کو پورا کرتا ہوں۔ شوخ، سخت اور نا مہذب ہونے کی ضرورت نہیں اور نہ متکبر ہونے کی کیونکہ اُن کی تمام ضروریات میرے وسیلہ سے پوری ہوتی ہیں۔ وہ قناعت پسند ہیں، خدمت کے لئیے تیار اور خِدمت میں خوش کیونکہ میں ہر وقت اِن کی تمام ضروریات پوری کرتا ہوں۔ میرے آسمانوں میں کوئی بھی توجہ کی طلب کی خاطر مقابلہ بازی نہیں کرتا۔ بچوں کا سا ایمان اہم ہے کیونکہ ایک بچہ خُود سے کُچھ حاصل نہیں کرتا۔ وہ صرف اپنے ماں باپ کے پیچھے چلتا ہے، وہ صرف اُن پر بھروسہ کرتا ہے، وہ اپنے والدین سے چِمٹا رہتا ہے۔ پُر اُمید توقعات کے ساتھ ہدایات، رہنمائی اور پیشوائی کے لئیے اِنتظار کرتا ہے۔ بچہ والدین کے کردار کو سمجھتا ہے کیونکہ یہ بہتر جانتا ہے کہ خود سے اپنی حفاظت نہیں کر سکتا بلکہ اپنی ضروریات کے پورے ہونے کا صِرف والدین پر ہی اعتماد کرتا ہے۔ جب بچہ اپنے ماں باپ کی نگاہوں سے دُور ہوتا ہے تو گھبراہٹ محسوس کرتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اُس کی ضروریات صِرف ماں باپ سے ہی پوری ہوں گی۔ پھر اُس کی محبت اور اعتماد بڑھ جاتا ہے۔ یہی رِشتہ ایک سچے خاکسار اور خُدا کے بیچ ہے۔ خاکسار شخص انکھ بند کر کے خُدا پر اعتماد، پیروی اور فرمانبرداری کرتا ہے کہ خُدا اِنھیں نجات دے۔ اِس کے علاوہ اِن کے لئیے کہیں اور جواب نہیں۔ خُدا صاحبِ اِختیار ہے اور وہی سچی محبت، قابلِ اعتماد اور پُر اُمید ہے۔ بچے اپنی ضروریات کے لئیے والدین کے طالب ہوتے ہیں۔ وہ اِن کے پیچھے چِلاتے ہیں کیونکہ اُن کے والدین ہی اُنھیں فراہم کر سکتے ہیں ایسے ہی خُدا بھی مسکین کو جو خاکساری، عاجزی اور فرمانبرداری سے خُدا کے حضور جُھکتے ہیں اُنھیں مُہیا کرتا ہے۔ اے میری بیٹی! کیا اب تُم کو احساس ہے؟ کیا ایک مغرور شخص اپنی راہیں تبدیل کر کے خاکسار بن سکتا ہے؟ اِس کا جواب میرے پاس ہے اور وہ جواب میں خود ہوں۔ اگر وہ میری اطائیت اور فرمانبرداری کرے۔ خُدا کے ساتھ سب کُچھ ممکن ہے۔ جی ہاں سب چیزیں مُجھ میں ممکن ہیں۔

اِمثال 15 باب 33 آئت :
خداوند کا خوف حکمت کی تربیت ہےاور سرفرازی سے پہلے فروتنی ہے۔

امثال 18 باب 12 آئت :
آدمی کے دِل میں تکبر ہلاکت کا پیشرو ہے اور فروتنی عزت کی پیشوا۔

امثال 29 باب 23 آئت :
آدمی کا غرور اُسکو پست کر یگا لیکن جو دِل سے فروتن ہے عزت حاصل کریگا۔

متی 23 باب 12 آئت :
اور جو کوئی اپنے آپ کو بڑا بنائے گا وہ چھوٹا کِیا جائے گا اور جو اپنے آپ کو چھوٹا بنائے گا وہ بڑا کِیا جائے گا۔

یعقوب 4 باب 6 آئت :
وہ تو زِیادہ تَوفِیق بخشتا ہے۔ اِسی لِئے یہ آیا ہے کہ خُدا مغرُوروں کا مُقابلہ کرتا ہے مگر فروتنوں کو تَوفِیق بخشتا ہے۔

امثال 8 باب 13 آئت :
خداوند کا خوف بدی سے عداوت ہے۔غرور اور گھمنڈاور بری راہ اور کجومنہ سے مجھے نفرت ہے۔

آؤ آغاز کریں۔ فروتنی محبت کے مُتعلق ہے۔ مُحبت فروتن دِل سے آتی ہے، مُحبت فخر اور غرور سے نہیں آتی۔ غرور پیار کو تباہ کر دیتا ہے۔ فخر کہتا ہے میں تُم سے بہتر ہوں۔ میں تُم سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ تُم میرے مقابلے میں بے کار ہو، تُم مُجھ سے کمتر ہو، میں خود کفیل ہوں اور مُجھے تُمہاری ضرورت نہیں۔ میرے بچو! یہ غرور کہلاتا ہے۔ فخر تمام اشکال میں بد صورت ہے۔ یہ خود تلاش کرنا، خود غرضانہ، خودغرضی اور اِس کی جڑیں بُرائی ہیں۔ یہ خُدا کی شان و شوکت کے خلاف اُٹھ کھڑی ہوتی ہے اور کہتی ہے کہ مُجھے خُدا کی ضرورت نہیں۔ میں اپنی ذات میں خُود خُدا ہوں۔ میرا اپنا ہی راج ہے کہ مُجھے خُدا کی ضرورت نہیں۔ یہ بدصورت اور مکروہ ہے۔ اِس میں کوئی ضرورت نہیں، اِس میں کوئی نجات نہیں۔ یہ دوسروں سے دُور رکھتی ہے۔ یہ دوسروں کو حقیر جاننے کا سبب بنتی ہے۔ ردّ کی ہوئی، نفرت ذدہ، ٹھکرائی ہوئی اور زخمی۔ فخر میں خُدا سے دوری کے سوا کُچھ بھی نہیں۔ اور یہ مسیح کی خصوصیات سے بالکل برعکس ہے۔ فخر میں مسیح جیسا کُچھ نہیں۔ فخر سے کُچھ حاصل نہیں سوائے بُرائی کے۔ میرے بچو! کیا تُم اِس بات کو سمجھ رہے ہو۔ تُم کِس طرح فخر کے ظہور سے نجات پا سکتے ہو۔ بیٹی تُمہیں فخر سے دُور بھاگنے کی ضرورت ہے۔

اِس سے دُور بھاگو۔ ہر وقت فروتنی کو طلب کرو۔ بیٹی! جب تُمہارے پاس میرا پیار ہے تو دوسروں کی شفقت اور توجہ حاصل کرنے کے لئیے خود کو تعمیر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میری محبت اور شفقت کی تلاش کر اور اِسی میں مُطمئین رہ اور اپنے اِرد گِرد کے لوگوں سے محبت تلاش کرنے کی تمام خواہشات میری محبت کی روشنی کھو دیں گی۔ تُمہارے ارد گرد کے لوگ تُمہاری گہری ضروریات کو مُطمئین نہیں کر سکتے۔ صِرف میں دِل کی آرزوؤں کو تسلی دے سکتا ہوں۔ خالی دِل کو مُطمئین کر سکتا ہوں۔ میرے پاس خالی دِل کی تمام تمناؤں کے جوابات ہیں۔ میں تمام خواہشات پوری کر سکتا ہوں۔ اِنسان اِس قابل نہیں اگر لگتا بھی ہو تو۔ دوسروں کی منضوری نظر سے صِرف مُختصر فرحت، ممنوعیت احسان مندی ملتی ہے۔ میں ہی چشمہ تکمیل ہوں جو مکمل بھرتا ہے۔ میں تمہاری پیار، محبت اور جذبات کی ضروریات کو پورا کرتا ہوں۔ فخر میں کوئی محبت اور تابعداری نہیں۔ یہ محبت سے باہر ہے اور ہر ایک کے لئیے تباہی لاتا ہے۔ فخر پہلی بُرائی ہے پھر بھی یہ آدمیوں کے دِل پر حکومت کرتا ہے۔ فخر خُدا کی تلاش کے برعکس اِنسان کی تلاش کے تمام طریقوں کا باعث بنتا ہے۔ پس میرے بچو میں یہ چاہتا ہوں کہ تُم عاجزی اور اِنکساری کے ساتھ اپنے اندر سے فخر کو نِکال کر میری حضوری میں جُھک جاؤ۔ اپنے آپ کو میری بانہوں میں چھوڑ دو۔ اپنے آپ کو میرے ہاتھوں میں دے دو اور پھر دیکھو کہ تُمہارا خُداوند تُمہاری زِندگی میں کیسے بڑے بڑے کام کرتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=xiWqCaJy0EI

## باب 2
## نہ اپنی ذات پر بھروسہ کرو نہ کِسی اور پر

میری بیٹی آؤ آج پھر سے شروع کریں۔ آج میں ایک خاص بات کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اپنی ذات پر بھروسہ کرنا، خُود کفیل ہونا، خُود مُختار اور خُود غرض ہونا ایک شیطانی عیب ہے۔ یہ اِس دُنیا نے بنایا اور میرے دُشمن نے اِسے پرورش دی۔ اپنے آپ کو خود مُختار بنانا اہم نہیں بلکہ خود پر اِنحصار کرنا اہم ہے۔ اپنی مرضی نہیں بلکہ میری مرضی کے مُطابق زِندگی گُزارنا۔ جیسا کہ یہ چالیس دِن کا روزہ میری مرضی ہے۔ جب لوگ اپنی خواہشوں کے پیچھے بھاگتے ہیں تو وہ میری مرضی نہیں جاننا چاہتے کیونکہ وہ میری مرضی کے خِلاف چلتے ہیں اور پھر گُناہ کرتے ہیں اور مُجھ سے بغاوت کرتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے بچے میری مرضی پر چلیں۔ کئی دفعہ میری مرضی اِس دُنیا کے مُطابق نہیں ہوتی کیونکہ یہ دُنیا پیسے، مال و دولت کے پیچھے بھاگتی ہے۔ یہ دُنیا جیسا سمجھتی ہے میری مرضی ویسی نہیں۔ میری مرضی درست ہے۔ میں نے اِنسان کو بنایا تاکہ وہ مُجھ پر بھروسہ کرے اور میری مرضی پر چلے۔ میری مرضی پر چلنے کے لئیے تُمہیں اپنے آپ کو میرے قریب لانا ہو گا اور ہر روز میرے حضور جُھکنا ہو گا۔ جو مُجھ سے پیار کرتے ہیں وہ ہر روز میرے سے دُعا کرتے ہیں اور میرے کلام کو پڑھتے ہیں اور میری آواز پر چلتے ہیں اور میں اِنھیں مِل جاتا ہوں۔ یہ تُم پر ہے کہ تُم کیا اِنتخاب کرتے ہو۔ تُمہیں اِنتخاب کرنا ہی ہے کیونکہ یہ دُنیا تُمہیں اُس سیدھے اور سُکڑے راستے سے دھکیل دے گی کیونکہ بہت سے اور راستے ہیں لیکن سب ہلاکت کی طرف جاتے ہیں۔ کیونکہ جو راستہ دوزخ کی طرف جاتا ہے وہ چوڑا ہے اور بہت سے اُس راستے کی طرف جاتے ہیں۔ کُچھ ہیں جو یہ تنگ راستہ جو میری طرف اور ہمیشہ کی زِندگی کی طرف جاتا ہے پر چلتے ہیں۔ بہت سے ہیں جو سوچتے ہیں کہ وہ تنگ راستے پر ہیں لیکن وہ غلط ہیں۔ وہ اپنے آپ کو دھوکا دے رہے ہیں کیونکہ وہ اُن لوگوں کی سُنتے ہیں جو خُود دھوکے میں رکھتے ہیں۔ بہت سے رہنما دھوکا کھا رہے ہیں اور دوسروں کو بھی دھوکا دے رہے ہیں کیونکہ وہ عبادت خانوں میں بہت سے اور کام کرنے میں مصروف ہیں اور وہ ابدی سلامتی کے عِوض فریب دے رہے ہیں. یہ صِرف میری قُربت اور مُجھے سچے دِل سے جاننے اور میرے ساتھ وقت گُزارنے سے مِلے گی۔ یہی ابدی سلامتی اور محافظت کی چابی ہے۔

زبور 91، آئت 1 :
جو حق تعالیٰ کے پردہ میں رہتا ہے۔ وہ قادرِ مُطلق کے سایہ میں سکونت کریگا۔

جِسم عبادت خانوں سے خوراک حاصل کرتا ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ تُمہارا جِسم اور روح قوت پائے۔ تُم میرے ساتھ بات کرو میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے ساتھ وقت گُزارو۔ تُم پوشیدگی میں میرے ساتھ دعا کرو تو میں تُمہارے ساتھ بات کروں گا۔ اِسی طرح تُمہارا اور میرا رِشتہ مضبوط ہو اور تُم. میری قُربت میں بڑھو۔ اگر تُم اکیلے ہو گے تو تُمہیں زیادہ محنت کرنی پڑے گی اور تُم ہار جاؤ گے۔ میں ہی ہوں جو سب کا مُنصف ہوں۔ تُم اِنصاف اور قیامت کے دِن میرے سامنے کھڑے ہو گے۔ تُم میرے نزدیک نہ آؤ گے تو نہ جانو گے کہ میں کیا چاہتا ہوں۔ اگر تُم مُجھ سے قُربت کے بغیر مِلو گے تو تُمہارے ہاتھ خالی ہوں گے اور تُم بس اپنے آپ پر اور اپنی سوچ پر بھروسہ رکھتے ہو گے اور پھر ضرور ہے کہ تُم گِر جاؤ گے اور پھر اِس نشان کو حاصل نہ کر پاؤ گے۔

رومیوں 14 باب 12 آئت :
پَس ہم میں سے ہر ایک خُدا کو اپنا حِساب دے گا۔

تُمہیں اِن پر بھروسہ نہیں کرنا جو دُنیا میں نظر آتا ہے بلکہ تُمہیں مُجھ پر بھروسہ کرنا ہے۔ پس میرے آگے جُھکو اور اپنے پورے دِل سے مُجھ سے مانگو۔ میں بس یہی چاہتا ہوں۔ تُم سچائی سے واقف ہو گے اور سچائی تُمہیں آزاد کرے گی۔ میرے رہنما اِس دُنیا کی رنگ و روشنی میں چلتے ہیں اور اِس طرح وہ میرے کلام کے مطلب کو بدل دیتے ہیں۔ دُنیا مُجھ سے دُشمنی رکھتی ہے۔ میرا کلام پڑھو یہ سچائی چُھپ نہیں سکتی۔ تُم دُنیا اور مُجھ دونوں سے مُحبت نہیں رکھ سکتے۔ میں یہ صاف بتانا چاہتا ہوں۔ تُم دُنیا میں موجود ہو لیکن تُمہیں میرے پیچھے چلنا ہے۔

یعقوب 4 باب 4 آئت :
اَے زِنا کرنے والیو ! کیا تُمہیں نہیں معلُوم کہ دُنیا سے دوستی رکھنا خُدا سے دُشمنی کرنا ہے؟ پَس جو کوئی دُنیا کا دوست بننا چاہتا ہے وہ اپنے آپ کو خُدا کا دُشمن بناتا ہے۔

خیالات کی کثرت تُمہیں میری قُربت سے دُور لے جائے گی۔ تُمہارے خیالات بس میرے ساتھ وقت گُزارنے کے لئیے ہوں۔ دُنیا کی طرف سے دھیان ہٹا کے میری طرف دھیان لگاؤ۔

عبرانیوں 10 باب 38 تا 39 آئت :
اور میرا راستباز بندہ اِیمان سے جِیتا رہے گا اور اگر وہ ہٹے گا تو میرا دِل اُس سے خُوش نہ ہوگا۔ 38
لیکِن ہم ہٹنے والے نہِیں کہ ہلاک ہوں بلکہ اِیمان رکھنے والے ہیں کہ جان بَچائیں۔ 39

جو دُنیا میں تلاش کرتے ہو وہ وقتی تسلی کے لئیے ہوتا ہے اور اُس کے بعد موت۔ تُمہیں اپنی منزل خُود ڈھونڈنی ہے۔ کیا تُمہیں لگتا ہے کہ تُم اپنے راستے خود بنا سکتے ہو؟ تُمہیں یقین ہونا چاہئیے کہ میں نے تُمہارے خیالات کو برکت دینی ہے اور میں برکت دے سکتا ہوں۔ تُمہیں میری قُربت میں آنا ہو گا جب تُم آؤ گے تو تُم بہت کُچھ سیکھو گے۔ تُم میرے دُشمن کے بہکاوے میں آ جاتے ہو اور وہ تُمہارے خیالات اور خواہشات کو اِستعمال کرتا ہے کہ مُجھ سے تُمہیں دُور لے جائے مگر میں اِن خیالات کو برکت نہیں دیتا۔ اور پھر میرے بچے بہت سے مسائل میں گِھر جاتے ہیں۔ سب سے بڑا دھوکا جو میرا دُشمن دیتا ہے وہ یہ ہے کہ سب ٹھیک ہو جائے گا حالانکہ ایسا نہیں ہوتا۔ تُم میری قُربت سے دُور ہو جاتے ہو اور یہ سب سے بڑا دھوکا ہے۔ سب بھلا لگتا ہے لیکن جب تُم میرا سامنا کرتے ہو تو میں کہتا ہوں کہ میں تُمہیں نہیں جانتا اور میری نظروں سے دُور ہو جاؤ۔

متی 7 باب 21 آئت :
جو مُجھ سے اَے خُداوند اَے خُداوند کہتے ہیں اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخِل نہ ہوگا مگر وُہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے۔

ہاں یہ میرے الفاظ ہیں۔ میں نے تُمہیں یہ اِس لئیے نہیں بتایا کہ تُم مُجھ سے دُور ہو جاتے اور اپنے ہی راستے پر چلتے ہو۔ تُم یہ اِس لئیے کرتے ہو کہ تُم اپنی مرضی پر چلنا چاہتے ہو اور پھر تُم گُناہ کرتے ہو کیونکہ میں نے تُمہیں آزاد مرضی دی ہے۔ تُم آزاد ہو۔ میں نے اپنے بچوں کو آزاد مرضی دی ہے تاکہ وہ مُجھے چُنیں اور میری قُربت میں آئیں لیکن تُم مُجھ سے دُور ہو جاتے ہو اور اپنے خیالات اور خواہشات کے پیچھے بھاگتے ہو اور میری بادشاہی کے مُخالف منصوبے بناتے ہو۔ یہ سب شیطان کی مرضی ہے، یہ سب تباہی کا سبب بنتا ہے کیونکہ تُم خُود غرض ہو جاتے ہو اور اپنے لئیے اور دوسروں کے لئیے مُشکلات پیدا کرتے ہو۔ اور دُشمن کے پھندے میں پھنس جاتے ہو۔ اپنے آپ کو زیادہ سمجھدار مت سمجھو۔ میں نے کہا جِس کا ایمان بچے کی مانند ہو گا وہ ہی میری بادشاہی میں داخِل ہو پائے گا کیونکہ یہ بچے اپنی ہر ضرورت کے لئیے مُجھے دیکھتے ہیں جیسا کہ ایک بچہ اپنی ضرورت کے لئیے اپنے والدین کو دیکھتا ہے۔ جیسا کہ بچہ جانتا ہے کہ مُشکل کے وقت اُس کے والدین اُس کی مدد کریں گے ویسے ہی میرے بچے جانتے ہیں کہ خُدا اُن کے لئیے موجود ہے۔ وہ میرے الفاظ پر یقین رکھتے ہیں اِس لئیے میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے الفاظ سُنو. میرا کلام پڑھنے کے لئیے وقت نکالو۔ یہاں تُمہیں سب کُچھ مِلے گا اور زِندگی گُزارنے کے لئیے سب جواب میری کتاب میں موجود ہیں۔ میں نے کلامِ مُقدس اِنسان کی رہنمائی کے لئیے بھیجا ہے۔ میرا روح تُم پر سب کھولے گا جب تُم روح سے اور پورے دِل سے اُسے پڑھو گے۔ یہ اِنسان کے سِکھانے سے نہیں بلکہ میرے روح سے سمجھ میں آئے گا۔ میرے اِلفاظ تُمہارے اندر میرے روح کو پیدا کریں گے اور پھر تُم میرے روح سے روشنی کو حاصل کرو گے۔
متی 18 باب 4 آئت :
پَس جو کوئی اپنے آپ کو اِس بچّے کی مانِند چھوٹا بنائے گا وُہی آسمان کی بادشاہی میں بڑا ہوگا۔

جو کُچھ ہم بولتے ہیں اور کلام میں نہیں لِکھا وہ اِنسانی عقل ہے۔ لیکن جِس کو روح سِکھاتا ہے وہ روح کے مطابق بات کرتا ہے لیکن عام شخص روح کی زبان نہیں سمجھ سکتا کیونکہ وہ اِن کے نزدیک بیوقوفی ہے۔ پوری دُنیا اِس وقت دھوکے میں ہے۔ بیوقوف مت بنو۔ یہ ابلیس کا منصوبہ ہے۔ تُم ہر بات پر یقین کر لیتے ہو لیکن اِن باتوں پر یقین نہیں کرتے جو میں تُمہیں بتاتا ہوں۔ میں ھی زِندگی دینے والا ہوں۔ تُم پیسے پر، تعلیم پر اور دُنیا کے تحفظ پر بھروسہ کرتے ہو۔ یہ سب جھوٹی مدد اور تحفظ ہے۔ یہ ایک بہت بڑا دھوکا ہے جو میرے بچوں کو مُجھ سے دور کر کے دُنیا پر بھروسہ کرنے کو کہتا ہے۔ میرے بچے بھی مُجھ پر مکمل بھروسہ نہیں کرتے اور دُنیا پر زیادہ بھروسہ کرتے ہیں کیونکہ ہر کوئی اپنی خواہشات پانے کی دُھن میں ہے۔ تُمہیں میرے پاس آنے کی ضرورت ہے اور اپنا سب کُچھ مُجھے دینے کی ضرورت ہے۔ تُم تب تک مُجھے جان نا پاؤ گے جب تک اِس دُنیا سے نہ مُڑو گے۔ دُنیا سے بھروسہ اُٹھا کے

میری طرف رجوع نہ لاؤ گے۔ جب تُم اِس دُنیا سے جُڑے رہو گے تو تُم نیم گرم رہو گے۔ تُمہارا رِشتہ میرے ساتھ مضبوط نہ ہو گا

مُکاشفہ 3 باب 16 آئت :
پَس چُونکہ تُو نہ تو گرم ہے نہ سرد بلکہ نِیم گرم ہے اِس لِئے مَیں تُجھے اپنے مُنہ سے نِکال پھینکنے کو ہُوں۔

میں اپنے بچوں سے کیا چاہتا ہوں؟ میں اُن کی زِندگی چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ مکمل طور پر جُھکے رہیں۔ ایک ہی وقت میں دُنیا کے ساتھ ناچنا اور میرے ساتھ ناچنا گُناہ ہے۔ میرا کلام پڑھو، مُجھے چُنو، بہت سے ہیں جو میرا کلام پڑھتے ہیں مگر اِسے اپنے مطلب کے لئیے اِستعمال کرتے ہیں۔ اِس طرح وہ دُنیا کا لطف بھی اُٹھاتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ وہ بادشاہی میں داخل ہو جائیں گے. یہ کِتنی چونکا دینے والی بات ہے کہ میری بادشاہی میں وہ ہی داخل ہوں گے جو سب کُچھ چھوڑ کر میرے پاس آئیں گے اور اپنا سب کُچھ قربان کریں گے اور جو مُجھے نہیں چُنیں گے اُن کی دولت اور مال سب یہیں رہ جائے گا۔ جب وہ اپنے مُستقبل کا سوچتے اور ارادے بناتے ہیں تو وہ مُجھ سے دُور ہو جاتے ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ مُستقبل کا بنانے والا میں ہوں۔ میں جِس سے چاہوں زِندگی لے سکتا ہوں۔ یہ سب گھمنڈ اور بیوقوفی ہے۔ یہ میرے دُشمن کا ارادہ ہے کہ میری بھیڑوں کو چُرا لے۔

ایوب 12 باب 10 آئت :
اُسی کے ہاتھ میں ہر جاندار کی جان اور کُل بنی آدم کا دم ہے۔

زبور 29 آئت 104 :
تُو اپنا چہرہ چھپا لیتا ہے اور یہ پریشان ہو جاتے ہیں تُو اُنکا دم روک لیتا ہے اور یہ مر جاتے ہیں اور پھر مٹّی میں مل جاتے ہیں۔

خُداند اِس کلام کے عوض آپ سب کو برکت اور نجات دے۔

https://www.youtube.com/watch?v=18sxQ4yiXps&t=1s

باب 3
خاکساری کی تربیت

میری بیٹی میں تیار ہوں تاکہ میں بول سکوں۔ جب میں بولوں تو غور سے سُنو۔ میں کُچھ خاص باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ میں بتانا چاہتا ہوں کہ کیسے تُم عاجز ہو سکتے ہو اور خاکساری اور عاجزی کے لئیے کونسا راستہ ہے۔ بہت خوشی کے ساتھ اپنے دِل کو عاجز بناؤ۔ جو بھی عاجزی سیکھنا چاہے وہ بڑی خاکساری کے ساتھ زِندگی گُزارے۔ نہ ہی مرتبہ اور رُتبہ کی فِکر کرے اور ہر طرح سے مُجھے تلاش کرے۔ ہمیشہ خُداوند کو ڈُھونڈے۔ اپنا مرکزی خیال صِرف خُدا کو رکھے۔ اپنا بھلا نہ چاہے، اپنی پہچان نہ چاہے بلکہ خُدا کے نام کو جلال دے۔ اُن کے دِل میں صرف میرا خیال ہو اور وہ مُجھ پر بھروسہ کریں۔ میں اُن کا خیال کروں گا۔ میں اُن کی خواہشات کو پورا کروں گا۔ میں اُن کی ضرورت کو پورا کروں گا۔ میں اُن کی چٹان ہوں گا۔ میں ہمیشہ اپنے عاجز خادموں کے ساتھ ہوں گا۔ میں ہر طوفان کو تھماؤں گا اور اُن کو امن اور اطمینان دوں گا۔ میں اُن کے ساتھ ہوں گا میں اپنے عاجز خادم کو پیار کروں گا۔ وہ میرے لئیے خوبصورت اور دِلکش خوشبو ہوں گے۔ میں اُن سے پیار کروں گا اور وہ مُجھ سے۔ وہ ستاروں کی مانند چمکیں گے۔ وہ دُنیا کو نہیں ڈھونڈیں گے۔ میں اُن کو اطمینان دوں گا۔ دُنیا اُن کو بھٹکا نہ سکے گی۔ وہ مُجھے ڈھونڈیں گے اور میں اُن کی ہر خواہش کو پورا کروں گا۔ وہ کبھی بھی پچھتائیں گے نہیں۔ بہت کم اِس راستہ پر چلیں گے۔ بہت کم اِسے ڈُھونڈ پائیں گے اور جو کوئی اِسے پا لے گا وہ میری بادشاہی میں داخل ہو گا۔

پطرس 5 باب 6 آئت 1 :
پَس خُدا کے قوی ہاتھ کے نِیچے فروتنی سے رہو تاکہ وہ تُمہیں وقت پر سربُلند کرے۔

میرے بندے ہمیشہ میری آواز کو سُنتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں جب میں اُنھیں بھیجتا ہوں تو وہ جاتے ہیں۔ وہ خوشی سے میری خِدمت کرتے ہیں۔ وہ اطمینان اور خوشی سے اپنے بادشاہ کی خِدمت کرتے ہیں اور میں اُنھیں اطمینان اور خوشی دیتا ہوں۔ میرا پیار اُن میں بہتا ہے اور اُن کو کمی نہ ہو گی۔ عاجزی اِسی میں ہے کہ تُم گھٹو اور خُدا تُم میں بڑھے۔ اپنے آپ کو پیچھے رکھو اور خُدا کو آگے کرو۔ عقل مندی اِسی میں ہے کہ اپنے آپ کو آخر میں رکھو تاکہ اول کہلاؤ۔ احمق اول کی تلاش میں رہتا ہے۔ میرے خادم جانتے ہیں کہ کیا مُجھے خوش کرتا ہے۔ میرے بچے جو مُجھے خوش کرتے ہیں اُن کا اِس دُنیا میں خزانہ نہیں بلکہ آسمان کی بادشاہی میں ہے۔ وہ حاکم ہوں گے اور اِنصاف کریں گے۔ وہ میری بادشاہی میں بُلند کئیے جائیں گے اور میں اُنھیں عزت دُوں گا۔ وہ میرے ساتھ تخت پر بیٹھیں گے۔ وہ جو اپنے آپ کو اِس دُنیا میں عاجز بناتے ہیں وہ میرے ساتھ اول درجہ حاصل کریں گے۔

مرقس 10 باب 31 آئت :
لیکِن بہُت سے اوّل آخِر ہوجائیں گے اورآخِر اوّل۔

میں عاجزوں کے ساتھ چلوں گا اور اُن کو مشہور کروں گا اور یہ میرا تحفہ اُن کی قربانی کے لئیے ہو گا، انکی عاجزی کے لئیے ہوگا۔ اُن کے پیار کی کیا ہی خُوشبو ہے۔ خاکساری ہی خُدا کی بادشاہی کا راستہ ہے۔ میری بادشاہی میں ہر کوئی عاجز ہو گا۔ گھمنڈی میری بادشاہی میں داخل نہ ہوں گے۔ میری بادشاہت میں اُن کی جگہ نہیں۔

یوحنا 2 باب 16 آئت 1 :
کِیُونکہ جو کُچھ دُنیا میں ہے یعنی جِسم کی خواہِش اور آنکھوں کی خواہِش اور زِندگی کی شیخی وہ باپ کی طرف سے نہِیں بلکہ دُنیا کی طرف سے ہے۔

یہ میری بادشاہت ہے جِس میں سب کُچھ عاجزی سے ہو گا۔ ہر کوئی اِطمینان سے بھرا ہو گا اور محبت اور خوبصورتی اِن میں سکونت کرے گی۔

خُداوند اِس کلام کے وسیلے سے آپ کو برکت دے۔

https://www.youtube.com/watch?v=6t-0pFJpviY&t=9s

# باب 4
## خُدا پر بھروسہ

میرے بچو! آج ہم ایک اور بات کو سیکھیں گے کہ کِس طرح ہم خُدا پر بھروسہ کریں۔ میرے بچے مُجھ پر بھروسہ نہیں رکھتے۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ بھروسہ رکھتے ہیں لیکن اِن کے دِل مُجھ سے دُور ہیں۔ اور صِرف اپنے آپ پر بھروسہ رکھتے ہیں لیکن یہ اچھا نہیں۔ وہ دُنیا پر اور اِس دُنیا کی چیزوں پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ وہ میرے بتائے گئے راستوں پر نہیں چلتے اور نہ مُجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اگر وہ میرے بتائے ہوئے راستوں پر چلتے تو مُجھ پر بھروسہ رکھتے۔ میری مرضی پر چلو۔ وہ دُوسری سِمتوں کی طرف جاتے ہیں۔ وہ دُنیا کی تلاش میں رہتے ہیں اور اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لئیے ہر مسلے کا حل پیسوں سے ڈُھونڈتے ہیں۔ وہ اپنے تحفظ، اپنے پیار اور لُطف کے لئیے دُنیا کے پیچھے بھاگتے ہیں۔ اور پِھر وہ جھوٹ بولتے ہیں کہ وہ مُجھ پر بھروسہ کرتے ہیں۔ وہ اپنے سوالوں کا جواب دُنیا میں ڈُھونڈتے ہیں۔ جُھوٹ سب جُھوٹ۔ نہ وہ خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں اور نہ ہی وہ اپنی زِندگی میرے آگے جُھکاتے ہیں اور دُنیا کے پیچھے بھاگتے ہیں۔ وہ جُھوٹ میں زِندگی گُزارتے ہیں اور اِس کی پرواہ نہیں کرتے۔ میں اپنے بچوں کو کثرت سے برکت دُوں گا اور میں نیکوں اور بدوں دونوں پر اپنے ابر کو برساؤں گا۔ لیکن میرے بچے میرے ساتھ مکمل طور پر نہیں چلتے اور نہ اِس دُنیا کی خواہشوں سے باہر نکلتے ہیں۔ یہ افسوسناک ہے۔ میں ایسے بچے چاہتا ہوں جو مکمل طور پر اپنی زِندگی مُجھے دیں۔ جو میرے حُکموں پر چلیں اور اپنے مُستقبل کی فِکروں کو ایک طرف رکھ کر مُجھ پر بھروسہ کریں اور میری مرضی پر چلیں اور نہ ہی وہ کل کی فِکر کریں اور نہ فِکر کر کے محنت کریں۔ کیا میں پرندوں کی فِکر نہیں کرتا تو کتنی اپنے بچوں کی کروں گا جو اپنا سب کُچھ مُجھے دے کر مُجھ پر بھروسہ کرتے ہیں۔

متی 5 باب 44 اور 45 آئت :
لیکِن مَیں تُم سے یہ کہتا ہُوں کہ اپنے دُشمنوں سے محبّت رکھّو اور اپنے ستانے والوں کے لِئے دُعا کرو۔
تاکہ تُم اپنے باپ کے جو آسمان پر ہے بَیٹے ٹھہرو کِیُونکہ وہ اپنے سُورج کو بدوں اور نیکوں دونوں پر چمکاتا ہے 45
اور راستبازوں اور ناراستوں دونوں پر مینہ برساتا ہے۔

زبور 5 آئت 4 :
صداقت کی قربانیاں گذرانو اور خُداوند پر تُوکل کرو۔

میں جو اِبتدا سے خُدا ہوں الفا اور اومیگا، اول اور آخر۔ تُم مُجھ پر بھروسہ کر سکتے ہو۔ کیوں اپنے ارادوں پر وقت گُزار کر فِکر کرتے ہو؟ کوئی نہیں جانتا کہ اگلے پہر کیا ہو جائے گا۔ تُمہارے ارادے پل میں ہی ختم ہو جائیں گے۔ تُم ایسے اِن پر بھروسہ کرتے ہو جیسے یہ تُمہیں بچا لیں گے اور وہ بہت پختہ ہیں۔ یہ بت پرستی ہے۔

متی 7 باب 26 آئت :
اور جو کوئی میری یہ باتیں سُنتا اور اُن پر عمل نہیں کرتا وہ اُس بیوقُوف آدمِی کی مانِند ٹھہریگا جِس نے اپنا گھر ریت پر بنایا۔

اپنے غیر مُستحکم ارادوں پر یقین نہ کرو۔ اپنی زِندگی مُجھے دو۔ صِرف میں ہی مُستقبل کو جانتا ہوں۔ تُمہارا مُستقبل میں ہی جانتا ہوں کہ تُم کل کیا کرو گے۔ تُمہارے اپنے ارادے اور خواب میری مرضی کے خلاف ہیں۔ صِرف میرے آگے جُھکنا ہی مکمل طور پر محفوظ ہے۔ جو بھی اپنے ارادے پر چلتا یے وہ محفوظ نہیں ہوتا۔ یہ نہائت سنجیدہ ہے میرے بچو۔ ہوش میں آؤ اور یہاں وہاں اعتماد کرنا چھوڑ دو۔ صِرف میں ہی اِس تنگ راستہ کا دروازہ ہوں۔ تُم مُجھ سے جُدا ہو کر اِس راستہ میں نہیں پہنچ سکتے۔ یہ بیوقوفی ہے۔ بہت کم ہیں جو اِس راہ کو ڈُھونڈتے ہیں کیونکہ اُنھوں نے اپنے راستے ترک کر دئیے۔ اُن پر بھروسہ نہ کرو جو تُمہارے ارد گرد ہے۔ کیا تُمہیں سمجھ نہیں آتی؟ کیا تُم نہیں دیکھتے؟

متی 7 باب 13 اور 14 آیات :
تنگ دروازہ سے داخِل ہو کِیُونکہ وہ دروازہ چوڑا ہے اور وہ راستہ کُشادہ ہے جو ہلاکت کو پُہنچاتا ہے اور اُس سے 13
داخِل ہونے والے بہُت ہیں۔
کِیُونکہ وہ دروازہ تنگ ہے اور وہ راستہ سُکڑا ہے جو زِندگی کو پُہنچاتا ہے اور اُس کے پانے والے تھوڑے ہیں۔ 14

مُجھ پر بھروسہ کرو۔ میں بھروسے کے لائق ہوں۔ میرا کلام جُھوٹا نہیں۔ میرا کلام پڑھو۔ میں اُن کو نجات دیتا ہوں جو نجات پانا چاہتے ہیں۔ میں ہی خُدا ہوں جو اُنکو نجات دیتا ہوں جو بھی عاجزی سے میرے حضور جُھکتا ہے۔ تو آؤ اور نجات پاؤ اور مُجھ پر بھروسہ رکھو۔

https://www.youtube.com/watch?v=eZFCawRm-uU&t=13s

باب 5
معافی

میں معافی کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں۔ میرے بچو میں تُمہیں بتانا چاہتا ہوں کہ معافی کِس قدر ضروری ہے۔ میرے بچے جو ایک دُوسرے کو معاف نہیں کرتے اور جِن کے دِل نفرت سے بھرے ہیں۔ میں اُن کو معاف نہیں کرتا جو ایک دُوسرے کو معاف نہیں کرتے۔ یہ صاف اور واضع ہے۔ میں کِس طرح تُم کو معاف کروں؟ جب کہ تُم جو تُمہارے ارد گِرد ہیں اُن کو معاف نہیں کرتے۔ کیا میرا کلام بھی یہ نہیں بتاتا۔ معافی ہی محبت ہے۔ معاف نہ کرنا بہت سے اور گُناہوں گا سبب بنتا ہے۔ یہ نفرت، تشدد، بدلے، عدم اِنصاف اور تباہ کرنے کا سبب بنتا ہے۔ اور یہ تُمہیں میری قُربت میں آنے سے روکتا ہے۔ اور میری روح کو آنے سے روکتا ہے۔ یہ بہت سنجیدہ بات ہے۔

متی 6 باب 14 آئت :
اِس لِئے کہ اگر تُم آدمِیوں کے قُصُور مُعاف کرو گے تو تُمہارا آسمانی باپ بھی تُم کو مُعاف کرے گا۔

اگر تُم معاف نہ کرو گے تو تُم میری آمد کے لئیے تیار نہ ہو گے اور تُم پیچھے رہ جاؤ گے اور یہ ہمیں جُدا کر دے گا۔ معاف کرو ایک دوسرے کو معاف کرو۔ غُصے کو ختم کرو جو کِسی کے لئیے تُمہارے دِل میں ہے۔ تُمہیں کیا مِلتا ہے جب تُم کِسی کے لئیے دِل میں غُصہ رکھتے ہو۔ تُم اُس سے زیادہ تکلیف اُٹھاتے ہو جِس سے تُم ناراض ہو۔ کیا تُم نہیں دیکھتے اِس میں تُمہاری نجات نہیں کہ تُم ناراض رہو۔

مرقس 11 باب 25 آئت :
اُس وقت یِسُوع نے کہا اَے باپ آسمان اور زمِین کے خُداوند میں تیری حمد کرتا ہُوں کہ تُو نے یہ باتیں داناؤں اور عقلمندوں سے چھِپائیں اور بچّوں پر ظاہِر کیں۔

اور جب تُم کھڑے ہو کر دُعا کرتے ہو اور اگر تُمہیں کِسی سے کوئی شکائت ہو تو اُسے معاف کرو تاکہ تُمہارا باپ جو آسمان پر ہے تُمہارے گُناہ معاف کرے۔ تُمہیں اپنے دِل سے یہ سوال کرنا ہے کہ کیا تُمہاری روح کھو رہی ہے؟ معاف کرو اور آگے بڑھو۔ ایسے جیسے تُم نے اپنے اوپر کوئی بوجھ اُٹھا رکھا ہے۔ اور اگر کوئی تُمہیں معاف نہیں کرتا تو اُن کے لئیے دُعا کرو۔ ہاں اپنے دُشمنوں کے لئیے دُعا کرو۔ اپنے پورے دِل سے اِن کے لئیے دُعا کرو تو پھر میں تُمہارے دِل کو اِن کے لئیے نرم کروں گا اور اِنھیں نرم دِل عطا کروں گا۔ کیسے تُم کِسی سے اچھے کی توقع کر سکتے ہو اگر تُم خُود ایسا نہیں کرتے۔ تُمہیں صبر اور رحم دِلی سے کام لینا ہے۔ یہ اُن کے لئیے تو ممکن نہیں جو مُجھے نہیں جانتے لیکن تُم تو مُجھے جانتے ہو۔

متی 5 باب 44 اور 45 آئت :
لیکِن مَیں تُم سے یہ کہتا ہُوں کہ اپنے دُشمنوں سے محبّت رکھّو اور اپنے ستانے والوں کے لِئے دُعا کرو۔ 44
تاکہ تُم اپنے باپ کے جو آسمان پر ہے بَیٹے ٹھہرو کِیُونکہ وہ اپنے سُورج کو بدوں اور نیکوں دونوں پر چمکاتا ہے 45
اور راستبازوں اور ناراستوں دونوں پر مینہ برساتا ہے۔

دُنیا یہ سمجھتی ہے کہ وہ مُجھ سے تُمہیں چھین لے گی۔ یہ بیوقوفی ہے۔ میں ہی ہوں جو سب کُچھ ممکن کرتا ہوں۔ میں ہی زِندگی گُزارنے کا راستہ ہوں۔ سب بہت غلط ہے کُچھ بھی سچائی نہیں۔ یہ سب کُچھ مُجھ سے دُور جانے کے لئیے ہے۔ یہ دُنیا میرے ساتھ چلنے سے گُریز کرتی ہے اور غلط اور جُھوٹی سِمت اور دھوکے میں زِندگی گُزارتی ہے۔ صِرف میری دُلہن اِس دُنیا میں میری مرضی پر چلتی ہے اور سیدھے راہ پر ہے۔ صِرف میری دُلہن سچی ہے باقی سب کچے اور غلط راہ پر ہیں۔ جلد ہی میں اپنی دُلہن کو لے جاؤں گا اور اِس دُنیا کی روشنی ختم ہو جائے گی اور تاریکی ہی تاریکی ہو گی۔ بہت جلد یہ دِن آنے والا ہے۔ میرے پاس واپس لوٹنے کا راستہ صِرف معافی ہے۔ ناراضگی تُمہاری روح کو ختم کر دے گی۔ بہت سے ایک دوسرے پر الزام لگاتے ہیں۔ اِن میں بہت کم صبر ہے۔ یہ ہنگامہ آرائی کی قیادت کرتے ہیں۔ یہ عدم اعتماد ہے جو مُجھے رنج پہنچاتا ہے۔ میرے بچے خُود غرض ہیں۔ یہ ہر جگہ اول ہونا چاہتے ہیں اور دوسروں کی ضرورتوں کا خیال نہیں رکھتے۔ اور یہ سب ہی غُصہ اور اِختلاف کو برپا کرتا ہے۔ میرے بچو میں اِس سب سے دُکھی ہوں

اِمثال 15 باب 33 آئت :
خداوند کا خوف حکمت کی تربیت ہےاور سرفرازی سے پہلے فروتنی ہے۔

ایک عاجِز دِل ہی تُمہیں ایک دوسرے کے لئیے اچھا بناتا ہے۔ تُمہیں اپنی خواہشات کو پیچھے کرنا اور دوسروں کو اطمینان دینا ہے اور یہی تُمہیں عاجز بنائے گا۔ اور یہ تُم میں اور اطمینان کو لائے گا اور تُمہارے ماحول کو بدلے گا۔ بہت کم ایسے زِندگی گُزارتے ہیں۔ بہت کم اِس سچائی کو پاتے ہیں لیکن یہی امن کی راہ ہے۔ میرا ارادہ ہے کہ میں تُمہارے گھروں میں اطمینان اور خوشیوں کو بھیجوں گا۔ اپنے دِل میرے آگے پیش کرو اور میں مینہ کو برسا کے تُم کو پاک کروں گا اور تُمہارا گھرانہ نجات پائے گا۔

زبور 11 آئت 37 :
لیکن حلیم ملک کے وارث ہونگے اور سلامتی کی فراوانی سے شادمان رہینگے۔

خُدا کا یہ کلام آپ کی زِندگی میں نجات اور برکت کو بھیجے۔

https://www.youtube.com/watch?v=eZFCawRm-uU&t=13s

باب 6
دُنیا میں رہو لیکن اِس دُنیا کے مت بنو

آج میں دُنیا میں رہنے کے بارے میں بات کروں گا۔ میرے بچے اِس دُنیا میں رہتے ہیں لیکن اِس دُنیا کے بننے کی ضرورت نہیں۔ یہ دُنیا میری دُشمن ہے اور مُجھے اِس سے حد سے زیادہ کراہت ہے۔ بچو! تُمہیں اِن کے ساتھ نہیں رہنا اور نہ اِن سے مِلنا ہے بلکہ تُم کو اِن سے اپنی راہوں کو باز رکھنا ہے۔ یہ دُنیا تُمہیں گِرانا چاہتی ہے۔

یعقوب 4 باب 4 آئت :
اَے زِنا کرنے والیو! کیا تُمہیں نہیں معلُوم کہ دُنیا سے دوستی رکھنا خُدا سے دُشمنی کرنا ہے؟ پَس جو کوئی دُنیا کا دوست بننا چاہتا ہے وہ اپنے آپ کو خُدا کا دُشمن بناتا ہے۔

میں ہی اِطمینان اور تسلی حاصل کرنے کے لئیے تُمہارا وسیلہ ہوں۔ اِس دُنیا کی طرف مت جاؤ۔ تُم گُمراہ ہو جاؤ گے۔ تُمہیں میری طرف مُڑنا ہے سہی سِمت میں جانے کے لئیے۔ اس اہم وقت میں مُجھ سے لِپٹ جاؤ۔ میں تُمہارے سوالوں کے جواب دوں گا۔ میں تُمہارے دُکھ کو کم کرنا چاہتا ہوں۔ تُمہیں اپنی زِندگی مکمل طور پر میرے سپرد کرنی ہے پھر میں تمہارے تمام دُکھ دُور کر دوں گا اور تُمہیں آزاد کروں گا۔ تُمہیں اِس دُنیا میں احتیاط سے چلنا ہے تاکہ یہ دُنیا تُمہیں ورغلا نہ سکے۔ تُمہیں میری راہ پر چلنا ہے۔ میں تُمہیں ہر طرح سے سِکھاؤں گا اور سہی راہ پر لے کے جاؤں گا۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم مُجھ پر دھیان لگاؤ۔ اپنی نگاہیں مُجھ پر لگاؤ۔ میں ہی تُمہارا نجات دہندہ ہوں۔ میں ہی دروازہ ہوں۔ باقی سب دروازے تُمہیں تباہی کی طرف لے کر جائیں گے۔ دھوکا کھا کے اپنی نگاہیں مُجھ سے دُور نہ کرو۔ میں وہ اُمید دیتا ہوں جو دُنیا نہیں دیتی۔ یہ وقتی طور پر اُمید دلاتے ہیں لیکن آخر میں دھوکا ہوتا ہے۔

زبور 15 آئت 25 :
میری آنکھیں ہمیشہ خُداوند کی طرف لگی رہتی ہیں کیونکہ وہی میرا پاؤں دام سے چھڑُائیگا۔

اب کُچھ ہی وقت باقی ہے۔ دُنیا آخری وقت میں ہے۔ دُنیا تُمہیں مکمل یقین دِلائے گی لیکن ایسا نہیں ہے۔ وہ تباہی کی طرف جاتی ہے۔ جلد ہی یہ جانیں گے کہ دیر ہو گئی ہے۔ اپنی آنکھیں کھولو۔ دُنیا جُھوٹی تسلی دیتی ہے۔ میں تُمہیں بتاتا ہوں کہ اپنی زِندگی مُجھے دو۔ میرے آگے جُھکو۔ میں روح القدس کی مدد سے تُمہاری آنکھیں کھولوں گا اور تُم بحال کئیے جاؤ گے اور تُم سچائی سے واقف ہو گے۔ میرا روح ہی تُمہاری آنکھیں کھول سکتا ہے اور تُم اِس دُنیا کے دھوکے کو دیکھ سکو گے۔ میں تُمہیں روحانی آنکھیں دینا چاہتا ہوں۔ اگر تُم مانگو گے تو تُم کو مِلے گا۔ توبہ کرو تاکہ اپنا دِل اور روح اِس دُنیا سے محفوظ رکھ سکو۔

مُکاشفہ 3 باب 18 آئت :
اِس لِئے مَیں تُجھے صلاح دیتا ہُوں کہ مُجھ سے آگ میں تپایا ہُؤا سونا خرِید لے تاکہ دَولتمند ہو جائے اور سفید پوشاک لے تاکہ تُو اُسے پہن کر ننگے پن کے ظاہِر ہونے کی شرمِندگی نہ اُٹھائے اور آنکھوں میں لگانے کے لِئے سُرمہ لے تاکہ تُو بِینا ہو جائے۔

https://www.youtube.com/watch?v=5UawAcmV8Hw&t=96s

باب 7

## برّے کی شادی کی ضیافت کا جشن

یہ کلام اُن کے لئیے ہے جو اِسے قبول کرتے ہیں۔ میں آج تُم سے آنے والے جشن کے بارے میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ جِس میں مِیں اپنی دُلہن کو اُٹھا لوں گا یعنی اپنی کلیسیا کو۔ اور یہ وقت جلد ہی آنے والا ہے اور میرے بچے ابھی تک تیار نہیں۔ وہ مُجھ سے جھگڑتے ہیں اور اِس دُنیا سے لِپٹتے ہیں۔ وہ میرے مُطابق چلنا نہیں چاہتے۔ وہ ان باتوں پر غور نہیں کرتے جو میں اُن کو بتانا چاہتا ہوں۔ بہت جلد یہ دروازہ بھی بند ہو جائے گا۔ میں آؤں گا اور اپنی کلیسیا کو لے کر چلا جاؤں گا۔

دانی ایل 12 باب 4 آئت :
لیکن تو اے دانی ایل ان باتوں کو بند کر رکھ اور کِتا پر آخری زمانہ تک مُہر لگا دے ۔ بُہیترے اس کی تفتیش و تحقیق کریں گے اور دانش افزوں ہو گی۔

میری دُلہن جو اُٹھا لی جائے گی بہت سے اِسے نہیں جانتے۔ وہ چُھپی ہوئی ہے۔ میں نے اُسے محفوظ رکھا ہے۔ کوئی بھی اُسے نہیں جانتا۔ میرا نور اُس میں چمکتا ہے۔آخری نور جو اِس دُنیا میں رہ گیا ہے۔ وقت جلد آنے والا ہے جب یہ نور اِس دُنیا سے اُٹھا لیا جائے گا اور بھیجے ہوئے اِس دُنیا سے چلے جائیں گے اور یہ جشن ایک لمبا جشن ہو گا۔ جب میرے بچے جو تیار ہوں گے اُٹھا لئیے جائیں گے۔ ایسا جشن اِس دُنیا میں کبھی نہیں ہوا۔ ایسا نہ کبھی پہلے ہوا اور نہ کبھی ہو گا۔ اور یہ سب سے بڑا خروج ہو گا۔ میرے بچے اِس دُنیا سے خارج کئیے جائیں گے۔ میرے بچے یہاں سے رُخصت ہوں گے اور نیا بدن حاصل کریں گے۔ یہ بدن نور اور روشنی سے بنا ہوا ہو گا اور ہمیشہ رہنے والا ہو گا۔ میں اُن میں سے پہلا پھل ہوں گا وہ ایسی زِندگی گُزاریں گے جیسے پہلے کبھی نہ دیکھی ہوگی۔ فضل اور نور سے بھری ہوئی زنگی، ہمیشہ کی زِندگی۔

کرنتھیوں 15 باب 51 تا 54 آیات 1 :
دیکھو مَیں تُم سے بھید کی بات کہتا ہُوں۔ ہم سب تو نہیں سوئیں گے مگر سب بدل جائیں گے۔ 51
اور یہ ایک دم میں۔ ایک پل میں پِچھلا نرسِنگا پھُونکتے ہی ہوگا کِیُونکہ نرسِنگا پھُونکا جائے گا اور مُردے غَیرفانی 52
حالت میں اُٹھیں گے اور ہم بدل جائیں گے۔
کِیُونکہ ضرُور ہے کہ یہ فانی جِسم بقا کا جامہ پہنے اور یہ مرنے والا جِسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہنے۔ 53
اور جب یہ فانی جِسم بقا کا جامہ پہن چُکے گا اور یہ مرنے والا جِسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہن چُکے گا تو وہ قَول 54
پُورا ہوگا جو لِکھا ہے کہ مَوت فتح کا لُقمہ ہو گئی۔

جشن کے دِن بہت کُچھ ہو گا۔ ایک نظر میں تُمہیں دِکھانا چاہتا ہوں۔ جب میرے بچے میرے پاس پہنچ جائیں گے تو وہ اپنے پیاروں سے مِلیں گے جو آسمان پر پہلے سے موجود ہیں۔ یہ وقت سب سے خوبصورت ہوگا۔ کیا ہی وہ وقت ہوگا کہ جِس سے آپ جُدا ہو چُکے تھے وہ آپ سے مِلے گا۔ اور پِھر میرے بچے میرے ساتھ برّا کی شادی کی ضیافت میں شامِل ہوں گے۔ یہ تقریب میں اُن کے لئیے تیار کروں گا۔ میں اُن کے لئیے ضیافت تیار کروں گا۔ ایک میز جو کہ بھرپور نعمتوں سے بھری ہو گی۔ ہر چیز مُہیا کروں گا۔ اِس تقریب کی تفصیلات حیران کُن ہوں گی جب میرے بچے اِس جشن کے میز پر بیٹھیں گے تو اُن کے نام سونے کی تختیوں پہ لِکھے اِن کے سامنے پڑے ہوں گے اور ہر پلیٹ ہیرے اور جواہرات سے جڑی ہوئی اِن کے سامنے رکھی ہوگی۔ سونے کی کڑی ہوئی پلیٹیں اور میز کا کپڑا خالص ریشم کے دھاگوں سے بُنا ہوا ہو گا۔ اور ہر چیز روشنی سے بھری ہو گی اور پیالوں میں بھی سونے اور جواہرات جڑے ہوں گے۔ ہر پلیٹ کے ساتھ بچوں کے لئیے تحائف پڑے ہوں گے۔ یہ تحائف بچوں کے ساتھ میرے رِشتے کو ثابت کریں گے۔ ہر ایک کے لئیے الگ تحفہ ہوگا۔ یہ سب چیزیں حیرت انگیز ہوں گی۔ میری شادی کہ ضیافت ایسی ہی ہو گی۔

متی 22 باب 2 آئت :
آسمان کی بادشاہی اُس بادشاہ کی مانِند ہے جِس نے اپنے بَیٹے کی شادِی کی۔

زمین کا کھانا تو تُم جانتے ہو لیکن آسمانی کھانا تُم نے پہلے کبھی نہ دیکھا ہوگا۔ اور اِس میز کی خوبصورتی بیان نہیں کی جا سکتی۔ میرا میز روشنی سے بھرپور ہو گا۔ خوبصورت موم بتیاں اور شماعیں ہوں گی۔ میرے بچے روشنی کا لباس پہنے ہوئے ہوں گے۔ ایسی روشنی جِس کا سایہ نہ ہو گا۔

: یعقوب 1 باب 17 آئت
ہر اچھّی بخشِش اور ہر کامِل اِنعام اُوپر سے ہے اور نوروں کے باپ کی طرف سے مِلتا ہے جِس میں نہ کوئی تبدیلی ہوسکتی ہے اور نہ گردِش کے سبب سے اُس پر سایہ پڑتا ہے۔

میں اپنی دُلہن کو روٹی دوں گا اور میں اُس کے لئیے گاؤں گا۔ وہ میرے لئیے بہت خوبصورت ہو گی۔ ہر طرف شادی کا ماحول ہو گا اور خوبصورت موسیقی ہر طرف ہو گی۔ میں اپنی دُلہن کے ساتھ ناچوں گا اور ہم ایک ہو جائیں گے۔ میرے بچے ناچیں گے اور جشن منائیں گے۔ سب کے دِل خوش ہوں گے اور کوئی بھی دُکھی نہ ہو گا اور یہ خاص وقت ہو گا فضل اور محبت سے بھرپور۔ کبوتروں سے بھرا ہوا آسمان ہو گا اور ہوا کبوتروں سے بھری ہو گی۔ وہ خوبصورتی سے فِضا میں اُڑیں گے اور میری دُلہن کو پیغام دیں گے۔ میری دُلہن میرا احترام کرے گی۔ میں اپنی دُلہن کو انگوٹھی تحفے میں دوں گا اور دُلہن کا نام اُس پر لِکھا ہو گا۔ ہر طرف مُختلف رنگوں گے پھول ہوں گے۔ نئے اور پُرانے رنگوں کے پھول۔ ہر طرف سُہانی خُوشبو ہو گی۔ میرے بچے اِس میں مگن ہو جائیں گے۔

: لوقا 15 باب 22 آئت
باپ نے اپنے نَوکروں سے کہا اچھّے سے اچھّا لِباس جلد نِکال کر اُسے پہناؤ اور اُس کے ہاتھ میں انگوٹھی اور پاؤں میں جُوتی پہناؤ۔

: ایوب 38 باب 6 تا 7 آیات
6 کس چیز پر اُسکی بنیاد ڈالی گئی ؟یا کس نے اُسکے کونے کا پتھر بٹھایا
7 جب صبح کے ستارے ملکر گاتے تھے اور خدا کے سب بیٹے خوشی سے للکارتے تھے ؟

ہر کوئی بادشاہ کی ستائش کرے گا کیونکہ اُس کی دُلہن آئی ہے۔ اُس نے اپنے آپ کو دُلہا کے لئیے تیار کِیا ہے۔ آؤ خوشی منائیں۔

: مُکاشفہ 19 باب 7 آئت
آؤ۔ ہم خُوشی کریں اور نِہایت شادمان ہوں اور اُس کی تمجِید کریں اِس لِئے کہ برّہ کی شادِی آ پہُنچی اور اُس کی بِیوی نے اپنے آپ کو تیّار کر لِیا۔

برُے کی تعریف ہو جِس نے اِس دُنیا کے گُناہ اپنے اوپر اُٹھا لئیے۔ اُس کا نام بُلند ہو۔ اُس کے پاک نام کی تمجید ہو۔

: یوحنا 1 باب 29 آیت
دُوسرے دِن اُس نے یِسُوع کو اپنی طرف آتے دیکھ کر کہا دیکھو یہ خُدا کا برّہ ہے جو دُنیا کا گُناہ اُٹھا لے جاتا ہے۔

میرے بچوں کو اِن کے گھر دِکھائے جائیں گے اور وہ بہت خوبصورت ہوں گے۔ جِن کے بارے میں کانوں نے سُنا نہ آنکھوں نے دیکھا جو میری دُلہن کے لئیے ہو گا جو مُجھے پیار کرتی ہے۔

: کرنتھیوں 2 اب 9 آئت 1
بلکہ جَیسا لِکھا ہے وَیسا ہی ہُؤا کہ جو چِیزیں نہ آنکھوں نے دیکھیں نہ کانوں نے سُنِیں نہ آدمِی کے دِل میں آئیں۔ وہ سب خُدا نے اپنے محبّت رکھنے والوں کے لِئے تیّار کر دِیں۔

میری بیٹی یہ گھر اِس دُنیا کے گھروں سے زیادہ خوبصورت ہوں گے۔ میری دُلہن کے پاس وہ ہو گا جو کِسی کے پاس نہیں۔ ہر بچے کی خواہش کے مطابق اُس کا گھر ہو گا اور ہر گھر ایک دوسرے سے الگ ہو گا۔

یوحنا 14 باب 2 اور 3 آیات :
2 میرے باپ کے گھر میں بہُت سے مکان ہے اگر نہ ہوتے تو مَیں تُم سے کہہ دیتا کِیُونکہ مَیں جاتا ہُوں تاکہ تُمہارے لئِے جگہ تیّارکرُوں۔
3 اور اگر مَیں جا کر تُمہارے لئِے جگہ تیّار کرُوں تو پِھر آ کر تُمہیں اپنے ساتھ لے لُوں گا تاکہ جہاں مَیں ہُوں تُم بھی ہو۔

میرے بچے اپنے گھر دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔ اِن کی زیبائش دیکھنے کے لائق ہو گی۔ سارا سامان خوبصورت اور الگ ہو گا۔ سب کُچھ بہت الگ ہو گا۔ بہت سے حیرت انگیز تحائف ہوں گے ۔ بہت سے باغات ہوں گے جو خوبصورت درختوں اور پھلوں اور پھولوں سے بھرے ہوں گے۔ ہر گھر خوشی اور محبت سے بھرپور ہو گا۔ تنہائی کبھی بھی آسمان پر بُری نہ لگے گی بلکہ میں ہر وقت اپنے بچوں کے ساتھ ہوں گا۔

زبور 8 آئت 36 :
وہ تیرے گھر کی نعمتوں سے خوب آسودہ ہونگے۔ تُو اُن کی اپنی خوشنودی کے دریا میں سے پلائیگا۔

میرے بچو تُمہارا اپنا گھر ہوگا۔ تُم. نہیں جانتے کہ میں تُمہارا انتظار کر رہا ہوں۔ دُنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں جو آسمان سے مشابہہ ہو گی۔ صرف ذاتی طور پر اِس کے گواہ تُم ہو سکتے ہو۔ میرے بچو آؤ مِل کر آسمان کا لُطف اُٹھائیں جو کبھی ختم نہ ہو گا

زبور 11 آئت 16 :
تُو مجھے زندگی کی راہ دِکھائیگا ۔ تیرے حضُور میں کامل شادمانی ہے۔ تیرے دہنے ہاتھ میں دائمی خُوشی ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=wRjarHTWt7w

باب 8
جشن کی تیاری

آؤ شروع کریں۔ اے میری بیٹی جشن کے دِن کے لئیے بہت سی تیاری کرنی ہے۔ میرے بچوں کو میرے ساتھ وقت گُزارنے کی ضرورت ہے۔ خاموشی اور علحدگی میں میرے ساتھ وقت گُزارو۔ مُجھے اُن کی توجہ اور رفاقت کی ضرورت ہے۔ اپنے دِل کے خیال اُن کے ساتھ بانٹنا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ پورے دِل سے میرے آگے جُھکیں۔

زبور 1 آئت 91 :
جو حق تعالیٰ کے پردہ میں رہتا ہے۔ وہ قادرِ مُطلق کے سایہ میں سکونت کریگا۔

میرے بچے اِس دُنیا میں مگن ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ دُنیا اُن کو سب دے گی۔ یہ دُنیا خالی اور سخت دِل ہے۔ ہر کوئی اپنی سوچتا ہے دوسرے کی فِکر کِسی کو نہیں۔ ہر کوئی دوسرے سے چھیننے کے چکر میں ہے۔ یہ دُنیا نااُمیدی سے بھری ہے اور میرے بچے ابھی بھی نہیں سمجھتے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ایک بہتر مُستقبل اُن کو مِل جائے گا۔ میرے بچوں کو اِن احمقانہ باتوں سے نِکل کر زِندہ خُدا کے پاس آنا ہے۔ اپنے نجات دہندہ اور پیدا کرنے والے کے پاس جِس کے پاس اِس زِندگی کی بھرپوری ہے۔ میں ہی تمام زِندوں کا خُدا ہوں اور زِندگی کی کُنجیاں میرے پاس ہیں۔ اِس اے پہلے کہ میں آؤں تُم میرے سامنے جُھکو کیونکہ میں اِنصاف کرنے آ رہا ہوں۔

ایوب 12 باب 10 آئت :
اُسی کے ہاتھ میں ہر جاندار کی جان اور کُل بنی آدم کا دم ہے۔

یہ سب بہت جلد ہونے کو ہے۔ میری دُلہن کو اپنا آپ مُجھے دینا ہے تا کہ میرے بچے محفوظ ہو جائیں۔ اِس کے علاوہ اور کوئی حل نہیں اور نہ ہی قبولیت ہو گی جب تک دُلہن اپنے آپ کو میرے حوالہ نہ کرے۔ اور پھر میں اپنے روح میں سے اُس پر اُنڈیلوں گا اور اُس کو دھو کر صاف کروں گا اور اپنے لہُو سے اُس کے دِل کو پاک کروں گا اور اپنے کلام سے اُس کو درست کروں گا۔ اور یہ سب تُمہاری روح کے لئیے کرنا ضرور ہے تاکہ تُم پاک صاف ہو اور تُم پر کوئی جھرّی نہ ہو اور تُم پاک شفاف اور خوبصورت دِکھو۔ اگر تُم میرے اِن اِلفاظ پر شک کرو گے تو تُم میری دُلہن نہیں۔

اِفسیوں 5 باب 25 تا 27 آیات :
25 اَے شَوہرو! اپنی بِیویوں سے محبّت رکھّو جَیسے مسِیح نے بھی کلِیسیا سے محبّت کر کے اپنے آپ کو اُس کے واسطے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔
26 تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کر کے مُقدّس بنائے۔
27 اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بَدَن میں داغ یا جھُرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو۔

روح سے بھرنے کے لئیے دُعا کرو، اپنی زِندگی مُجھے دو، اپنے گُناہوں سے توبہ کرو، اور اپنے گُناہوں سے معافی کے لئیے روزہ رکھو۔ میں تُمہیں پاک صاف کروں گا اور پھر میں تُمہارا خُدا ہوں گا اور تُمہیں اپنی مرضی پر چلاؤں گا اور ہمیشہ کی سچائی بتاؤں گا۔ تُمہاری مرضی تُمہیں تباہی کی طرف لے کر جاتی ہے ۔ میرا کلام بتاتا ہے کہ کشادہ راستہ پر مت چلو۔ میری مرضی پر چلو وہ راستہ تنگ ہے لیکن محفوظ ہے۔ میں تُمہیں اِس پر لے کر جاؤں گا۔

متی 7 باب 13 اور 14 آئت :
13 تنگ دروازہ سے داخِل ہو کِیُونکہ وہ دروازہ چوڑا ہے اور وہ راستہ کُشادہ ہے جو ہلاکت کو پُہنچاتا ہے اور اُس سے داخِل ہونے والے بہُت ہیں۔
14 کِیُونکہ وہ دروازہ تنگ ہے اور وہ راستہ سُکڑا ہے جو زِندگی کو پُہنچاتا ہے اور اُس کے پانے والے تھوڑے ہیں۔

میرا کلام تُمہیں نور میں چلنا سِکھائے گا۔ باقی تمام راہ تُمہیں تباہی کی طرف لے کر جاتے ہیں۔ میرے نور میں اور میری مرضی پر چلو۔ اپنی زِندگی مُجھے دو۔ میں تُمہیں تُمہارے ماضی کے گُناہوں سے خلاصی دوں گا، میں تُمہیں آزادی دوں گا۔

زبور 119 آئت 105 :
تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ اور میری راہ کے لئے روشنی ہے۔

نہیں پرواہ کے گُناہ کی زنجیروں نے تُمہیں باندھ رکھا تھا میں تُمہیں آزاد کروں گا۔ لیکن تُمہیں پہلے توبہ کرنی ہے اور اپنے گُناہوں کا اِقرار کرنا ہے۔ میں تُمہیں معاف کر کے اُس گُناہ کی زِندگی سے خلاصی دُوں گا۔ نہیں پرواہ کہ تُم کِس قید میں تھے میں تُمہیں آزاد کرواؤں گا۔ میرے لئیے کُچھ بھی ناممکن نہیں۔

لوقا 1 باب 37 آئت :
کِیُونکہ جو قَول خُدا کی طرف سے ہے وہ ہرگِز بے تاثِیر نہ ہوگا۔

آؤ میں تُمہیں دُکھ سے آزاد کروں، تُمہارا بوجھ لے لوں اور اپنے جلال کے لئیے تیار کروں۔ یہ سب تُمہارا ہے۔ پس توبہ کرو۔ جب تُم میرے سامنے جُھکو گے تو میں تُمہارے دِل کی مُرادیں پوری کروں گا۔ میں تُم کو اِطمینان دوں گا اور تُم کو سب سمجھ آئے گی۔ میں تُم کو حِکمت دوں گا اور باپ کی داہنی طرف بِٹھاؤں گا۔

فِلپیوں 4 باب 7 آئت :
تو خُدا کا اِطمینان جو سَمَجھ سے بِالکُل باہِر ہے تُمہارے دِلوں اور خیالوں کو مسِیح یِسُوع میں محفُوظ رکھّے گا۔

خُدا کا پیار خریدا نہیں جا سکتا۔ یہ مُفت ہے اور مُفت مِلتا ہے۔ یہ پیشکش بہت کم وقت کے لئیے ہے۔ میں جلد آنے والا ہوں۔ دیر مت کرو۔ اب وقت ہے کہ تُم میرے لہُو سے دُھلو اور تیار رہو۔

یوحنا 1 باب 7 آئت 1 :
لیکِن اگر ہم نُور میں چلیں جِس طرح کہ وہ نُور میں ہے تو ہماری آپس میں شِراکت ہے اور اُس کے بَیٹے یِسُوع کا خُون ہمیں تمام گُناہوں سے پاک کرتا ہے۔

آؤ شروع کریں۔ آج میں اِن سے بات کرنا چاہتا ہوں کہ یہ پیچھے نہ رہ جائیں۔ جب کلیسیا اُٹھا لی جائے گی تو دُنیا پِھر ویسی نہ رہے گی۔ ہر طرف تباہی ہو گی۔ تب میری نیم گرم ایمان والوں کی کلیسیا کے اندر خوف بڑھ جائے گا۔ پِھر وہ جانیں گے کہ اُنھوں نے کیا کِیا۔ بڑا خوف اُن کے اندر بڑھ جائے گا۔ ہر طرف بڑا اِنقلاب آئے گا۔ دُنیا ویسی نہ رہے گی۔ زمین کی دِلکشی کا منظر بھی ویسا نہ رہے گا۔ ہر طرف دہشت ہو گی۔ کیونکہ نیم گرم مسیحی جانتے ہوں گے کہ اب کیا ہو گا۔ پِھر وہ ڈریں گے اور اُن کے دِل ڈر کی لپیٹ میں آ جائیں گے۔ ہر طرف آگ اور تباہی ہو گی۔ لوگ تحفظ محسوس نہ کریں گے۔ کیونکہ لوگوں کے دِل خُدا سے دُور ہوں گے اور ڈر محسوس کریں گے اور وہ اِس بات کے لئیے پریشان ہوں گے کہ وہ قید میں ہیں۔ بہت سی قوتیں لوگوں کو پکڑنے کے لئیے ہوں گی لیکن مدد کے لئیے کوئی نہیں ہو گا۔ بہت سے دُنیا میں ہونے والے حادثوں سے مارے جائیں گے۔

تھسلنیکیوں 5 باب 3 آئت 1 :
جِس وقت لوگ کہتے ہوں گے کہ سَلامتی اور امن ہے اُس وقت اُن پر اِس طرح ناگہاں ہلاکت آئے گی جِس طرح حامِلہ کو درد لگتے ہیں اور وہ ہرگِز نہ بچیں گے۔

ہر طرف گھبراہٹ ہو گی اوراِس بے چینی سے نجات کِسی کو نہ مِلے گی۔ ہر طرف بھوک ہو گی۔ ہر طرف مایوسی ہو گی۔ یہ تب تک ہو گا جب تک مُخالفِ مسیح نہ آئے اور پِھر وہ آئے گا اور دُنیا اپنے قبضہ میں کر لے گا پہلے وہ لوگوں کو اپنے قبضہ میں کرے گا اور جیسا وہ چاہے گا سب کُچھ ویسا کرے گا۔ لیکن کُچھ ہی عرصے میں موت کا راج ہو گا۔ جو اِس کی باتوں کو ماننے سے اِنکار کریں گے وہ مارے جائیں گے۔ اِس کے نظام کو نا ماننے والوں کے لئیے بہت سی آزمائشیں اور تکلیفیں ہوں گی۔ وہ شیطان ہوگا اور تمام دُنیا پر ظلم و سِتم کرے گا۔ یہ اِنسانیت کے لئیے سب سے بھیانک دِن ہو گا۔ بہت سارے مُشکلوں سے بچنے کے لئیے خودکُشی کر لیں گے۔ یہ اصل حل نہیں ہو گا۔ لیکن میں کُچھ نہیں کروں گا۔ مُخالفِ مسیح اُن پر اپنی مُہر لگائے گا تاکہ اُن پر کنٹرول کر سکے۔ اور جو اُس مُہر کو قبول نہ کریں گے وہ اُن کو مارے گا۔ اِس کے علاوہ کوئی حل نہیں ہوگا۔

مُکاشفہ 13 باب 16 اور 17 آیات :

16 اور اُس نے سب چھوٹے بڑوں دَولتمندوں اور غریبوں۔ آزادوں اور غُلاموں کے دہنے ہاتھ یا اُن کے ماتھے پر ایک ایک چھاپ کرا دِیا۔
17 تاکہ اُس کے سِوا جِس پر نِشان یعنی اُس حَیوان کا نام یا اُس کے نام کا عدد ہو اَور کوئی خرِید و فروخت نہ کرسکے۔

بہت سے پھر میری بادشاہی میں نہ داخل ہونے کا انجام جانیں گے۔ اِن کو قیمت چُکانی ہو گی۔ پھر بہت سے مُخالفِ مسیح کو قبول نہ کریں گے اور اپنے ایمان میں مر جائیں گے۔ اِن کی تعداد بہت ہو گی۔ کوئی پرواہ نہیں کہ مُخالفِ مسیح کے ہاتھوں کِتنے مریں۔ بادشاہی اور لوگوں کے دِلوں پر راج کرنا ہی اِس کی ہوّس ہو گی۔ اِس کو کِسی کی پرواہ نہ ہو گی کہ کِتنے لوگ مر گئے ہیں۔ یہ اُن کے لئیے بھیانک دِن ہو گا جو میرے نام کا اِقرار کریں گے۔ میرے نام کی وجہ سے بہتوں کو موت مِلے گی۔ میرا نام مُخالفِ مسیح کے کام میں رُکاوٹ ہوگا۔ سوچو کہ جو بھی میرا نام لے گا اور میرے نام کو دوسروں تک پہنچائے گا وہ اُس کو مارے گا۔ کِتنا بُرا وقت آنے والا ہے۔ یہ دُنیا پر بہت ہی بُرے وقت کی نِشانی ہو گی۔ ہر طرف تاریکی کا راج ہو گا اور پھر بہت سی نیم گرم کلیسیائیں میری طرف رُخ کریں گی۔ لوگ مُجھے ڈُھونڈیں گے۔ میں بیشک وہاں ہوں گا لیکن اُنھیں ابھی اور تکلیف برداشت کرنی ہو گی۔ خاندان الگ ہو جائیں گے۔ محبت اُٹھا لی جائے گی۔ یہ اِس لئیے ہو گا کہ میرے بچے جِنھوں نے اپنے دِل سخت کر لئیے تھے اور میرے کلام پر عمل نہیں کِیا لیکن جب آزارسانیاں شروع ہوں گی تب اُنھیں سمجھ آئے گا۔ میرے بچے دِل سے میرے طالب ہوں گے، میرا چہرا دیکھیں گے۔ مُجھے جاننا چاہیں گے۔ پھر میں اُنھیں اُس وقت کے بارے میں بتاؤں گا جو دُنیا میں آنے والا ہے، کہ دُلہن کو کیسے تیار ہونا ہے۔ میرے بچو! میرے پاس آؤ میں تُمہیں اِس سب سے بچانا چاہتا ہوں۔ میں ہی سب سے بڑا مُحافظ ہوں۔ میری خواہش ہے کہ میں تُمہیں بچاؤں۔ میں نہیں چاہتا کہ تُم پیچھے رہ جاؤ۔ ایک کمرے میں جاؤ اور گھٹنوں کے بل ہو کر دُعا کرو اور مُجھ سے اپنے گُناہوں کی معافی مانگو۔ یہ مت کہو کہ کوئی راستہ نہیں۔ میں تُمہیں یہ وقت آنے سے پہلے بچانا چاہتا ہوں۔ میرے بچو! تُم سوچتے ہو کہ ابھی بہت سے سال باقی ہیں۔ تُم یہ نہیں جانتے کہ اِس دُنیا کی وجہ سے میری برداشت ختم ہو رہی ہے۔ میرے بچے اِس دُنیا میں پھنسے ہوئے ہیں۔ دُنیا میں اِس سچائی سے بہت دور ہیں جو میں خُدا بتانا چاہتا ہوں۔ حتی کہ اُن کے چرچ مُجھ سے بہت دُور ہیں۔ میری سچائی سے، میرے کلام سے۔ اُن کے رہنما اِس دُنیا کی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور کلیسیا کو بھی مصروف کر رکھا ہے۔ اُن کے اندر میرے سچے پیار کی کمی ہے۔ وہ دولت، عزت اور شہرت کو ڈُھونڈتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ میں اُن کو برکت دوں گا۔ وہ سوچتے ہیں کہ کلیسیا کی زیادہ تعداد مُجھے خوش کرے گی۔ میں تب خوش ہوں گا جب میرے رہنما کلیسیا کو مُجھ سے پیار کرنا سکھائیں گے اور مُجھے ہر ایک کام میں اول درجہ دیں گے۔ بہت کم میری مُنادی کرتے ہیں۔ بہتیرے پیسوں کی تعلیم دیتے ہیں اور یہ سوچتے ہیں کہ صرف پیسہ ہی انھیں خوش کرے گا۔ لیکن میری بادشاہی امیروں کے لئیے نہیں۔

لوقا 16 باب 13 آئت :

کوئی نَوکر دو مالِکوں کو خِدمت نہیں کر سکتا کِیُونکہ یا تو ایک سے عَداوَت رکھّے گا اور دُوسرے سے محبّت یا ایک سے مِلا رہے گا اور دُوسرے کو ناچِیز جانے گا۔ تُم خُدا اور دَولت دونوں کی خِدمت نہیں کرسکتے۔

میرے رہنماؤں کو چاہئیے کہ کلیسیا کو بیدار کریں۔ اِنھیں بتائیں کہ کُچھ ہی وقت باقی ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ سب ٹھیک ہے۔ میرا کلام سچائی بیان کرتا ہے۔ سو کلیسیا کو بتاؤ کہ میرا کلام کیا کہتا ہے۔ لوگوں کو سہی راستہ بتاؤ۔ لوگوں کو کلام کی سچائی بتاؤ۔

ہوسیع 4 باب 6 آئت :

میرے لوگ عدم معرفت سے ہلاک ہُوئے ۔ چونکہ تو نے معرفت کو رد کُروں گا تاکہ تو میرے حُضور کاہن نہ ہو اور چونکہ تو اپنے خُدا کی شریعت کو بھُول گیا ہے اس لئے میں بھی تیری اُولاد کُو بھول جاوں گا۔

خداوند آپ سب کو اِس کلام کے وسیلہ سے نجات اور سچائی دے۔

https://www.youtube.com/watch?v=5YPUcRz5t_M

باب 9
کھوئی ہوئی کلیسیا

آؤ شروع کریں۔ یہ الفاظ میں اپنی کھوئی ہوئی کلیسیا کے لئے کہنا چاہوں گا۔ جو سمجھتے ہیں کہ وہ میرے ساتھ ہیں جب کہ حقیقت میں وہ مُجھ سے دُور ہیں۔ میں تُمہیں بتانا چاہتا ہوں کہ بہت سی کلیسیائیں سمجھتی ہیں کہ وہ میری مُکمل اور سچی مُنادی کر رہی ہیں۔ لیکن سچ تو کُچھ اور ہے۔ سچائی تو اُن سے بہت دُور جا چُکی ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ آدھا سچ تو اُن کے پاس ہے لیکن مُکمل سچ یہ نہیں۔ وہ میری پوری گواہی نہیں جاننا چاہتے۔ وہ صرف وہ سُننا چاہتے ہیں جو اُن کی آنکھوں اور کانوں کو بھلا لگتا ہے۔ اور پھر وہ دُنیاوی زندگی گُزارتے ہیں۔ بہت جلد وہ وقت آتا ہے کہ میں آ کر اپنی دُلہن کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ اور میں نیم گرم کلیسیاؤں کو یہیں چھوڑ جاؤں گا۔ وہ پیچھے رہ جائیں گی اور پھر اُنہیں پتا چلے گا کہ اُن کے کچے اور کم ایمان نے اُن کے ساتھ کیا کِیا۔

مُکاشفہ 3 باب 15 اور 16 آیات :
15 مَیں تیرے کاموں کو جانتا ہُوں کہ نہ تُو سرد ہے نہ گرم۔ کاش کہ تُو سرد یا گرم ہوتا۔
16 پَس چُونکہ تُو نہ تو گرم ہے نہ سرد بلکہ نِیم گرم ہے اِس لِئے مَیں تُجھے اپنے مُنہ سے نِکال پھینکنے کو ہُوں۔

سو! صرف کلیسیاؤں کے رہنماؤں کو نہیں بلکہ کلیسیا کو خُود بھی سچائی کو جاننا چاہئیے۔ اور تُمہیں مُجھے ڈُھونڈنے کے لئیے مُکمل سچ کو جاننا ہے۔ تُمہیں میرا کلام پڑھنا ہے۔ تُمہیں میرے سامنے جُھکنا ہے اور مُجھ سے سچے دِل سے توبہ کر کے پاک روح مانگنا ہے۔ میرے ساتھ اپنے رِشتے کو اور مظبوط کرنا ہے۔ میرے علاوہ اور کوئی راہ نہیں۔ میں پورے عزم کے ساتھ مُجھے ڈُھونڈنے والوں کو مِل جاتا ہوں۔ میں تُمہیں عزم اور سچائی سے بھری ہوئی ایک نئی زِندگی دُوں گا۔ اور پھر تُمہاری آنکھیں کھُل جائیں گی اور تُم تمام سچ جان پاؤ گے۔ تُم جانو گے کہ میری بادشاہی میں داخِل ہونے کے لئیے کیا ضروری ہے۔ میری کلیسیا کھوئی ہوئی ہے اور اِدھر اُدھر بھٹک رہی ہے۔ وہ میرے فرمان اور میری راہ کو نہیں جانتے۔ وہ نجات کے لئیے راستہ تلاش تو کرتے ہیں اور پھر اُسی میں اپنے آپ کو بہتر سمجھتے ہیں۔ لیکن بہت کم ہیں جو اصل سچائی جانتے ہیں۔ بہت کم جاننا چاہتے ہیں۔ اصل سچائی کہ میرا کلام کیا کہتا ہے۔ وہ اپنے فائدہ کے لئیے جُھوٹی کہانیاں بناتے ہیں۔ وہ مُجھے نہیں جانتے کہ میں کون ہوں۔ وہ صِرف سوچتے ہیں کہ وہ مُجھے جانتے ہیں۔ بہت سے ہیں جو میرے پیچھے چلنے کا دعوی کرتے ہیں لیکن مُجھے جانتے ہی نہیں۔ بہت سے میرے ساتھ دوہراہ رِشتہ بنائے ہوئے ہیں۔ اُن کو نہیں معلوم کہ اگر میں اُن کا خُدا ہوں تو اِس کا کیا مطلب ہے۔ رہنماؤں کو جب میری ضرورت پڑتی ہے تو وہ میرے آگے جُھک جاتے ہیں۔

متی 7 باب 21 تا 23 آیات :
21 جو مُجھ سے اَے خُداوند اَے خُداوند کہتے ہیں اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخِل نہ ہوگا مگر وُہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے۔
22 اُس دِن بہُتیرے مُجھ سے کہیں گے اَے خُداوند اَے خُداوند! کیا ہم نے تیرے نام سے نبُوّت نہیں کی اور تیرے نام سے بَدرُوحوں کو نہیں نِکالا اور تیرے نام سے بہُت سے مُعجِزے نہیں دِکھائے؟
23 اُس وقت میں اُن سے صاف کہہ دُوں گا کہ میری کبھی تُم سے واقفِیت نہ تھی اَے بدکارو میرے پاس سے چلے جاؤ۔

یہ وہ سچ ہے جو میرے دِل کو بہت دُکھاتا ہے۔ میں نے اپنے بچوں کو پیدا کِیا کہ میرے ساتھ رفاقت رکھیں، کہ میرے ساتھ میری راہ پر چلیں۔ اب بھی یہ دُنیا اُنہیں پریشان کرتی ہے اور وہ پھر بھی آ کے اپنے خالِق کو سمجھنا نہیں چاہتے۔ میرے لوگ میرے خلاف سازش کا شکار ہو چُکے ہیں۔ اور میرے یعنی اپنے خالق اور بنانے والے کے مُخالِف ہیں۔ یہ بیشک کِتنے دُکھ کی بات ہے۔ میرے بچو! تُم کیوں پاکیزگی نہیں چاہتے۔ میں تُمہاری پہلی سوچ بننا چاہتا ہوں۔ تُمہاری پہلی مُحبت، پہلا رُتبہ اور ہر ایک جگہ پر صِرف میں ہوں۔ تُم اِسی لئیے پیدا کئیے گئے ہو تاکہ میرے ساتھ رہو۔ تُم کِس کے ساتھ اپنا رِشتہ رکھنا چاہتے ہو؟ میرے ساتھ یا میرے دُشمن کے ساتھ؟ تُمہیں آج یہ سوال خُود سے کرنا ہے۔ میرا پیار ہر اِنسان سے زیادہ گہرا ہے۔ تھوڑی دیر کی تسلی کے لئیے اپنے آپ کو مت بیچو۔ تُمہیں مُجھ جیسا پیار اور کہیں سے نہیں مِلے گا۔ میرے بچو! تُمہیں مُجھے اپنے پورے دِل اور روح سے ڈھونڈنا ہے۔ یہ جاننا ہے کہ میں تُمہاری زِندگی میں کیا جگہ رکھتا ہوں۔ کیا میرا رِشتہ دِکھاوے کا ہے؟ یا مضبوط رِشتہ ہے؟ کیا میں تُمہاری زِندگی میں کوئی بُنیادی مرکز نہیں رکھتا؟

میں تُمہارا اِنتظار کر رہا ہوں۔ میرے بازو تُمہارے لئیے کُھلے ہیں کہ کب تُم آؤ اور میں تُمہیں گلے سے لگاؤں۔ وقت آ پہنچا ہے ایک اہم فیصلے کا۔ کیا تُم میری دُلہن بننا چاہتے ہو؟ وہ جو صِرف میری ہے۔ وہ میرا اِنتظار کرتی ہے، وہ صِرف مُجھے تکتی ہے۔ میں وہ نہیں جِس کو وہ صِرف مُشکل میں پُکارتی ہے۔ بلکہ ہمارا رِشتہ بہت مضبوط ہے۔ جہاں میں جاتا ہوں وہ بھی جاتی ہے۔ ہم ایک ہیں۔ میرے بچو! میں تُم پر چھوڑتا ہوں کہ تُم کیا چاہتے ہو۔

https://www.youtube.com/watch?v=CpR3yJHxtzQ

# باب 10
## دُنیا کی ہوّس

ہاں میری بیٹی! ہم پھر سے شروع کرتے ہیں۔ آج ہم اِس گُناہ کے بارے میں بات کریں گے جو اِنسان کے دِل کے اندر پیدا ہوتا ہے۔ اور یہ اِس دُنیا کی ہوّس ہے۔ اِس دُنیا کے تمام رِشتے شیطانی ہیں۔ شیطانی لوگ، شیطانی کاموں کو پسند کرتے ہیں۔ یہ دُنیا میری مرضی نہیں سمجھتی سو یہ میری مرضی پر نہیں چلتی۔ یہ دُنیا مُجھے جاننے کا اِقرار کرتی ہے مگر وہ مُجھ سے اور میری سچائی سے دُور ہے۔ وہ مُجھ سے دُور بھاگتی ہے اور یہ شیطانی عمل ہے۔ وہ میری مرضی سے دُور بھاگتی ہے۔ میری مرضی شیطانی نہیں۔ میرے بچو! کیا تُم نہیں جانتے کہ یہ دُنیا کیسے خُدا کی مرضی پر چل سکتی ہے۔ یہ تو مُجھ سے بہت دُور ہے، میری پاکیزگی سے دُور ہے، میرے پاک دِل سے دُور ہے۔ میرے آئین اور میرے احکام اور میری سچائی سے بہت دُور ہے۔ یہ دُنیا میرے تمام راستوں کی مُخالف ہے۔ یہ دُنیا میری محبت کے خلاف ہے۔ جو میرے پیچھے چلتے ہیں اُن کی مُخالِف ہے۔ یہ میرے راستوں کا احترام اور عِزت نہیں کرتی۔ اگر کرتی تو یہ دُنیا پریشانی اور دُکھوں اور تکلیفوں، بیماریوں اور اُداسیوں کا سامنا نہ کرتی۔ دُنیا کا راہ لعنتوں سے بھرا ہوا ہے۔ بہت سے جو میرے راہ پر چلتے ہیں اور میرے کلام پر عمل کرتے ہیں وہ سکوں اور آرام پاتے ہیں۔ اور میں اُنہیں مُشکلوں سے نکالتا ہوں۔ یہ میری دُلہن ہے جو میرے پیچھے چلتی ہے۔ وہ مُجھے جانتی ہے اور مُجھ سے پیار کرتی ہے۔ وہ مُجھ سے دُور نہیں بھاگتی۔ وہ جانتی ہے کہ میں ہی زِندگی دینے والا ہوں، پیار کرنے والا اور قوت دینے والا ہوں۔ ایسا سکون اُسے کہاں سے مِلے گا جیسا پیار میں اُس سے کرتا ہوں مگر دُنیا نہیں کرتی۔ میں اُسے آزما چُکا ہوں۔ میں ہی اُس کا سب کُچھ ہوں۔ میری جگہ اُس کی نظروں میں اور کوئی نہیں لے سکتا۔ یہ دُنیا میری محبت سے ناواقف ہے۔ اُن کے لئیے بہت دُکھ جو اِس دُنیا کے راستے پر چلتے ہیں۔ اِس دُنیا کے نظام پر یقین کرنا اور اِس پر اعتماد کرنا مُجھ سے دُور جانے کے مُترادف ہے۔ بہت جلد جب یہ دُنیا اپنا نور کھو دے گی میں اپنی دُلہن کو اُٹھا لوں گا تو یہ دُنیا تاریک ہو جائے گی۔ ہر طرف بدصورتی اور تباہی ہو گی۔ یہ دُنیا کا انجام ہوگا۔ اور یہ جلد ہونے والا ہے۔

2 تھسلنیکیوں 2 باب 3 اور 4 آیات :

3 کِسی طرح سے کِسی کے فریب میں نہ آنا کِیُونکہ وہ دِن نہیں آئے گا جب تک کہ پہلے برگشتگی نہ ہو اور وہ گُناہ کا شَخص یعنی ہلاکت کا فرزند ظاہِر نہ ہو۔

4 جو مُخالفت کرتا ہے اور ہر ایک سے جو خُدا یا معبُود کہلاتا ہے اپنے آپ کو بڑا ٹھہراتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ خُدا کے مَقدِس میں بَیٹھ کر اپنے آپ کو خُدا ظاہِر کرتا ہے۔

2 تھسلنیکیوں 2 باب 6 اور 7 آیت :

6 اب جو چیز اُسے روک رہی ہے تاکہ وہ اپنے خاص وقت پر ظاہِر ہو اُس کو تُم جانتے ہو۔

7 کِیُونکہ بے دِینی کا بھید تو اَب بھی تاثِر کرتا جاتا ہے مگر اَب ایک روکنے والا ہے اور جب تک وہ دُور نہ کِیا جائے روکے رہے گا۔

ایک ایسی دُنیا جو میرے آئین اور احکام پر عمل نہیں کرتی۔ وہ ایسے ہیں جیسے کشتی بغیر مانجھی کے۔ اور یہ کشتی ڈُوب رہی ہے اور یہ ڈُوبتی ہوئی کشتی تباہ ہو رہی ہے۔ میرے بچو! جلد ہی تُم موت اور تباہی دیکھو گے۔ ایسے جیسے پہلے کبھی نہ دیکھا ہو۔ کیونکہ یہ فیصلہ ہو چُکا کہ یہ دُنیا خُدا سے چھینی جائے گی۔ لیکن اِس کا بنانے والا احمق نہیں۔ دُنیا میری سچائی کو جاننے سے خالی نہیں رہے گی۔ یہ ڈُوبتی کشتی ہے۔ اب وقت ہے کہ اِس کشتی کا اِستعمال ختم کِیا جائے۔ کیا تُم آؤ گے جب میں اپنے وفاداروں کو بُلاؤں گا؟ کیا تُم آؤ گے یا اِس جُھوٹی دُنیا کے پیچھے چلو گے؟ یا تُم میرے پیچھے آؤ گے؟ کیا تُم اب بھی بھیڑ کے رُوپ میں بھیڑیوں کو سُن رہے ہو جو پاکیزگی کا دعوی کرتے ہیں لیکن قدرت اور طاقت سے خالی ہیں۔ کیا تُم اُن کی طرح ہی زِندگی گُزارنا پسند کرو گے؟

2 تیمتھئیس 3 باب 5 آئت :

وہ دِینداری کی وضع تو رکھّیں گے مگر اُس کے اثر کو قُبُول نہ کریں گے۔ اَیسوں سے بھی کِنارہ کرنا۔

آؤ خُدا کے پاس آؤ۔ جان لو کہ ایک عظیم خُدا ہے جو مُکمل سچائی اور مُکمل اِطمینان ہے ایک عظیم محبت ہے اور وہ میں ہوں۔ میرے بچو! میرے پیچھے آؤ اور مُجھے جانو۔ میں ہی عظیم اور قادرِ مُطلِق ہوں۔ میرے پاس زِندگی اور

دَ ِندگی کی تمام خوشیاں ہیں۔ یہ سب خُدا کے دِل سے نکلتی ہیں۔ مُجھے ڈُھونڈو کہ تُم کھو نہ جاؤ۔ اب فیصلہ تُمہادے ہاتھ میں ہے کہ تُم کیا کرنا چاہتے ہو؟ ہمیشہ کی زِندگی خُدا کے ساتھ یا خُدا کے بغیر دُکھ تکلیفیں؟ اب تُم فیصلہ کرو۔ جب میں اپنی دُلہن کو لینے آؤں تو کیا تُم چلنا پسند کرو گے؟ یہ تُمہادا فیصلہ ہے لیکن اِس کی قیمت چُکانی ہو گی۔ تُمہیں میری محبت میں قدم بڑھانا ہے اور میرے پیچھے چلنا ہے؟ میں یہ فیصلہ تُمہارے ہاتھ میں دیتا ہوں کہ تُم خود مُنتخب کرو۔ بہت کم ہیں جو میری راہ پر چلتے ہیں۔

1 یوحنا 2 باب 15 آئت :
نہ دُنیا سے محبّت رکھّو نہ اُن چِیزوں سے جو دُنیا میں ہیں۔ جو کوئی دُنیا سے محبّت رکھتا ہے اُس میں باپ کی محبّت نہِیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=CpR3yJHxtzQ

باب 11
دُنیا میں مُصیبتوں کی سُرخیاں

میری بیٹی! آج میں اُن تقریبات کے بارے میں بات کروں گا جو دُنیا میں ہونے والی ہیں۔ دُنیا میں مُصیبتوں کا آغاز ہونے والا ہے۔ بہت سے تاریک بادلوں نے دُنیا کو ہر طرف سے گھیر لیا ہے۔ بہت جلد یہ دُنیا بدل جائے گی۔ ایک ہی رات میں جب دُلہن اُٹھا لی جائے گی تو سب کُچھ بدل جائے گا۔ دُنیا اِس قدر تاریک ہو جائے گی کہ پھر کبھی بھی ٹھیک نہ ہو پائے گی۔ میرے بچو! یہ جلد ہو گا۔ اپنے آپ کو اِس سچائی کے لئیے تیار کرو۔ میں سچائی پر مُبالغہ آرائی نہیں کر رہا۔ میرے الفاظ بھروسے کے لائق ہیں۔ یہ گھنٹے بہت تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ یہ کام شروع ہے اور اب رُک نہیں سکتا۔ یہ دُنیا بدترین ہوتی جائے گی اور پھر کوئی حکومت، کوئی اِنسان اور کوئی طاقت اِسے روک نہ پائے گی۔ اور یہی مُکاشفہ آخری دِنوں کا ہے جب میرا بیٹا پھر سے آئے گا۔ تب دُنیا اِس تمثیل کے بارے میں جانے گی کہ ایک رات چور آ گیا۔ اور کوئی بھی اِس کام کو روک نہ سکے گا۔ یہ بہت عرصے سے سُن رہے ہیں اور یہ جلد ہونے والا ہے۔ جیسا میرا کلام کہتا ہے ویسا ہی ہو گا۔

1 تھسلنیکیوں 5 باب 2 آئت :
اِس واسطے کہ تُم آپ خُوب جانتے ہو کہ خُداوند کا دِن اِس طرح آنے والا ہے جِس طرح رات کو چَور آتا ہے۔

میرے بچو تُمہیں تیاری کرنی ہے۔ اپنے آپ کو تیار کرو۔ میرے بیٹے کی آمد کے لئیے تیاری کرو۔ وہ اپنے فرشتوں کی فوج کے ساتھ آسمانوں پر آئے گا اپنی دُلہن کو لینے۔ اور یہ جلد ہوگا۔ میرے وفادارو بیدار ہو، تیار ہو۔ دُلہا اپنی دُلہن کو لینے آ رہا ہے۔ ایسا جیسے کبھی بھی نہیں ہوا۔ نہ ماضی میں اور نہ ہو گا۔ سب آؤ اور تیاری کرو۔ اپنے آپ کو برّا کے لہُو سے دھو۔ وہ موجود ہے۔ اپنے آپ کو اِس کی محبت کے تابع کر دو۔ اِس کو اپنا آغاز اور اِختتام بناؤ۔ ہم ایک ہیں باپ، بیٹا اور روح القدس۔ میرے بچو! دُشمن اپنے منصوبے بنا رہا ہے۔ وہ اِنسانیت کے خلاف تباہی کے منصوبے بنا رہا ہے۔ سب کُچھ تبدیل ہو جائے گا۔ میں نہیں چاہتا کہ تُمہیں علم نہ ہو۔ لیکن یہ سب کُچھ ہونے والا ہے۔ تُمہیں اپنے آپ کو تیار کرنا ہے۔ جب میرا بیٹا اِس دُنیا میں آئے گا تب یہ سب ختم ہو جائے گا۔ تب شیطان اور اُس کے کام ختم ہو جائیں گے۔

2 تھسلنیکیوں 2 باب 8 آئت :
اُس وقت وہ بے دِین ظاہِر ہوگا جِسے خُداوند یِسُوع اپنے مُنہ کی پھُونک سے ہلاک اور اپنی آمد کی تجلّی سے نِیست کرے گا۔

بہت جلد میرے بچو تُمہیں اِس کا پھل مِلے گا کہ کیا تُم یقین کرتے ہو؟ کیا تُمہارے دِلوں میں یہ ہے؟ ختم ہوئی دُنیا، میری مرضی اور میری راہ۔ میں تُمہیں ہمیشہ کی بادشاہی کی پیشکش کرتا ہوں۔
یہ مت سوچو کہ یہ دُنیا تُمہیں کُچھ دے گی۔ یہ سب ختم ہونے والا ہے۔ لالچی مت بنو۔ جِس مُستقبل سے تُم لِپٹے ہو وہ وجود میں نہ آئے گا۔ تُم اپنا وقت ضائع کر رہے ہو۔
یہ سچائی جانو اور جاگو۔ میں تُمہیں سچائی دے رہا ہوں۔ میرے کلام کو پڑھو اور دیکھو جو میں نے کہا اِس میں لِکھا ہے۔ سب کُچھ ویسا ہی ہے اور بہت جلد ہونے والا ہے۔ یہ اچانک نہیں ہو گا۔ بلکہ یہ خُدا کے وہ اِلفاظ ہیں جو پورے ہوں گے۔ میرا کلام جھوٹا نہیں۔ میرا کلام پُختہ ہے۔ میں قادرِ مُطلق ہوں۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ خُداوندوں کا خُدا۔ میرا کلام بدلتا نہیں۔

1 پطرس 1 باب 24 اور 25 آیات :
24 چُنانچہ ہر بشر گھاس کی مانِند ہے اور اُس کی ساری شان و شوکت گھاس کے پھُول کی مانِند۔ گھاس تو سُوکھ جاتی ہے اور پھُول گِر جاتا ہے۔
25 لیکِن خُداوند کا کلام ابد تک قائِم رہے گا۔ یہ وُہی خُوشخَبری کا کلام ہے جو تُمہیں سُنایا گیا تھا۔

سونے والے جاگ۔ یہ جاگنے کا وقت ہے۔ ہوشیار ہو۔ اپنی آنکھوں سے پٹّی اُتار دے۔ دُنیا سے نظر ہٹا کے میری طرف توجہ کرو۔
راتوں کو میرے پاس آؤ۔
جُھکو اور دُعا کرو۔
https://www.youtube.com/watch?v=8dqQBcEG4zQ

## باب 12
## دیکھ میں جلد آنے والا ہوں

آج میں بتانا چاہتا ہوں۔ میں جلد آنے والا ہوں۔ دُنیا ایک دھماکہ کے ساتھ بدلنے والی ہے۔ ہر طرف سے تبدیلی رونما ہو گی اور بہت تیزی سے میری دُلہن اُٹھا لی جائے گی۔ جِنھوں نے اپنے آپ کو دُلہا کے لئیے تیار کیا، جِنھوں نے اپنے آپ کو برّا کے لہُو سے دھویا اور میرے کلام سے خُود کو پاک کِیا اور پِھر ڈرامائی طور پر میری دُلہن کا اُٹھا لیا جانا اور تباہی کا ہر طرف پھیل جانا اور مُخالفِ مسیح کا کام کرنا۔ یہ سب میری آمد کی نشانیاں ہیں۔

افِسیوں 5 باب 25 تا 25 آیات :
25 اَے شَوہرو! اپنی بِیویوں سے محبّت رکھّو جَیسے مسِیح نے بھی کلِیسیا سے محبّت کر کے اپنے آپ کو اُس کے واسطے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔
26 تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کر کے مُقدّس بنائے۔
27 اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بَدَن میں داغ یا جھُرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو۔

یہ سیلاب کی طرح ہوگا۔ جو ایک ہی رات میں سب تباہ کر دیتا ہے۔ کبھی بھی ایسا نہیں سُنا گیا ہو گا جیسا میرے آنے پر ہو گا۔ جو پیچھے رہ جائیں گے اور جو اُٹھا لئیے جائیں گے سب جانیں گے۔ بہت سے اِن تبدیلیوں کے دوران مارے جائیں گے۔ یہ تباہی لگاتار ہو گی۔ یہ دُنیا اِس کی گواہ ہو گی جو ہو رہا ہوگا۔ میں اِسی لئیے لوگوں کو گواہی دیتا ہوں۔ اِن نشانات اور اپنے خادموں کے وسیلہ سے، جوانوں اور بزرگوں کے وسیلہ سے میری گواہی واضع ہوتی ہے اور میں بتاتا ہوں کہ کیا ہونے والا ہے۔ کیونکہ میں لاتبدیل ہوں۔ میں سچائی کا منبع ہوں۔ میری سچائی بدلتی نہیں ہے۔ بہت جلد وقت آنے والا ہے۔ بہت سے سمجھتے ہیں کہ میرا کلام کوئی کہانی ہے۔ بہت جلد یہ مُکاشفے کُھلنے والے ہیں۔ تُم اپنی آنکھوں سے دیکھو گے۔ بیشک یہ سب کُچھ بہت پہلے سے بتایا جا چُکا ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میری باتوں پر شک مت کرو۔ اُن کی مت سُنو جو مُجھے جانتے نہیں۔ میرا روح تُمہیں سمجھائے گا۔ وہ ہر وقت تُمہاری مدد کے لئیے موجود ہے۔ تُمہیں اِس سچائی کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے۔

مُکاشفہ 3 باب 18 آئت :
اِس لِئے مَیں تُجھے صلاح دیتا ہُوں کہ مُجھ سے آگ میں تپایا ہُؤا سونا خرِید لے تاکہ دَولتمند ہو جائے اور سفید پوشاک لے تاکہ تُو اُسے پہن کر ننگے پن کے ظاہِر ہونے کی شرمِندگی نہ اُٹھائے اور آنکھوں میں لگانے کے لِئے سُرمہ لے تاکہ تُو بِینا ہو جائے۔

یہ تُمہارے ساتھ نہ ہو۔ میں اپنا دِل تُمہارے ساتھ بانٹ رہا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میری قُربت میں آؤ۔ میں چاہتا ہوں کہ زندگی کے مُشکل حالات میں تُمہیں آرام دوں۔
میں تُمہارے ساتھ اپنا رِشتہ بنائے رکھنا چاہتا ہوں۔ مُجھے پیچھے مت دھکیلو۔ میری پیشکش کو قبول کرو اور میرے نزدیک آؤ۔ میرا رِشتہ تمام رِشتوں سے زیادہ اہم ہے۔ میں اپنا دِل تُمہیں دیتا ہوں۔ اور بدلے میں تُمہارا دِل مانگتا ہوں۔ میں تُمہارے ساتھ اپنے خیالات بانٹتا ہوں۔ میں تُمہیں آرام دوں گا۔ میرے ساتھ رفاقت رکھو۔ میں ہر طرح کے حالات میں تُمہارے ساتھ رہنا چاہتا ہوں۔

زبور 139 آئت 3 :
تُو میرے راستہ کی اور میری خوابگاہ کی چھان بین کرتا ہے۔ اور میری سب روشوں سے واقف ہے۔

سو میرے پاس آؤ۔ میرے سامنے جُھکو۔ تب میں تُمہیں اپنے ساتھ لے جاؤں گا اور تُم میرے ساتھ میری دُنیا میں رہو گے۔

https://www.youtube.com/watch?v=8dqQBcEG4zQ

# باب 13
## وقت گُزرتا جاتا ہے

میرے بچو میں تُمہارا پیچھا کر رہا ہوں۔ وقت بہت تیزی سے گُزر رہا ہے۔ میں بہت جلد آ رہا ہوں۔ بہت سے فرشتوں کے پروں پر سوار ہو کر۔ اور یہ دِن بہت جلد آنے والا ہے۔ تُمہیں تیار رہنا ہے۔ اِنتظار کرنا ہے۔ دیکھتے رہنا ہے۔

2 تھسلنیکیوں 3 باب 5 آئت :
خُداوند تُمہارے دِلوں کو خُدا کی محبّت اور مسِیح کے صبر کی ہدایت کرے۔

میں بہت جلد آنے والا ہوں۔ میں وقت کا پابند ہوں۔ میرا کلام بھلا ہے۔ میں جو کہتا ہوں وہ سہی وقت پر کرتا ہوں۔ وقت بہت تیزی سے گُزر رہا ہے۔ اُن کی باتیں سُن کر دِلبرداشتہ نہ ہو جاؤ جو میرا اِنتظار نہیں کرتے۔ ورنہ تُم بھی ویسے ہی ہو جاؤ گے۔ میں خُدا ہوں جو اپنا کلام پورا کرتا ہوں۔ میرا کلام بھلا اور مظبوط ہے اور میں چٹّان ہوں۔ جو مُجھ پر ایمان لاتا ہے وہ کبھی بھی شرمِندہ نہ ہو گا۔ کوئی بھی نہیں۔ میں بدلتا نہیں۔ میں کل بھی ایسا تھا۔ آج بھی ایسا ہوں اور ہمیشہ ایسا ہی رہوں گا۔ میں الفا اور اومیگا ہوں۔ بچو! تُمہیں تیار رہنا ہے۔ دُنیاوی سوچ چھوڑ کر میرے پاس آنے کی تیاری کرنی ہے۔ تُم. کیسے تیار ہو گے؟ میں تو عاجزی مانگتا ہوں۔ میں تُمہارا اِقرار خُدا کے سامنے پورے سچے اور عاجز دِل کے ساتھ چاہتا ہوں۔ میں مکمل طور پر چاہتا ہوں کہ تُم ہتھیار ڈال دو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم اپنا ایمان مُجھ پر رکھو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے روح سے بھرو۔ آؤ اور مکمل طور پر بھر جاؤ۔ اور اپنی کُپیوں میں تیل بھر لو۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے کلام سے تُم دُھلو اور میرے لہُو سے اپنے آپ کر پاک کرو۔ وہ لہُو جو تُمہارے واسطے ادا کِیا جا چُکا ہے۔ میں تُمہیں بتانا چاہتا ہوں۔ تُم اپنی تمام راہوں میں مُجھے دیکھو۔ اور پوشیدگی میں مُجھے ڈھونڈو. میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے ساتھ چلو اور ہر ایک بات میں مُجھ پر بھروسہ رکھو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم مُجھ سے دُعا کرو اور ہر روز مُجھ سے بات کرو۔ تُمہارا خُدا فرماتا ہے۔
بچو! میں چاہتا ہوں کہ تُم ہوشیار ہو جاؤ۔ کبھی اپنی آنکھوں کو بند نہ کرو۔ تُمہاری آنکھیں صِرف مُجھے تکتی ہوں۔ میں چاہتا ہوں تُم اِن نشانات کو دیکھو جو میرے کلام میں بتائے گئے ہیں۔ سچائی کے بارے میں جانو تا کہ تاریکی میں نہ رہو۔ یہ تاریک لمحے ہوں گے جو پھر روشن نہ ہوں گے۔ اور پھر اِس دُنیا میں نور نہ ہو گا۔ دہشت ہی دہشت ہو گی۔
میری سُنو۔ میری سچائی ہمیشہ قائم رہتی ہے۔ اور تُم ہمیشہ اِس پر بھروسہ کر سکتے ہو۔ اور جیسا میں نے کہا یہ تاریکی کا وقت ہے اور یہ وقت بہت جلد آنے والا ہے۔ میرے بچو! یہ وقت اطمینان سے بیٹھنے کا نہیں اور نہ سونے کا ہے۔
جاگو اور میری سچائی جانو۔ توبہ کرو۔ میں تُمہارا اِنتظار کر رہا ہوں۔ اِس دُنیا کا پیچھا چھوڑ دو جِس پر تُم پورے دِل سے بھروسہ کرتے ہو۔ اِس دُنیا سے مت لِپٹو جِس کے پاس تُمہارے سوالوں کا جواب نہیں۔ میرے اور دُنیا کے درمیان روغنی روٹی مت بنو۔ میں آدھے دِل کی توبہ نہیں چاہتا۔ یہ قبول نہیں ہو گی۔ تُمہیں میرے پاس آنا ہے۔ نہیں تو تُم آخرت کے لئیے میرے ساتھ مِل نہیں سکو گے۔ یہ ضروری ہے میری بادشاہی میں داخِل ہونے کے لئیے۔ اور میری دُلہن کو یہ سب کرنا ہے۔
بچو! میں نے مکمل موت سہی۔ عاجزانہ موت، لعنتی موت۔ کُچھ بھی باقی نا چھوڑا۔ میں نے تمام کِیا۔ میں نے اپنی پوری جان تُمہارے لئیے دی ہے۔ میں نے تُمہاری سزا اپنے اوپر سہی۔ وہ بہت صبر آزما اور دردناک تھا۔ میں ایسی بھیڑ بنا جو کُتوں کے سامنے بے بس ہوتی ہے۔ میں نے پوری قیمت ادا کی ہے۔

زبور 22 آئت 16 :
کیونکہ کُتوں نے مجھے گھیر لیا ہے۔ بدکاروں کی گُروہ مجھے گھیرے ہوئے ہے۔ وہ میرے ہاتھ اور میرے پاؤں چھیدتے ہیں۔

میری اِس بڑی قیمت کو رد نہ کرو جو میں نے تُمہارے لئیے دی ہے۔ اگر تُم اِس قُربانی کو رد کرتے ہو تو گُناہوں کی معافی نہیں پا سکتے جِس کی لوگ تلاش کرتے ہیں۔ اِس کا کوئی فائدہ نہیں۔ میں ہی وہ قیمت ہوں جو ادا کی جا چُکی ہے۔ میرا لہُو، میرا صلیب پر دُکھ سہنا، میرا چھیدا جانا، میرا بدن توڑا جانا۔ میں نے تُمہاری تمام قیمت ادا کی ہے اور یہ میں نے اپنی مرضی سے ادا کی ہے۔ تا کہ تُم باپ کے ساتھ اور میرے ساتھ اور میری روح کے ساتھ رفاقت رکھ سکو۔

عبرانیوں 13 باب 12 آئت :
اِسی لِئے یِسُوع نے بھی اُمّت کو خُود اپنے خُون سے پاک کرنے کے لِئے دروازہ کے باہر دُکھ اُٹھایا۔

یہ بہت قیمتی تحفہ ہے میرے بچو۔ اِس کی قیمت نہیں لگائی جا سکتی۔ اور نہ ہی اِسکی کوئی قیمت ہو سکتی ہے۔ اِس کو حقیر اورنکما نہ سمجھو۔ اِس تحفے کو عزت سے قبول کرو۔ اِس سے بڑا کوئی تحفہ نہیں۔ میرے بچو! میں تُم سے اِس تحفے کی قیمت نہیں مانگ رہا اور نہ تُم اِس تحفے کی قیمت ادا کر سکتے ہو۔ یہ مُفت ہے اور تُمہیں مُفت مِلے گا۔ نہ

جھگڑو اور نہ اِسے رد کرو ۔ یہ بہت بڑا تحفہ ہے۔ اِس تحفے کو رد کرنے کا جرمانہ ہو گا۔ ہمیشہ کے تحفے کو رد کرنا ہمیشہ کی آگ ہے۔ میرے بچو! کیا تُم سجھ رہے ہو۔ سو اِس تحفے کو معمولی نہ جانو۔ اِس کا خیال رکھو۔ کیونکہ یہ بیش قیمت تحفہ خُدا کی طرف سے ہے۔

عبرانیوں 10 باب 29 آئت :
تو خیال کرو کہ وہ شَخص کِس قدر زِیادہ سزا کے لائِق ٹھہرے گا جِس نے خُدا کے بَیٹے کو پامال کِیا اور عہد کے خُون کو جِس سے وہ پاک ہُوا تھا ناپاک جانا اور فضل کے رُوح کو بے عِزّت کِیا۔

بیشک یہ بیش قیمت ہے۔ دُنیا میں چند ہیں جو اِس کی قدر کرتے ہیں۔ اور اِس کو جانتے ہیں۔ اور پھر کُچھ ہی سونے کی سڑکوں پر چلیں گے کیونکہ اُنھوں نے ہوشیاری سے میرے اِس تحفے کو بنی نوح اِنسان کے لئیے قبول کِیا۔ احمق مت بنو۔ زِندگی اور اِس سے بڑی ہر نعمت میرے پاس ہے۔ میرے ساتھ میز میں شِرکت کرو۔ میں جو مُفت بانٹتا ہوں۔ اور یہ ہمیشہ کی زِندگی کی پیشکش ہے۔ مُفت لو۔ یہ ہمیشہ موجود نہ ہو گی۔
خُداوند یسوع (YAHUSHUA)
ازلی ابدی بادشاہ
عاجز برّا
فرماتا ہے

https://www.youtube.com/watch?v=4UXNMu5rBeo

باب 14
دُنیا میری مُخالف ہو گئی

میرے بچو! میں اِس دُنیا کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں جو میری مُخالف ہے۔ اور جو کُچھ میرا ہے یا جو میں کرتا ہوں اُس کی مُخالف ہے۔

یعقوب 4 باب 4 آئت :
اَے زِنا کرنے والیو! کیا تُمہیں نہیں معلُوم کہ دُنیا سے دوستی رکھنا خُدا سے دُشمنی کرنا ہے؟ پَس جو کوئی دُنیا کا دوست بننا چاہتا ہے وہ اپنے آپ کو خُدا کا دُشمن بناتا ہے۔

میرے بچو! یہ دُنیا گُناہ سے بھری ہے اور کہیں بھی سچائی اور پاکیزگی نہیں۔ حتیٰ کہ میری کلیسیائیں بھی مُجھ سے دُور ہیں اور میرے رہنما بھی مُجھ سے رہنمائی نہیں پاتے۔ وہ مُجھ کو نہیں ڈھُونڈتے اور اُن کی کلیسیائیں بھی جُھوٹ کی آماجگاہ بنی ہوئی ہیں۔ کیونکہ وہ جُھوٹی تعلیم دیتے ہیں۔ اُن کو نہ تو اِس بات کی فِکر ہے نہ میری۔ مُجھ سے تو اُن کی کوئی واقفیت ہی نہیں۔ اِس دُنیا کے پاس اِن کے خُدا کے لئیے کوئی وقت نہیں۔ وہ صِرف کلام سُننے اور سُنانے کی حد تک مُجھ تک رسائی حاصل کرتے ہیں لیکن حقیقتاً وہ مُجھ سے دُور ہیں۔ یہ دُنیا جُھوٹ اور چوروں سے بھری ہوئی ہے اور یہ لوگ اِس کے پیچھے بھاگتے اور اِس کی راحوں پر چلتے ہیں۔ اپنے خُدا کے پیچھے نہیں۔ یہ اُن سب کے لئیے کِتنے دُکھ کی بات ہے جو مُجھے جانتے نہیں۔ اِنھیں لگتا ہے کہ یہ مُجھے جانتے ہیں حالانکہ یہ درُست نہیں۔ میں وہ خُدا ہوں جِس کو تُم جان سکتے ہو۔ میں اُن سے چُھپا نہیں جو مُجھے ڈھونڈتے ہیں۔ میں اُن سے چُھپتا نہیں جو میرے پاس آنا چاہتے ہیں۔ اپنا سب کُچھ چھوڑ کر میرے نزدیک آؤ تو میں تُمہارے نزدیک آؤں گا۔

زبور 73 آئت 28 :
لیکن میرے لئے یہی بھلا ہے کہ خُدا کی نزدیکی حاصل کرُوں۔ مَیں نے خُدا وند خُدا کو اپنی پناہگاہ بنالیا ہے۔ تاکہ تیرے سب کاموں کو بیان کرُوں۔

میرے بچو جو تُم اِدھر ُدھر بھٹک رہے ہو۔ یہ دُنیا تُمہیں کُچھ نہیں دے گی۔ اپنے خُدا کے نزدیک آؤ۔ یہ دُنیا ایسی اِس لئیے بنائی گئی ہے کہ میرے بچے مُجھ سے جُدا کئیے جائیں۔ کیونکہ یہ دُنیا تُمہیں دوسرے خُداؤں اور بُتوں کو پُوجنے کے لئیے کہتی ہے۔ اور پھر تُم میری بادشاہی کو کھو دیتے ہو۔ اِس دُنیا کا نظام شیطان نے بنایا ہے۔ ہر کوئی خودغرضی اور اپنی تلاش میں ہے۔ اور خُدا کو کوئی نہیں ڈُھونڈتا۔ شیطان نہیں چاہتا کہ تُم مُجھے ڈُھونڈو۔ مگر اُس نے خودغرضی کا ایک نظام بنایا ہے۔ جِس میں وہ تُم کو قید کر دیتا ہے۔ تُم ہر وقت اپنے بارے میں سوچتے ہو۔ اپنے مُستقبل کے لئیے فِکر میں رہتے ہو۔ اور کِسی پر بھروسہ نہیں کرتے مگر بس اپنی ذات پر۔ یہ میرے بچے نہیں۔ میرا راستہ اور میری مرضی یہ ہے کہ تُم میرے پیچھے چلو۔ خُدا پر بھروسہ کرو۔ خُدا کی مرضی کو جانو اور اُس پر چلو۔ جب تُم اپنی ہی مرضی کی تلاش میں رہتے ہو تو تُم گُناہ کی مرضی میں ہو۔ کیسے تُم اپنی زندگی کے بارے میں میری مرضی جان سکتے ہو۔ اپنے خیالوں کو دُور کرو اور مُجھے موقع دو تُمہاری زندگی میں کام کرنے کا۔ صِرف میری مرضی پر چلنے سے تُم آزادی اور سکون حاصِل کرو گے۔ جب تُم. اپنی مرضی پر چلو گے تو تباہی کا شکار ہو جاؤ گے۔ میری مرضی میرے پاک روح سے بھری ہے اور اِس کا پیالہ لبریز ہے۔ اور اِس طرح یہیں تُم میرے آنے کے لئیے تیار ہو گے۔ اور محفوظ بھی ہو گے۔ بچو! جاگو۔ یہی سچائی ہے اور کوئی سچائی نہیں

متی 25 باب 4 آئت :
مگر عقلمندوں نے اپنی مشعلوں کے ساتھ اپنی کُپّیوں میں تیل بھی لے لِیا۔

https://www.youtube.com/watch?v=daNIoOyCrPA

باب 15
رہنما میرے پیچھے نہیں چلتے

میرے بچو! میرا دِل اِس دُنیا کی وجہ سے بہت تکلیف میں ہے۔ میرے لوگ مُجھے ترجیح نہیں دیتے۔ وہ بھی جو میری بھیڑوں کو چرّاتے ہیں۔ وہ اپنے وعدہ کے مُطابق چلتے ہیں۔ میں بھی اُن سے توقع نہیں رکھتا۔ کونکہ وہ اپنے بچوں کو سچائی نہیں بتاتے۔ جیسا چاہتے ہیں وہی سُناتے ہیں۔ کوئی بھی جگہ ایسی نہیں جہاں میرے بچوں کو مُکمل سچ سُننے کو مِلے۔ رہنما اپنی کلیسیاؤں کو مُنتشر کر رہے ہیں۔ وہ ابلیس کے بنائے ہوئے پھندے میں پھنسے ہوئے ہیں۔ رہنما لوگوں کو اِس طرح تیار کرتے ہیں کہ وہ مُجھے ڈھونڈنے کی بجائے میرا اِنکار کرتے ہیں۔ سچائی صِرف میرے کلام میں ہے اور میرا کلام پڑھنے سے تُمہیں نظم وضبط آئے گا۔ میرے بچو! تُم میرے شاگرد ہو اور تُمہیں نظم و ضبط سیکھنے کی ضرورت ہے۔ اگر تُم بھی اِس دُنیا کی تباہی میں پھنس چُکے ہو تو تُم کیسے خُود کو میری مرضی کے مُطابق کہتے ہو۔ یہ میری مرضی نہیں۔ میں ایسا خُدا نہیں جِس کی کوئی عزت نہیں۔ اِس دُنیا کے آغاز میں ہی تُم نافرمانی کی سزا دیکھ چُکے ہو۔ مُجھ سے دُور جانے کے نُقصانات اور نتائج ہیں۔ میں اُن کے ساتھ نرمی نہیں برتوں گا جو پہلے مُجھے ڈُھونڈتے ہیں اور پِھر اِس دُنیا کے ساتھ مگن ہو جاتے ہیں۔ یہ چلاقی اچھی نہیں اور یہ دُنیا یہی کر رہی ہے۔ مُجھ سے اُمید لگانا اور پِھر اپنی مرضی کی تلاش کرنا اچھی بات نہیں۔ میں بہت جلد آنے والا ہوں۔کیا تُم میرے ساتھ ہو یا اِس دُنیا سے جا مِلے ہو؟ یہ دُنیا بھٹکی ہوئی ہے۔ یہ دُنیا تُمہیں نا اُمیدی دے گی۔ کیونکہ یہ اب خُدا پر بھروسہ نہیں کرتی۔ نہ ہی خُدا کا اِنتظار کرتی ہے۔ بدروحوں نے اِس دُنیا کو اپنے گھیرے میں لے لِیا ہے۔ مُختلف پیغامات جو تُمہیں ملتے ہیں دُنیا کے نظام کے وسیلہ سےہیں اور ایسی کلیسیائیں جو جھوٹی تعلیم دیتی ہیں۔ صِرف میرا کلام ہی سچائی ہے جو بدلتا نہیں۔ میرے کلام پر دھیان دو۔ گہرے میں جاؤ۔ وقت نکالو۔ اور میرا کلام پڑھنے کے لئیے اپنے آپ کو تیار کرو۔ میرا پاک روح تُم پر بھید کھولے گا۔ کیونکہ روح چاہتا ہے کہ تُم سچائی سے واقف ہو۔

1 کرنتھیوں 2 باب 13 آئت :
اور ہم اُن باتوں کو اُن الفاظ میں نہِیں بیان کرتے جو اِنسانی حِکمت نے ہم کو سِکھائے ہوں بلکہ اُن الفاظ میں جو رُوح نے سِکھائے ہیں اور رُوحانی باتوں کا رُوحانی باتوں سے مُقابلہ کرتے ہیں۔

سو میرے پاس آؤ۔ مُجھے پُکارو۔ میں تُمہیں سچائی سے واقف کروں گا۔
لاتبدیل سچائی۔
میرے بچو! یہی وقت ہے۔
میں یسوع (YAHUSHUA) ہوں سب چیزوں کا بنانے والا۔

https://www.youtube.com/watch?v=BVY20_W0NQY

## باب 16
## دیکھ میں جلد آنے والا ہوں

میری بیٹی! میں بہت جلد آنے والا ہوں۔ اور یہ وقت جلد ہی آنے والا ہے۔ اور یہ دِن ایسے ہی آئے گا جیسے رات دِن میں بدلتی ہے۔ میں آنے والا ہوں اور مُجھے آنے سے کوئی روک نہیں سکتا۔ تُمہیں اِس وقت کی اہمیت جاننی ہے۔ اور اِس وقت کے اثرات سب پر ہوں گے۔ ہر جاندار جو اِس دُنیا میں رہتا ہے اِس کو محسوس کرے گا۔ یہاں وہ بھی ہیں جو ابھی تو مُجھ سے چُھپتے پھرتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ اُن پر بڑی تباہی آنے والی ہے۔ اب کِس طرح تُم میری آمد کو دیکھنا چاہتے ہو؟ یہ تُم پر ہے۔ یہ تُمہارا فیصلہ ہے کہ تُم خوشی سے میرا اِستقبال کرو گے یا تباہی کا شِکار ہو گے۔ کیا تُم میرے ساتھ آنا پسند کرو گے جب میں اپنی دُلہن کو لینے آؤں گا۔ یا پیچھے رہ کر تباہی اور بربادی دیکھنا چاہو گے۔ میرا جُوّا ہلکا ہے۔ لیکن میرا دُشمن زور میں ہے۔ وہ تُمہیں نا چھوڑے گا۔ اب یہ فیصلہ تُم نے کرنا ہے۔ کُچھ جانتے ہیں کہ میرے آنے کا وقت نزدیک ہے اور اِس پر ایمان رکھتے ہیں۔ کُچھ ہیں جو جانتے ہیں کہ صِرف میں بچا سکتا ہوں۔ میرے بچو! کیا سوچ رہے ہو۔یہی بات ہے نہ کہ گُناہ تُمہارے لئیے زیادہ اہمیت رکھتا ی؟ اور تُم نے اِن باتوں کو اپنی زِندگی کا حِصہ بنا لِیا ہے۔ اور تُم اِن کو چھوڑنا نہیں چاہتے۔ وہ میرے کلام کو نہیں پڑھتے۔ نہ ہی اپنے سوالوں کے جواب کے لئیے میرے پاس آتے ہیں۔ لوگوں کے دِلوں اور ذہنوں پر زیادہ بوجھ ہے۔ بچو! میں اِن کو نہیں بچا سکتا جو عاجزی سے میرے پاس نہیں آتے۔ جو اپنے آپ کو بچوں کی طرح نہیں بناتے۔ میں تُمہیں توبہ کے بغیر قبول نہیں کروں گا۔ اور نہ ہی اپنے ساتھ لے کر جاؤں گا جب میں اپنی دُلہن کو لینے آؤں گا۔ وہ اُٹھا لی جائے گی اور تُم اکیلے رہ جاؤ گے۔ اور جو پیچھے رہ جائیں گے وہ میرے دُشمنوں کے ہاتھوں کا شِکار ہوں گے۔ اور تاریکی کا وقت جلد آنے والا ہے۔ نہیں! کہیں بھی سکون نہ مِلے گا۔

مرقس 10 باب 15 آئت :
مَیں تُم سے سَچ کہتا ہُوں کہ جو کوئی خُدا کی بادشاہی کو بچّے کی طرح قُبُول نہ کرے وہ اُس میں ہرگِز داخِل نہ ہوگا۔

تُمہارے پاس ابھی بھی وقت ہے میرے پاس آنے کا۔ جب تُم اپنے آپ کو میرے سامنے جُھکاؤ گے تو میں تُمہیں نیا بنا کر اپنی بادشاہی میں داخِل کروں گا۔ میرے بچو! تُمہیں عقل کا اِستعمال کرنا ہے۔ میں ہی تُمہاری مدد کر سکتا ہوں۔ کوئی اور راستہ نہیں پیچھے مُڑنے کا۔ تُم دُنیا کی طرف مُڑ جاتے ہو۔ تُمہیں زِندہ رہنا ہے۔ میرے پاس آنا ہے۔ جو چیزیں معمولی نظر آتی ہیں اِنھیں معمولی نہیں لینا۔ ظاہری شکل دھوکا دے سکتی ہے۔ دُنیا میرا حِصہ نہیں۔ میری دُلہن بننے سے پیچھے نہ رہنا۔ وہ تیار ہے اور خوبصورت ہے۔ میں اُسے بہت پیار کرتا ہوں! وہ میری پیاری کلیسیا ہے۔ وہ میری گواہ ہے۔ میں اُسکا سب کُچھ ہوں۔ میں اُسے اِس خوفناک دِن سے بچانے آنے والا ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=_HjPl_pBWuE

## باب 17

## مُخالفِ مسیح

میرے بچو! میں تُمہیں نئی بات بتانا چاہتا ہوں۔ میں تُمہیں مُخالفِ مسیح کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں۔ جو دُنیا پر راج کرے گا۔ جلد ہی وہ آئے گا اور اِس دُنیا پر بادشاہی کرے گا۔ سب بدل جائے گا۔ پِھر دُنیا اِس طرح نظر نہیں رہے گی۔ ہر طرف ظُلم ہو گا۔ وہ سب کو اپنا غُلام بنا لے گا۔ وہ تباہی سے سب کو جُھکا دے گا۔ جو بھی اُس کے ساتھ کھڑا ہو گا وہ تباہ ہو جائے گا۔ یہ سب سے تاریک اور خوفناک وقت ہو گا۔

1 یوحنا 2 باب 22 آئت :

کَون جھُوٹا ہے سِوا اُس کے جو یِسُوع کے مسِیح ہونے کا اِنکار کرتا ہے؟ مُخالِفِ مسِیح وُہی ہے جو باپ اور بَیٹے کا اِنکار کرتا ہے۔

جو میرا نام لے لے گا وہ اُن کو غُلام بنا لے گا. میرا نام ایسے ہو گا جیسے موت. بہت سے خوف کی وجہ سے میرا نام نہیں لیں گے۔ یہ تمام دُنیا میں ہو گا۔ اور وہ تمام دُنیا میں دہشت پھیلائے گا۔ دُنیا نے ایسی تباہی پہلے نہ دیکھی ہو گی۔

مُکاشفہ 20 باب 4 آئت :

پِھر مَیں نے تخت دیکھے اور لوگ اُن پر بَیٹھ گئے اور عدالت اُن کے سُپُرد کی گئی اور اُن کی رُوحوں کو بھی دیکھا جِن کے سر یِسُوع کی گواہی دینے اور خُدا کے کلام کے سبب سے کاٹے گئے تھے اور جِنہوں نے نہ اُس حَیوان کی پرستِش کی تھی نہ اُس کے بُت کی اور نہ اُس کی چھاپ اپنے ماتھے اور ہاتھوں پر لی تھی۔ وہ زِندہ ہو کر ہزار برس تک مسِیح کے ساتھ بادشاہی کرتے رہے۔

مُخالفِ مسیح تب آئے گا جب میری دُلہن اُٹھا لی جائے گی۔ لوگ پریشان ہوں گے۔ بہت سے سوال اُن کے اندر چل رہے ہوں گے۔ تب وہ آ جائے گا۔ اور یہ سب جلد ہو گا۔ دُنیا ایسی مُصیبت دیکھے گی جو پہلے اِس نے نہ دیکھی ہو گی۔

1 یوحنا 4 باب 3 آئت :

اور جو کوئی رُوح یِسُوع کا اِقرار نہ کرے وہ خُدا کی طرف سے نہیں اور یہی مُخالِفِ مسِیح کی رُوح ہے جِس کی خَبر تُم سُن چُکے ہو کہ وہ آنے والی ہے بلکہ اَب بھی دُنیا میں موجُود ہے۔

مُخالفِ مسیح اُن کا خاتمہ کرے گا جو میری راحوں پر چلیں گے، جو میری گواہی دیں گے۔ اُس کا سب سے پہلا کام لوگوں کو اپنی چھاپ دے کر اپنے کنٹرول میں کرنا ہو گا۔ اور جو اُس کی چھاپ نہیں لیں گے وہ اُن کو ختم کر دے گا۔ اور وہ اُن لوگوں کو میرے لوگوں کے خِلاف اِستعمال کرے گا جو وہ چھاپ لے چُکے ہوں گے۔ بہت ڈرونا وقت ہو گا۔ اور جو وہ چھاپ لے لیں گے وہ ہمیشہ کے لئیے بھٹک جائیں گے۔ یہ مُخالفِ مسیح کے نظام کی ملکیت ہو گی۔

مُکاشفہ 14 باب 11 آئت :

اور اُن کے عذاب کا دھُواں ابدُالآباد اُٹھتا رہے گا اور جو اُس حَیوان اور اُس کے بُت کی پرستِش کرتے ہیں اور جو اُس کے نام کی چھاپ لیتے ہیں اُن کو رات دِن چَین نہ مِلے گا۔

میرے بچو! یہ سب باتیں جو تُم کو بتائی جاتی ہیں اُن کو رّد مت کرنا۔ اِس دُنیا میں نسب کُچھ ہونے والا ہے۔ وقت جلد آنے والا ہے جب میں اپنی دُلہن کو لے جاؤں گا۔ میں ہی اپنی سچی کلیسیا کو لے کر جاؤں گا اور پِھر جلد ہی مُخالفِ مسیح اپنا کام شروع کر دے گا۔ مُخالفِ مسیح جھوٹا ہے۔ حاسد اور لالچی ہے۔ وہ اپنی راہ میں کِسی کو نہیں آنے دے گا۔ وہ طاقت اور اِختیار کے لئیے کُچھ بھی کر سکتا ہے۔ لوگ اُس کے لئیے کُچھ اہمیت نہیں رکھتے۔ وہ صِرف اپنے آپ کو اِس دُنیا پر راج کرنا دیکھنا چاہتا ہے۔ وہ ظلم اور تباہی کرنے اور سب کو اپنے آگے جُھکانے آئے گا۔ کوئی بھی اُسے روک نہ سکے گا جب تک میں خُود آ کے اُسے نہ روکوں۔

تھسلنیکیوں 2 باب 8 آئت 2 :

اُس وقت وہ بے دِین ظاہِر ہوگا جِسے خُداوند یِسُوع اپنے مُنہ کی پھُونک سے ہلاک اور اپنی آمد کی تجلّی سے نِیست کرے گا۔

جو لوگ یہاں رہ جائیں گے وہ جانیں گے کہ کیسے وہ سب پر بادشاہی کرے گا۔ نیم گرم کلیسیا پیچھے رہ جائے گی۔ وہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔ بہت سے مُخالفِ مسیح کے روب سے بہک جائیں گے۔ اور یہ بہت ہی نازک وقت ہو گا۔ بہت سے میری بادشاہی میں داخِل ہونے کے لئیے دِل میں خیال کریں گے۔ اور پھر مُجھے ڈھونڈیں گے اور پھر اُن کا ایمان اُنھیں بچائے گا۔ اور وہ جانیں گے کہ مُجھے چُننا ہی اُنھیں بچائے گا۔ اور بہت سے ایسے ہیں جو ایمان نہیں رکھیں گے۔ اور یہ بہت تاریک وقت ہو گا۔

مُکاشفہ 19 باب 20 آئت :

اور وہ حَیوان اور اُس کے ساتھ وہ جھُوٹا نبی پکڑا گیا جِس نے اُس کے سامنے اَیسے نِشان دِکھائے تھے جِن سے اُس نے حَیوان کی چھاپ لینے والوں اور اُس کے بُت کی پرستِش کرنے والوں کو گُمراہ کِیا تھا۔ وہ دونوں آگ کی اُس جھِیل میں زِندہ ڈالے گئے جو گندھک سے جلتی ہے۔

میرے بچو! سچ میں میں تُمہیں تیار کرنا چاہتا ہوں۔ تُمہیں تیار رہنا ہے۔ اور جلدی کرنی ہے۔ ہر وقت اور ہر طرح سے تیار رہنا ہے۔ کیونکہ میں جلد آنے والا ہوں۔ میں ہی دروازہ ہوں۔ تُمہیں میرا اِنتظار کرنا ہے۔ مُجھے تکتے رہنا ہے۔ تُمہاری نِگاہیں صِرف میری طرف ہونی چاہیئے کیونکہ میں ہی دروازہ ہوں۔ میں جلد دروازہ کھولوں گا اور پھر اُسے بند کر دوں گا۔ اور یہ سب جلد ہونے کو ہے۔ میری کلیسیا کو تیار رہنا ہے۔

متی 25 باب 10 آئت :

جب وہ مول لینے جارہیں تھِیں تو دُلہا آ پہُنچا۔ اور جو تیّارتھِیں وہ اُس کے ساتھ شادِی کے جشن میں اَندر چلی گئِیں اور دروازہ بند ہوگیا۔

مُخالفِ مسیح خُود کو تیار کر رہا ہے۔ وہ طاقت میں آنے کی تیاری کر رہا ہے۔ دہشت اُسکی ہے۔ وہ ہر طرف دہشت پھیلائے گا اور کوئی بھی اُسے روک نہیں سکے گا۔ اُسکو ہلکا مت سمجھو۔ میرا دُشمن تُمہیں دھوکا دے رہا ہے۔ وہ تُمہیں پھینکنا چاہتا ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ تُم سیدھی راہ پر چلو۔ ہر طرف دھوکا ہے۔ سب سمجھتے ہیں کہ سب ٹھیک ہے لیکن سب ٹھیک نہیں ہے۔ بچو! اپنی آنکھیں کھولو اور جانو کہ کیا ہونے والا ہے۔ جاگو اور آؤ۔ کلام کو دھیان سے پڑھو۔ یہ دُنیا چاروں طرف سے اپنے خُدا کا اِنکار کر رہی ہے۔ میں زیادہ دیر یہ برداشت نہ کروں گا۔ ابھی تو میں اپنے ہاتھ پھیلائے تُمہارے اِنتظار میں ہوں۔ اور میں تُمہاری محافظت کر رہا ہوں۔ اور تُمہیں تُمہاری خواہِشیں پوری کرنے دے رہا ہوں۔ اور دُنیا کو اِس کے خُدا کے بغیر کام کرنے دے رہا ہوں۔ میں وہ خُدا ہوں جو لحاظ رکھتا ہوں۔ لیکن جب میں اپنا ہاتھ اُٹھا لوں گا اور تُمہیں اِس مخالفِ مسیح کے ہاتھوں میں چھوڑ دوں گا تب تُم جانو گے۔ میرے پاس آؤ۔ توبہ کرو۔ میرا لہُو اپنے اوپر مانگو۔ میرے سامنے جُھکو، اپنی زِندگی مُجھے دو۔ میں تُمہیں اپنے کلام اور لہُو سے دھوؤں گا۔ کوئی بھی میری آمد روک نہیں سکتا۔ میں یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔ عظیم بادشاہ، عاجز اور خاکسار۔

یوحنا 15 باب 3 آئت :

اب تُم اُس کلام کے سبب سے جو مَیں نے تُم سے کِیا پاک ہو۔

https://www.youtube.com/watch?v=I7TEfnS3zpE&t=14s

باب 18
دیکھو میری آمد کا وقت نزدیک ہے

آؤ آج پھر سے شروع کریں۔ اب پھر وقت ہے ایک نئے موضوع پر بات کرنے کا۔ دیکھو میں بہت جلد آنے والا ہوں۔ اور میری آمد کا وقت نزدیک ہے جب میں جلد ہی نزول کروں گا۔ اور یہ جلد ہوگا۔ بہت سے جو تیار نہیں، بہت سے گِر چُکے ہیں، بہت سے جو میرے لئیے تیار نہیں۔ بہت سی تبدیلیاں جو اِس دُنیا میں ہو رہی ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم اِس سچائی کو جانو۔ بچو! میرے آنے کا وقت نزدیک ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ بہت سے تیار نہیں۔ بہت سمجھتے ہیں کہ وہ تیار ہیں حالانکہ وہ نہیں ہیں۔ ابھی بھی بہت سے اِس دُنیا میں گُم ہیں۔ میرے بچو! تُمہیں اِس دُنیا سے بندھن توڑنے ہیں۔ یہ دُنیا ایک ڈُوبتی ہوئی کشتی ہے جو تُمہیں بھی ڈُوبا دے گی۔ میرے بچو میں اِس وقت کو اہمیت نہیں دیتا جو تُم مُجھ سے الگ گُزارتے ہو۔ تُم اِس دُنیا سے اپنے سوالوں کے جواب مانگتے ہو۔ یہ میرے بچے نہیں ہو سکتے جو اِس دُنیا کو تکتے ہیں۔ تُم خالی اُمید لگا کر بیٹھے ہو، اور کھوکھلی سچائی۔ تُم بہت بڑا نُقصان اُٹھاؤ گے۔ اگر اِسی طرح خرگوش کے خالی بِل کو تکتے رہے تو یہ بہت بڑی تباہی لائے گا۔ کیوں تُم مُسلسل اِس جھوٹ کے پیچھے بھاگ رہے ہو کہ یہ دُنیا تُمہیں کُچھ دے گی۔ میں حق ہوں۔

یوحنا 2 باب 15 آئت 1 :
نہ دُنیا سے محبّت رکھّو نہ اُن چِیزوں سے جو دُنیا میں ہیں۔ جو کوئی دُنیا سے محبّت رکھتا ہے اُس میں باپ کی محبّت نہِیں۔

بچو! میری بات غور سے سُنو۔ وقت بھاگ رہا ہے۔ تُمہیں اپنے آپ کو بچانے کے لئیے تھوڑا ہی وقت بچا ہے۔ اب وقت ہے تیاری کا۔ اگر تُم اِرادہ کرو تو اِس پر دھیان کرو گے۔ میرا دُشمن جلد ہی اپنا کام شروع کر دے گا۔ وہ دِن آنے والا ہے۔ میرے بچو! اِس دِن کو کوئی بھی روک نہیں سکتا۔ آؤ اور مُجھے جانو۔ اگر تُم مُجھے جاننے کے لئیے وقت نہیں نِکالو گے تو تُم کبھی بھی محفوظ نہیں رہو گے۔ اپنے آپ کو میرے سامنے جُھکا کر مُکمل توبہ کرو۔ میں تُمہارا اِنتظار کر رہا ہوں۔ میرے بچو! جو بھی میرے سامنے جُھکے گا وہ ہی مُجھے جانے گا۔ اور یہ ہی میں چاہتا ہوں۔ میں نے ایک راہ تُمہارے لئیے تیار کِیا ہے۔ میں نے تُمہاری آزادی کے لئیے بڑی قیمت ادا کی ہے۔ میری دُلہن میرے لئیے تیار ہے۔ اور میں جلد آ رہا ہوں۔ میں نے بڑی قیمت ادا کی ہے اور کوئی بھی ایسا نہیں کرتا جو میں نے کِیا۔ میں نے تمام کِیا۔ اور کوئی بھی اِس قیمت کو ادا نہیں کر سکتا۔

یسعیاہ 52 باب 14 آئت :
جس طرح بہتیرےتجھ کو دیکھ کردنگ ہو گئے(اس کے چہرہ ہرایک بشر سے زائد اور اس کا جسم بنی آدم سے زیادہ بگڑگیاتھا)

یہ سب تُمہارا ہے۔ تُمہیں آنا ہے اور توبہ کرنی ہے۔ مُجھے اپنا سب کُچھ دے دو۔ اگر تُم اپنا آپ مُجھے نہیں دو گے جو میں کہتا ہوں تو تُم میرے نہیں بلکہ میرے دُشمن کے ہو۔ تُم اپنے نہیں بلکہ میرے ہو۔ مُجھے چُنو میں تُمہیں جواب دوُں گا۔ میں تُمہارے جواب کا اِنتظار کر رہا ہوں۔
میں تُمہارا نجات دہندہ، تُمہارا خُداوند یسوع مسیح (YAHUSHUA) ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=nn0o_x5aOLg

باب 19
تیاری کرو

شروع کر (19 فروری 2012) بچو! میرے پاس تُمہیں دینے کے لئیے کلام ہے۔ میری واپسی کی گھڑی آ پہنچی ہے۔ تُمہیں تیاری کرنی ہو گی۔ جب میں اپنی خوبصورت دُلہن کو لینے آؤں گا، میں چاہتا ہوں تُمہیں بھی ساتھ لے کے جاؤں۔ مگر اگر تُم تیار نہیں ہو گے تو میں تُمہیں ساتھ لے کر نہیں جاؤں گا۔
ضرور ہے کہ تُم خُود کو تیار کرو۔ مُجھے دِکھاؤ کہ تُم تیار ہو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میری راہ دیکھو۔ میں چاہتا ہوں تمام نِگاہیں میری مُنتظِر ہوں۔ اگر تُم جاگتے نہ ہُوئے تو تُم تیاری نہ کر پاؤ گے۔ صِرف وہ ہی تیار ہوں گے جو جاگ رہے ہیں۔

عبرانیوں 9 باب 28 آئت :
اُسی طرح مسِیح بھی ایک بار بہُت لوگوں کے گُناہ اُٹھانے کے لِئے قُربان ہو کر دُوسری بار بغَیر گُناہ کے نِجات کے لِئے اُن کو دِکھائی دے گا جو اُس کی راہ دیکھتے ہیں۔

کُچھ کہتے ہیں ہمیں تیاری کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ شیطان کی سازِش ہے۔ وہ عیار ہے اور دھوکے سے بھرا ہُوا۔ وہ میرے تمام بچوں کو میری تنگ راہ سے گُمراہ کرنا چاہتا ہے۔ تُمہیں ہر وقت تیار رہنا چاہئیے۔ ضرور ہے کہ تُم ہر دم تیار رہو کیونکہ تُم اُس گھڑی کو نہیں جانتے جب میں آ موجود ہوں گا۔ میں رات کو چور کی مانند آؤں گا۔ کیا میرا کلام بھی یہ نہیں کہتا؟ میرا کلام اِس بارے میں صاف صاف بتاتا ہے۔ بہت سے ایسے جو تیار نہ ہوں گے، پیچھے چھوڑ دئیے جائیں گے اور موقع پر پکڑے جائیں گے کیونکہ وہ خُود کو بیدار اور تیار نہ رکھ پائے۔
اِس گروہ میں شامِل نہ ہونا جِنھوں نے میری آگاہیوں کو رّد کر کے تیاری کرنے سے اِنکار کِیا۔ یہ گروہ یہ جان کے افسردہ ہو گا کہ وہ پیچھے چھوڑ دئیے گئے تا کہ وہ بدترین حالات اور زمینی آفات کا سامنا کریں۔

تیمتھیئس 4 باب 8 آئت 2 :
آیندہ کے لِئے میرے واسطے راستبازی کا وہ تاج رکھّا ہُوا ہے جو عادِل مُنصِف یعنی خُداوند مُجھے اُس دِن دے گا اور صِرف مُجھے ہی نہِیں بلکہ اُن سب کو بھی جو اُس کے ظُہُور کے آرزو مند ہوں۔

میرے بچو! جتی' کہ تُم اپنے مِنسٹری کے کام کو اپنی نجات کی راہ میں لے آتے ہو۔ بہت سی کلیسیائیں اور بہت سے مذہبی لیڈر بھی پیچھے چھوڑ دئیے جائیں گے۔ اِس جال میں مت پھنس جانا۔ بیدار رہو۔ تیار رہو۔
اپنے گھرانے کو تباہ مت ہونے دینا۔ اپنے گھر کو ٹوٹنے مت دینا۔ جب چور آئے گا کہ کوئی سوچتا بھی نہ ہو گا اور وہ چوکیدار جو تیار نہیں ہے پکڑ لِیا جائے گا۔ تیاری کرو اور خُود کو محفوظ رکھو۔ کیونکہ تُم اُس گھڑی کو نہیں جانتے کہ کب میں اپنی دُلہن کو لینے آ جاؤں گا۔

متی 24 باب 42 تا 44 آیات :
42 پَس جاگتے رہو کِیُونکہ تُم نہِیں جانتے کہ تُمہارا خُداوند کِس دِن آئے گا۔
43 لیکِن یہ جان رکھّو کہ اگر گھر کے مالِک کو معلُوم ہوتا کہ چور رات کو کَون سے پہر آئے گا تو جاگتا رہتا اور اپنے گھر میں نقب نہ لگانے دیتا۔
44 اِس لِئے تُم بھی تیّاررہو کِیُونکہ جِس گھڑی تُم کو گُمان بھی نہ ہوگا اِبنِ آدم آجائے گا۔

میں ایک مرتبہ آ کے اپنی دُلہن اور اپنی کلیسیا کو لے جاؤں گا تو میں دوبارہ پھِر نہ آؤں گا۔ دروازہ بند کر دِیا جائے گا اور کوئی آدمی اِسے کھول نہ پائے گا۔

لوقا 13 باب 24 اور 25 آئت :
24 اُس نے اُن سے کہا جانفشانی کرو کہ تنگ دروازہ سے داخِل ہو کِیُونکہ مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ بہُتیرے داخِل ہونے کی کوشِش کریں گے اور نہ ہوسکیں گے۔
25 جب گھر کا مالِک اُٹھ کر دروازہ بند کر چُکا ہو اور تُم باہِر کھڑے دروازہ کھٹکھٹا کر یہ کہنا شُرُوع کرو کہ اَے خُداوند! ہمارے لِئے کھول دے اور وہ جواب دے کہ مَیں تُم کو نہِیں جانتا کہ کہاں کے ہو۔

میری آمد تہہ ہے اور جلد ہے۔ میں اِس کے وقوع پذیر ہونے میں کِسی کی خاطر بھی تاخِیر نہیں کروں گا۔ میری آمد تہہ ہے اور آ رہی ہے۔ کل یا تو کُچھ عرصہ بعد. ایسی ہی ہے میری آمد۔ فیصلہ کرنے میں اور میری آمد کے لئیے خُود کو تیار کرنے میں دیر مت کرو۔ تُم دیر کرو گے اور مُجھے کھو دو گے۔

یہ آوارہ گردی اور دُنیاوی چیزوں میں وقت ضائع کرنے کا وقت نہیں ہے۔
بچو! میرے حق میں فیصلہ کرنے میں دیر مت کرو میں اپنی نیم گرم کلیسیا کا ہمیشہ اِنتظار نہیں کروں گا۔
ان اِلفاظ کو سنجیدگی سے لو۔ میں ہمیشہ ایسی کلیسیا کے اِنتظار میں نہیں بیٹھا رہوں گا جِس نے بارہا میری آگاہیاں رّد کی۔
میرے منصوبے الہی ہیں۔ میں صِرف ان کو اُٹھا لے جاؤں گا جو میرے لئے تیار ہیں اور بے صبری سے میرا اِنتظار کرتے ہیں۔ صِرف یہی میرے ساتھ آئیں گے۔ باقی سب چھوڑ دئیے جائیں گے۔
میں معذرت کرتا ہوں اگر میرے اِلفاظ سخت ہیں۔ مگر میری آگاہیاں صاف ہیں اور تبدیل نہیں ہوتی۔ میں ہمیشہ کے لئیے یکساں ہوں۔ کیا میں لاتبدیل خُدا نہیں ہوں؟

عبرانیوں 13 باب 8 آئت :
یِسُوع مسِیح کل اور آج بلکہ ابد تک یکساں ہے۔

وقت گُزرتا جا رہا ہے۔ جاگو اور تیاری کرو
یہ میرا کلام ہے اور میرا کلام برحق ہے
میں تُمہارا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=cWSpwdeZRnM

باب 20
تُمہارا وقت ختم ہو رہا ہے

میں آج پھر سے تیار ہوں تُم سے بولنے کے لئیے۔ میں تُمہارا باپ ہوں جو موجود ہوں۔ تُمہیں کُچھ بتانا چاہتا ہوں۔ دُنیا بہت تیزی سے بہک رہی ہے۔ دُنیا بہت جلد میرے رتھوں کو آسمان پر اُرتے ہوئے دیکھے گی۔ یہ وقت بہت جلد آئے گا۔ گھڑی پر تھوڑا ہی وقت باقی ہے۔ مُصیبتوں کا آغاز ہونے والا ہے۔ سب لوگ جانیں گے۔

مُکاشفہ 14 باب 10 آئت :
وہ خُدا کے قہر کی اُس خالِص مَے کو پِئے گا جو اُس کے غضب کے پیالہ میں بھری گئی ہے اور پاک فرِشتوں کے سامنے اور برّہ کے سامنے آگ اور گندھک کے عذاب میں مُبتلا ہوگا۔

میرے بچو! میں تُمہیں متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ نظر انداز مت کرو۔ اِن تنبیع کی باتوں کو رد مت کرو۔ تیاری کرنے میں دیر مت کرو۔ میرے آنے کا وقت نزدیک ہے۔ اب وقت ضائع مت کرو۔ تُمہیں جاگنا ہے۔ میرے بچو! میں اِنتظار نہیں کر سکتا۔ مُجھے اپنی دُلہن کو اِس مُصیبت سے نکالنا ہے۔ وہ میرے لئیے تیار ہے۔ اُس نے اپنے آپ کو تیار کیا ہے۔ میں چاہتا ہوں تُم بھی تیار ہو۔ میرے بچو! میرے آگے مکمل طور پر جھُکو۔ میرے آنے کا وقت نزدیک ہے۔ ہمیشہ کی طرح دیر مت کرو۔ ہمیشہ وقت ایسا نہیں رہے گا۔ تُمہارا وقت تقریباً ختم ہو چُکا ہے۔ تُمہارے لئیے یہ یقین کرنا مُشکل ہے کہ یہی سچ ہے۔ اِس دُنیا نے میری بات کو نہیں مانا۔ اِس دُنیا نے اپنی نگاہیں مُجھ سے ہٹا لی ہیں۔ بہت جلد میری دُلہن کا اِنتظار ختم ہو گا۔ اُس نے اپنے آپ کو میرے لئیے تیار کیا ہے۔ میں اُسے اکیلا نہیں چھوڑوں گا۔ یہ دُنیا میری مُخالف ہے اور میری دُلہن کی بھی۔

مُکاشفہ 19 باب 7 آئت :
آؤ۔ ہم خُوشی کریں اور نِہایت شادمان ہوں اور اُس کی تمجِید کریں اِس لِئے کہ برّہ کی شادِی آ پہُنچی اور اُس کی بِیوی نے اپنے آپ کو تیّار کر لِیا۔

یہ بہت بڑا جشن ہو گا جیسا پہلے کبھی نہ ہوا ہو۔ میرے بچے میری آمد کی تیاری کرتے ہیں۔ وہ ہوا میں اُڑنے کے لئیے تیار ہیں۔ میں اُنھیں اِس سب سے بچاؤں گا جو ہونے والا ہے۔ بہت جلد یہ سب ہو گا۔ اِس بات سے دھوکا نہ کھاؤ کہ سب ٹھیک ہے۔ بہت سے اِس دُنیا سے لِپٹے ہوئے ہیں۔ بہت جلد ہر طرف دہشت ہو گی۔ اِن باتوں سے گھبرا مت جانا۔ بلکہ سچائی کو قبول کرنا۔ کلام کی طرف مُڑنا۔ اُسکو پڑھنا۔ میرا پیچھا کرو اور میرا روح تُم پر سچائی ظاہر کرے گا۔ اُس کو بلاؤ تا کہ وہ تُم پر مُکاشفات ظاہر کرے۔ کوئی اور تُمہیں سچائی نہیں بتا سکتا۔ صرف میرا روح تُمہیں سچائی بتا سکتا ہے۔

کرنتھیوں 2 باب 11 تا 14 آیات 1 :
11 کِیُونکہ اِنسانوں میں سے کَون کِسی اِنسان کی باتیں جانتا ہے سِوا اِنسان کی اپنی رُوح کے جو اُس میں ہے؟ اِسی طرح خُدا کے رُوح کے سِوا کوئی خُدا کی باتیں نہِیں جانتا۔
12 مگر ہم نے نہ دُنیا کی رُوح بلکہ وہ رُوح پایا جو خُدا کی طرف سے ہے تاکہ اُن باتوں کو جانیں جو خُدا نے ہمیں عِنایت کی ہیں۔
13 اور ہم اُن باتوں کو اُن الفاظ میں نہِیں بیان کرتے جو اِنسانی حِکمت نے ہم کو سِکھائے ہوں بلکہ اُن الفاظ میں جو رُوح نے سِکھائے ہیں اور رُوحانی باتوں کا رُوحانی باتوں سے مُقابلہ کرتے ہیں۔
14 مگر نفسانی آدمِی خُدا کے رُوح کی باتیں قُبُول نہِیں کرتا کِیُونکہ وہ اُس کے نزدِیک بے وُقُوفی کی باتیں ہیں اور نہ وہ اُنہِیں سَمَجھ سکتا ہے کِیُونکہ وہ رُوحانی طَور پر پرکھی جاتی ہیں۔

میرے بچو! یہ وقت بہت جلد ختم ہونے والا ہے۔ آؤ میں تُمہیں اپنے لہُو سے دھوؤں اور تُمہارے گُناہوں کو اپنے لہُو سے ڈھانپ دوُں۔ صلیب پر بہائے جانے کے وسیلہ سے میرے لہُو نے تُمہاری پوری قیمت ادا کی ہے۔ میں نے یہ سب تُمہارے لئیے کیا۔

فِلپیوں 2 باب 8 آئت :
اور اِنسانی شکل میں ظاہِر ہوکر اپنے آپ کو پَست کر دِیا اور یہاں تک فرمانبردار رہا کہ مَوت بلکہ صلِیبی مَوت گوارا کی۔

ہاں! یہ میرا پیار ہی تھا جو بنی نوع اِنسان کے لئیے تھا۔ اور یہ تُمہارے لئیے بھی تحفہ ہے۔ اگر تُم اِسے لے لو اور اپنی گُناہ آلودہ زِندگی کو ترک کر کے میرے پاس آؤ تو میں تُمہیں معاف کروں گا۔ تُمہارے تمام تر گُزشتہ گناہ معاف کر دئیے جائیں گے اور تُمہیں نئی زِندگی حاصل ہو گی۔

عبرانیوں 13 باب 12 آئت :
اِسی لِئے یِسُوع نے بھی اُمّت کو خُود اپنے خُون سے پاک کرنے کے لِئے دروازہ کے باہِر دُکھ اُٹھایا۔

تُم اپنے گُزشتہ گُناہوں کو ترک کر کے عاجزی کے ساتھ میری طرف آؤ اور خود کو میرے حوالے کرو۔ یہی فیصلے کی گھڑی ہے۔ اِنتظار مت کرو۔ وقت آتا ہے کہ میں جلد آؤں۔ اور کوئی اُسے روک نہیں سکتا. تُمہیں تیاری کی ضرورت ہے۔ خود کو تیار کرو۔ میں تُمہارے جواب کا مُنتظر ہوں۔

میں تُمہارا صابر، محبت کرنے والا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=rDIr7IwHp0U

باب 21

## جب تُم میری مرضی پر نہیں چلتے تو تُم میرے خلاف چلتے ہو

میں بہت جلد اپنی کلیسیا کو اُٹھا لے جاؤں گا۔ اور میں بہت سنجیدگی سے بول رہا ہوں۔ کیونکہ کُچھ ہی اُٹھا لئیے جائیں گے۔ کُچھ ہی بچے اپنی توجہ میری طرف لگائے ہوئے ہیں۔ اور بہت سے لوگ نہ میرے کلام کو پڑھتے ہیں نہ اِس پر عمل کرتے ہیں۔ اور جو بھی پڑھتے ہیں وہ اِس پر عمل نہیں کرتے۔ وہ میری مرضی سے بالکل ہی پرے ہیں۔ جب تُم میری مرضی سے پرے ہو اِسکا مطلب تُم میرے مخالف ہو۔ یہ بہت دُکھ کی بات ہے کہ لوگ میرے کلام پر یقین نہیں رکھتے۔ اور اِس دُنیا کی طرف بھاگتے ہیں۔ بچو! یہ دُنیا میری مخالف ہو چُکی ہے۔ تُم دُنیا اور مُجھے دونوں کو خوش نہیں رکھ سکتے۔

یعقوب 4 باب 4 آئت :

اَے زِنا کرنے والیو! کیا تُمہیں نہیں معلُوم کہ دُنیا سے دوستی رکھنا خُدا سے دُشمنی کرنا ہے؟ پَس جو کوئی دُنیا کا دوست بننا چاہتا ہے وہ اپنے آپ کو خُدا کا دُشمن بناتا ہے۔

اِس دُنیا کے بن جانے سے کیا مُراد ہے۔ اِس لئیے جب تُم اپنی ضرورتوں کے لئیے دُنیا کی طرف بھاگتے ہو، اپنے تحفظ کے لئیے، اپنے مُستقبل کے لئیے، اور اپنے تمام جواب ڈھونڈنے کے لئیے اِس دُنیا کی طرف جاتے ہو۔ آدمی جو کہ مُستقبل کے بارے میں نہیں جانتے۔ صرف میں جانتا ہوں کہ تُمہارا مُستقبل کیا ہے۔ دُنیا کا نظام میرے دُشمن کا نظام ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ وہ میرے بچوں کو اِس دُنیا کی طرف مائل کرے اس لئیے وہ مُجھے تُمہیں ڈھونڈنے نہیں دیتا۔ نہ ہی وہ تُمہیں مُجھ سے رفاقت رکھنے دیتا ہے۔ یہ خطرناک بات ہے۔

زبور 7 آئت 20 :
کسی کو رتھوں کا اور کسی کو گھوڑوں کا بھروسا ہے پر ہم تو خُداوند اپنے خُدا ہی کا نام لینگے۔

میرا دُشمن چاہتا ہے کہ وہ تُمہیں مُجھ سے دوُر لے جائے اور وہ چاہتا ہے کہ وہ تُمہیں ہلاک کرے اور مارے۔ وہ ہر طرح کے ہربے اِختیار کرے گا تُمہیں مُجھ سے دوُر لے جانے کے لئیے۔ وہ تُمہاری منِسٹری کو، تُمہارے خاندان کو اِستعمال کرے گا اور تُمہیں پیسوں کے لالچ میں ڈال کر اور دوسری باتوں کی طرف مائل کر کے اِستعمال کرے گا، اور یہ اُس کی منصوبہ بندی ہے تُمہیں مُجھ سے دوُر لے جانے کی۔ اور یہ اُسکا منصوبہ ہے تُمہیں تباہ کرنے کا۔ اور بہت سے لوگوں پر وہ یہ منصوبہ آزما چُکا ہے۔ صِرف میرے وفادار بندے ہی میرے پیچھے آتے ہیں۔ اور وہ ہی میری سچی کلیسیا ہے۔ وہ ہی میرے سچے شاگرد ہیں جو اپنی زِندگی مُجھے دیتے ہیں۔ تُم کیوں دُنیا کے پیچھے جاتے ہو جب میں ہی ہمیشہ کی زِندگی اور نور ہوں۔ میں تُمہیں زِندگی دوُں گا۔ میں تُمہیں سب کُچھ دوُں گا۔ میں ہی ہوں جو تُمہاری زِندگی کو بحال کروں گا۔ میں ہی ہوں جو زِندگی لیتا ہوں اور زِندگی دیتا ہوں۔

ایوب 12 باب 10 آئت :
اُسی کے ہاتھ میں ہر جاندار کی جان اور کُل بنی آدم کا دم ہے۔

تُم میری عزت نہیں کرتے اور نہ ہی مُجھ سے پیار کرتے ہو۔ جو ابلیِس نے تُمہارے لئیے گڑھے کھودے ہیں تُم اُن میں گِرتے ہو۔ تُم اُسکی طرف بھاگتے ہو۔ میرے پاس آؤ۔ اپنی پوری زِندگی مُجھے دو۔ میرے پاس سب کُچھ ہے۔ میں ہی سب کُچھ کر سکتا ہوں۔ میرے پیچھے بھاگو تو میں تُمہیں آسمانی بادشاہی کی کُنجیاں دوں گا۔ یہ دُنیا تُمہیں کُچھ نہیں دے گی۔ صِرف دُکھ، تکلیف اور اذیئت ہی تُمہارے حِصے میں آئے گی۔ اگر تُم اِس دُنیا کی طرف بھاگو گے تو تُم بڑی تباہی میں داخل ہو گے۔ اپنی نِگاہیں اِس فانی دنیا سے ہٹا لو۔ فانی اِس لئیے کہ یہ میرا علم نہیں رکھتی۔ اِس دُنیا کی حکومتیں بھی دوسری باتوں کو ترجیح دیتی ہیں۔ اور اپنے خالق کو نہیں پہچانتی۔ دُنیا مُجھ سے نہیں ڈرتی۔ میں بہت جلد تُمہیں بتاؤں گا کہ میں کون ہوں۔ میں اپنا ہاتھ بڑھاتا اور اپنے بچوں کی حفاظت کرتا ہوں۔ میرا دُشمن میرے بچوں کو ہلاک کرنا چاہتا ہے۔

111 زبور 10 آئت :
خُداوند کا خُوف دانائی کا شروع ہے۔ اُس کے مُطابق عمل کرنے والے دانشمند ہیں۔ اُسکی ستائش ابدتک قائم ہے۔

میں یہ سچائی تُم تک پہنچانا چاہتا ہوں۔ یہ سب میرے کلام میں موجود ہے اور بہت کم ہیں جو میرے کلام کو جانتے ہیں۔
اور مُجھ سے گہری محبت رکھتے ہیں اور میری سچائی کی تلاش کرتے ہیں۔

دانی ایل 12 باب 4 آئت :
لیکن تو اے دانی ایل ان باتوں کو بند کر رکھ اور کتاب پر آخری زمانہ تک مُہر لگا دے ۔ بُہیترے اس کی تفتیش و تحقیق کریں گے اور دانش افزوں ہو گی۔

اور بہت ہیں جو میری سچائی جاننے کے لئیے میرے پاس آتے ہیں مگر بہت سے میرے پاس نہیں آتے۔ میرے بچو! میرے پاس آؤ۔ ابھی بھی دیر نہیں ہوئی۔ میں تُمہیں واپس لے جاؤں گا۔ میں تُمہارا اِنتظار کر رہا ہوں۔ میری بانہوں میں آؤ۔ تو ہم ہمیشہ کے لئیے ایک ہو سکتے ہیں۔ میں تُمہیں اپنا بنانا چاہتا ہوں۔ تُم میری بادشاہی میں آ کر ہمیشہ کی زِندگی کا لُطف اُٹھا سکتے ہو۔ ہاں میرے بچو! میرے پاس آؤ۔ میں ہی تُمہارا خالق ہوں اور دُنیا مُجھ سے الگ ہے۔ اب یہ تُم پر ہے کہ تُم مُجھے چُنتے ہو یا میرے دُشمن کو۔ میں اُن کے لئیے آ رہا ہوں جو مُجھے چُنتے ہیں۔ یہ تُمہارا خالق اور مالک اور تُمہارا خُدا (YAHUSHUA) ہے جو فرماتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=jbWpEzzDzxU

## باب 22
## ابلیِس اِس دُنیا کو تباہ کرنے آ رہا ہے

آؤ شروع کریں۔ بچو! یہ تُمہارا آسمانی باپ ہے جو تُم سے کلام کر رہا ہے۔ مُجھے آج بہت کُچھ کہنا ہے۔ بہت بڑا طوفان آنے والا ہے۔ اور وہ شیطان ہے۔ یہ اِس دُنیا کو تباہ کرنے آنے والا ہے۔ جب میں اپنی دُلہن کو اُٹھا لوں گا تب وہ آئے گا۔ پہلے وہ اُٹھائی جائے گی۔ وہ اِس تباہی کو نہ دیکھے گی۔ ایک لہر اُٹھے گی جو لوگوں کو پاگل کر دے گی۔ خوفناک تباہی سب پر آئے گی۔ اور یہ سہی دہشت کا وقت ہو گا۔ اِنسانیت خوف اور غُصے میں مُبتلا ہو گی۔ کوئی بھی اعتبار کے لائق نہ ہو گا۔ اور پھِر مُخالفِ مسیح ایک منظر تخلیق کرے گا۔ وہ پھر سامنے آئے گا اور اِس کی طاقت سب کے سامنے ہو گی۔ کوئی بھی اُسے روک نہ سکے گا۔ سب رہنما اُس کی طاقت سے خوفزدہ ہوں گے وہ سب کے خون کا پیاسا ہو گا۔ اِسکی دہشت کا کوئی بھی مُشابہہ نہ ہو گا۔ کوئی بھی اِس سے چُھپ نہ سکے گا۔ کوئی بھی اِس کے ظُلم سے بچ نہ سکے گا۔ اُس کے ظُلم سے بچنے کا ایک ہی راستہ ہو گا اور وہ موت ہو گا۔ یہ اِنسانی تاریخ کا سب سے تایک وقت ہوگا۔

مُکاشفہ 18 باب 4 اور 5 آئت :
پھِر مَیں نے آسمان میں کِسی اَور کو یہ کہتے سُنا کہ اَے میری اُمّت کے لوگو! اُس میں سے نِکل آؤ تاکہ تُم اُس کے 4
گُناہوں میں شریک نہ ہو اور اُس کی آفتوں میں سے کوئی تُم پر نہ آ جائے۔
کِیُونکہ اُس کے گُناہ آسمان تک پہُنچ گئے ہیں اور اُس کی بدکارِیاں خُدا کو یاد آ گئی ہیں۔ 5

میرے بچو! سچائی کو جان لو اور میرا کلام پڑھو۔ پڑھو کہ آگے کیا ہونے والا ہے۔ میری بانہوں میں آؤ۔ اِس کے دھوکے میں مت آؤ۔ میں موجود ہوں تُمہیں بچانے کے لئیے، تُمہیں برکت دینے کے لئیے اور اپنی بادشاہت میں داخِل کرنے کے لئیے جہاں ہمیشہ کی زندگی اور محبت ہوگی۔ میں تُمہیں اپنی شادی کی ضیافت میں دعوت دیتا ہوں۔ ہم اِکٹھے ہوں گے اور اپنے پیار کو بانٹیں گے۔ تُمہیں اپنے مُستقبل سے ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ تُمہیں فِکر نہیں کرنی کہ کیا ہو گا۔ تُمہیں صِرف اپنا آپ مُجھے دینا ہے۔ تُمہاری زندگی، تُمہارا دِل اور مُستقبل کے خیال میرے سپُرد کرنے ہیں۔ مُجھے خُداوند ماننا ہے۔ میں تُمہیں محفوظ کروں گا۔ بہت کم ہیں جو آ رہے ہیں۔ بہت کم ہیں جو میرے اِس عظیم منصوبے کا حِصہ ہوں گے جب میں اپنے بچوں کو آسمانی بادشاہی میں داخل کروں گا۔ تُم ایک نیا بدن حاصِل کرو گے۔ اور یہ بدن نور سے بھرا ہو گا۔ میرے آسمانی نور سے۔ اور یہ نورانی تبدیلی جلد ہی ہو گی۔ میرے بچو! میری دُلہن بہت خوبصورت ہو گی۔ اور یہی وقت ہو گا جب میری کلیسیا اپنی جگہ بدلے گی۔ وہ پھر ویسی نہ رہے گی۔ وہ سب سے الگ ہو گی۔ یہ سب پلک جھپکنے میں ہو گا۔ ایک ہی لمحے میں میری کلیسیا بدل جائے گی۔ اپنے دُلہا کے لئیے تیار ہو گی۔ اپنے آپ کو پاکیزگی میں تبدیل کرے گی۔

کرنتھیوں 15 باب 51 تا 54 آئت 1 :
دیکھو مَیں تُم سے بھید کی بات کہتا ہُوں۔ ہم سب تو نہیں سوئیں گے مگر سب بدل جائیں گے۔ 51
اور یہ ایک دم میں۔ ایک پل میں۔ پِچھلا نرسِنگا پھُونکتے ہی ہوگا کِیُونکہ نرسِنگا پھُونکا جائے گا اور مُردے غیرفانی 52
حالت میں اُٹھیں گے اور ہم بدل جائیں گے۔
کِیُونکہ ضرُور ہے کہ یہ فانی جِسم بقا کا جامہ پہنے اور یہ مرنے والا جِسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہنے۔ 53
اور جب یہ فانی جِسم بقا کا جامہ پہن چُکے گا اور یہ مرنے والا جِسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہن چُکے گا تو وہ قَول 54
پُورا ہوگا جو لِکھا ہے کہ مَوت فتح کا لُقمہ ہو گئی۔

وہ بہت خوبصورتی سے تیار ہوگی۔ میں اپنی دُلہن کو جانتا ہوں۔ میں جانتا ہوں وہ میرے اِنتظار میں ہے اور میری راہ دیکھ رہی ہے۔ اور پُر اعتماد ہے کیونکہ وہ جانتی ہے کہ میں لا تبدیل خُدا ہوں۔ یہی ہے جِس کے لئیے میں نے اپنی جان دی۔ یہی ہے جو میرے تحائف لیتی ہے۔ میرا مُفت تحفہ نجات ہے اِس اِنسانیت کے لئیے۔ بہت کم اِس تحفہ کو مانتے ہیں۔ اور یہ مُجھے افسردہ بناتا ہے۔ میرے بچو! میں نے اپنا لہُو بہایا اور تُمہارے لئیے اپنی جان دی۔ بہت کم اِس نجات کو مانگتے ہیں۔ بہت کم اِس نجات کو پاتے ہیں۔ میرے بچو! میں نہیں چاہتا کہ تُم پیچھے رہ جاؤ۔ اپنی بانہیں پھیلا کر میرا انتظار کرو، یہ وقت تیزی سے گُزر رہا ہے۔ بہت جلد تُم پر بڑی آزار سانیاں آئیں گی۔

متی 25 باب 4 آئت :
مگر عقلمندوں نے اپنی مشعلوں کے ساتھ اپنی کُپّیوں میں تیل بھی لے لِیا۔

آؤ میری روح میں سے لے لو۔ یہی تُمہیں مکمل بنائے گا۔ پھر میں تُمہیں اپنے لہُو سے دھوؤں گا اور پاک لباس پہناؤں گا۔
اور تُم تمام جُھریوں اور داغ دھبوں سے پاک ہو گے۔

افسیوں 5 باب 25 تا 27 آیات :
25 اَے شَوہرو! اپنی بِیویوں سے محبّت رکھّو جَیسے مسِیح نے بھی کلِیسیا سے محبّت کر کے اپنے آپ کو اُس کے
واسطے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔
26 تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کر کے مُقدّس بنائے۔
27 اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بَدَن میں داغ یا جھُرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز
نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو۔

میں تُمہیں اِس جگہ میں لے جانا چاہتا ہوں۔ جہاں آزادی اور ابدی زِندگی ہے۔ میرے پاس آؤ اور خود کو میرے حوالے
کرو۔ میں تُمہیں تیار کروں گا۔
اور یہ تُم پر ہے کہ تُم کِس کو چُنتے ہو۔ کیا تُم پیچھے رہ جانا چاہتے ہو یا ہمیشہ کی زِندگی میں داخل ہونا چاہتے ہو؟
تُمہارا آسمانی بادشاہ (YAHUSHUA) فرماتا ہے۔ میرا پیار تُمہارا اِنتظار کر رہا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=xqAEAxeVRoQ

# باب 23
## رات کے پہر میں گھڑی کا بجنا

میرے بچو! میری سُنو۔ بہت ساری باتیں جو میں کہنا چاہتا ہوں۔ وقت گُزرتا جا رہا ہے۔ گھڑی تیزی سے چل رہی ہے اور کِسی بھی وقت وہ بجنے لگے گی۔ اور ایسا لگتا ہے کہ گھڑی پر بس دو ہی منٹ باقی ہیں۔ اِس کا مطلب کہ بس کُچھ ہی وقت باقی ہے۔ اپنے دِلوں کو تیار کرو اور اپنے آپ کو تیار کرو۔ اور وہ گھنٹہ آنے ہی والا ہے جب میں آجاؤں گا۔ اور پھر اپنی دُلہن کو اِس ظُلم اور عذاب سے بچا لوں گا۔ اور پھر دُشمن کے جال میں وہ نہ پھسے گی۔ اور میں اُسے تاریکی سے بچا لوں گا۔ اور پھر اُسے آنے والی تباہی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ میری دُلہن خوبصورت ہے اور میرے لئیے تیار ہے۔ اپنے بادشاہ کے لئیے وہ تیار ہے۔ میری آنکھیں اُس پر لگی ہیں۔ اُسکی خوبصورتی مُجھے متوجہ کرتی ہے۔ اور وہ میرے لئیے بالکل تیار ہے۔ اپنے دُلہا کو لینے کے لئیے۔

غزال الغزلات 4 باب 9 آئت :
اَے میری پیاری! میری زوجہ! تونے میرا دِل لُوٹ لیا ۔اپنی ایک نظر سے ۔اپنی گردن کے ایک طوق سے تونے میرا دِل غارت کر لیا ۔

اُنہوں نے اپنے آپ کو میرے لئیے تیار کیا ہے۔ وہ میرے لہُو سے دُھل چُکے ہیں۔ وہ میرے کلام سے پاک کئیے گئے ہیں۔ وہ میرا اِنتظار کر رہے ہیں۔ وہ ہر روز میرا اِنتظار کرتے ہیں۔ اُن کا دھیان مُجھ پر لگا ہے۔ ہم ایک دوسرے کے ساتھ رفاقت رکھتے ہیں۔ میرے لوگوں نے اپنا دِل میری طرف لگایا ہے۔ وہ میرے لئیے بِک چُکے ہیں۔ وہ میری آواز کو پہچانتے ہیں۔ میں بولتا ہوں اور وہ سُنتے ہیں۔ وہ میرے پیچھے بھاگتے ہیں۔

یوحنا 15 باب 19 آئت :
اگر تُم دُنیا کے ہوتے تو دُنیا اپنوں کو عِزیز رکھتی لیکِن چُونکہ تُم دُنیا کے نہیں بلکہ مَیں نے تُم کو دُنیا میں سے چُن لِیا ہے اِس واسطے دُنیا تُم سے عَداوَت رکھتی ہے۔

وہ میری نظر میں خاص ہیں۔ میں اُنھیں بُلاتا ہوں اور وہ چلے آتے ہیں۔ اُن کی زندگیوں سے میرا نور اِس دُنیا پر پڑتا ہے اور وہ میری شبیع پر ہیں۔ اور بہت جلد یہ نور اِس دُنیا سے اُٹھا لیا جائے گا اور تاریکی رہ جائے گی۔ سایہ ہٹ جائے گا۔ اور تاریکی دُنیا کو چاروں طرف سے گھیرے گی۔ یہ بے شک تاریکی کا دِن ہوگا۔ لیکن میری دُلہن یہاں نہ ہو گی۔ بلکہ وہ میرے پیچھے چلے گی۔ وہ میرے ساتھ رہے گی۔ میں اُسے محفوظ رکھوں گا۔ میرے بچو وقت آ پہنچا ہے۔ تُمہیں تیار رہنا ہے۔بہت تھوڑا سا وقت رہ گیا ہے۔ اِس دُنیا کے پیچھے اپنا وقت ضائع مت کرو۔ میں نے تُمہیں وقت دِیا ہے کہ تیاری کرو۔ اپنے پورے دِل سے مُجھے ڈھونڈو۔ اور اپنے گُناہوں کی معافی مانگو۔ میں تُم سے سچی توبہ چاہتا ہوں۔ اِنسان کا دِل اُس کو دھوکا دیتا ہے۔ صِرف میں ہی اِنسان کے دِل کو جانتا ہوں۔

یرمیاہ 17 باب 9 آئت :
دل سب چیزوں سے زیادہ حیلہ باز اور لاعلاج ہے۔ اُسکو کون دریافت کرسکتا ہے؟ ۔

میں خُداوند دِلوں اور دماغ کو جانچتا اور آزماتا ہوں۔ تاکہ ہر ایک آدمی کو اُس کے کاموں کے موافق بدلہ دُوں۔ صِرف میں ہی اپنے لہُو سے تُمہارے تمام گُناہوں کو دھو سکتا ہوں۔ اور میں اپنا لہُو تُمہیں دینا چاہتا ہوں اور تُمہیں دھو کے پاک صاف کرنا چاہتا ہوں۔

اعمال 22 باب 16 آئت :
اب کِیُوں دیر کرتا ہے؟ اُٹھ بپتِسمہ لے اور اُس کا نام لے کر اپنے گُناہوں کو دھو ڈال۔

میرے بچو! میں تُمہارا اِنتظار کر رہا ہوں کہ تُم نہائیت عاجزی سے میرے آگے جُھکو۔ توبہ کرو۔ میرے نور میں چلو۔ میری نجات لو۔ میرا خون تُمہاری نجات کے لئیے ہے۔ آؤ میں تُمہیں صاف کروں۔ تُمہیں تیار کروں۔ صِرف میں ہی سب کُچھ کر سکتا ہوں۔ مت ڈرو۔ یہ دُنیا تباہی کی طرف جا رہی ہے۔ اِس کے پاس تُمہارا کوئی جواب نہیں، نہ ہی کوئی سچائی

ہے۔ یہ اعتماد کے لائق نہیں ہے۔ اپنی زِندگی مُجھے دو۔ میرے سامنے جُھکو۔ اپنا بوجھ مُجھے دو۔ اور میں اِسے لے لوں گا۔ میری روح اور میرا اِطمینان تُمہیں خوفزدہ نہیں ہونے دے گا۔ میں تُمہیں اِطمینان دوں گا۔ اب وقت ہے ایمان سے مُجھے پکارو۔ مُجھے چُنو۔ اگر مُجھے نہیں چُنو گے تو میرا دُشمن تُمہیں چُن لے گا۔ دو ہی راستے ہیں تُم میرے ساتھ ہو یا میرے مُخالف ہو؟ دھوکا مت کھاؤ.

زبور 12 آئت 103 :
جَیسے پُورب پچھّم سے دُور ہے ویسے ہی اُس نے ہماری خطائیں ہم سے دُور کر دیں۔

آؤ مُجھے جانو۔ میں سچ میں جاننے کے لائق ہوں۔ میرا روح تُمہیں راہ دِکھائے گا۔ اور تُمہیں بتائے گا کہ تُم کِس وقت میں زِندگی گُزار رہے ہو۔ یہ زِندگی کی سچائی ہے۔ تُم نے ایسے سچائی پہلے کبھی نہیں جانی ہو گی۔ یہی میں تُمہیں بتانا چاہتا ہوں۔ آؤ اور اپنے خُدا کو جانو۔ ہاتھ میں ہاتھ لے کے میرے ساتھ چلو۔ میں تُمہاری رہنمائی کروں گا۔ وقت ضائع نہ کرو۔ میں ہی تُمہارا خُداوند تُمہارا مسیحا (YAHUSHUA) تُمہارا نجات دہندہ ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=YpzkG7_zU5E

باب 24
آپس میں لڑنا چھوڑ دو

شروع کر میری بچی۔ میں تُمہیں نیا کلام دینا چاہتا ہوں۔ سب کُچھ ویسا نہیں جیسا دِکھتا ہے۔ چیزیں بہت تیزی سے بدل رہی ہیں۔ تاکہ تُم جان سکو میرے بچو کہ یہ سب تاریکی میں تبدیل ہونے والا ہے۔ زِندگی جیسی تُمہیں نظر آتی ہے ویسی نہیں بلکہ ڈرامائی طور پر بدل جائے گی۔ اور پِھر پیچھے مُڑنے کا کوئی راستہ نہ ہو گا۔ یہ میری طرف سے آگاہی ہے۔ میں سبھُوں کو آگاہی دیتا ہوں لیکن چند ہیں جو اِس پر غور کرتے ہیں۔ بہت کم متوجہ ہوتے ہیں اور بہت کم سُنتے ہیں۔ تُم اپنی ہی دُنیا میں مست ہو، میری دُنیا میں نہیں، میری سوچوں میں نہیں، نہ میری آگاہی میں۔ یہ بہت سنجیدہ ہے۔ یہ آگاہی میں اپنی بھلائی کے لئیے نہیں بلکہ تُمہاری بھلائی کے لئیے دیتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ کیا ہونے والا ہے۔ میں تُمہیں بتانا چاہتا ہوں۔

متی 6 باب 24 آئت :
کوئی آدمِی دو مالِکوں کی خِدمت نہیں کر سکتا کِیُونکہ یا تو ایک سے عَداوَت رکھّے گا اور دُوسرے سے مُحبّت۔ یا ایک سے مِلا رہے گا اور دُوسرے کو ناچِیز جانے گا۔ تُم خُدا اور دَولت دونوں کی خِدمت نہیں کرسکتے۔

میرے بچو! میں نہیں چاہتا کہ تُم تاریکی میں چلو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم سچائی کو جانو۔ تُم جانو کہ کیا ہونے والا ہے۔ مہربانی سے جاگو۔ بُرائی کو سوُنگھو۔ تُم اُسے محسوس کر سکتے ہو۔ سب شیطانیت میں بدل جائے گا۔ کوئی بھی پاک نہ رہے گا۔

یسعیاہ 53 باب 6 آئت :
ہم سبب بھیڑوں کی مانند بھٹک گئےہم میں سے ہر ایک اپنی راہ کو پھرا پر خداوندنے ہم کی بد کرداری اُس پر لا دی۔

صِرف میری دُلہن ہی پاک رہے گی۔ صِرف وہ ہی مُجھے دیکھ سکتی ہے۔ وہ ہی مُجھے ڈُھونڈتی ہے۔ میری دُلہن، میری کلیسیا۔ میرے بچو! ایک دوسرے سے لڑنا چھوڑو۔ تُم ایک دوسرے کو تباہ کر رہے ہو۔ میرے کلام پر بحث کرنا چھوڑو۔ یہ وقت نہیں غُصے میں آنے کا اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ دُشمن آتا ہے اور تُمہیں گِرانا چاہتا ہے۔ مہربانی سے ایک دوسرے سے لڑنا چھوڑ دو اور پیار کرو۔

یوحنا 13 باب 34 آئت۔
مَیں تُمہیں ایک نیا حُکم دیتا ہُوں کہ ایک دُوسرے سے محبّت رکھّو کہ جَیسے مَیں نے تُم سے محبّت رکھّی تُم بھی ایک دُوسرے سے محبّت رکھّو۔

ایک دوسرے کے گُناہ معاف کرو۔ ایک دوسرے کو برکت دو نہ کہ لانت۔ یہ وقت لڑنے کا نہیں۔

متی 6 باب 14 آئت :
اِس لِئے کہ اگر تُم آدمِیوں کے قُصُور مُعاف کرو گے تو تُمہارا آسمانی باپ بھی تُم کو مُعاف کرے گا۔

اپنے آپ کو خالی کرو اور میرے پاس آؤ۔ میں تُمہیں بتاؤں گا کہ ایک دوسرے کے ساتھ کِس طرح پیش آنا ہے۔ میرے بچے گِر جاتے ہیں کیونکہ وہ ایک دوسرے سے لڑتے ہیں۔ یہ راہ نہیں، یہ میرا راہ نہیں۔ میرا سامنا کرو اور توبہ کرو۔ اور پِھر ایک دوسرے کے پاس جاؤ اور معافی مانگو اور پِھر ایک دوسرے کو معاف کرو اور اُکسایا نہ کرو۔ تُمہاری ناراضگیاں تُمہیں ہمیشہ کی نجات سے خالی نہ کر دیں۔ میرے بچو! میں تُمہیں بتانا چاہتا ہوں۔ جب تُم معاف نہیں کرتے تو میری رفاقت کو روکتے ہو۔

متی 6 باب 15 آئت :
اور اگر تُم آدمِیوں کے قُصُور مُعاف نہ کرو گے تو تُمہارا باپ بھی تُمہارے قُصُور مُعاف نہ کرے گا۔

میں تُمہیں گُناہ سے آزاد کروانا چاہتا ہوں۔ ایسا کوئی گُناہ نہیں جو تُمہیں ہمیشہ کی زِندگی میں آنے سے روکے۔ میرے بچو! میرا پیار عظیم ہے۔ لیکن میں گُناہ کو نہیں دیکھ سکتا۔ سو توبہ کرو۔ ایک دوسرے کو معاف کرو تو میں تُمہارا آسمانی باپ بھی تُمہارے گُناہ معاف کروں گا ۔ بہت کم ہیں جو معافی کے عمل کو جانتے ہیں اور اِس بوجھ سے آزاد ہوتے ہیں۔ میں تُمہارے دُکھ سے واقف ہوں۔ اپنا بوجھ مُجھے دے دو اور آؤ میں تُمہیں شِفا دوں۔ صِرف میں ہی یہ کر سکتا ہوں۔

یوایل 2 باب 25 آئت :
اور اُن برسوں کا حاصل جو تمہارے خلاف بھیجی ہُوئی فوج ملخ نگل گئی اور کھا کر چٹ کر گئی تم کو واپس دُوں گا۔

میرے پاس آؤ اور اپنا بوجھ مُجھے دو۔ میرا کلام پڑھو۔ میں ہی بحالی کا خُدا ہوں۔ میں وہ خُدا ہوں جو بچاتا ہوں اور بحال کرتا ہوں۔ آؤ میں تُمہیں سچی محبت دِکھاؤں۔ میں بہت جلد آنے والا ہوں۔ میرے پاس آؤ۔ میں ہی تُمہارا خُدا مسیحا ہوں۔ (YAHUSHUA)

https://www.youtube.com/watch?v=xFy4zrTLM5E

باب 25
میں تُمہیں نہیں لے کر جاؤں گا اگر تُم نے گُناہ سے توبہ نہ کی

میرے بچو! میری آمد کا وقت نزدیک ہے۔ یہ اپنے وقت پر ہو گا۔ بہت سمجھتے ہیں کہ میں نہیں آؤں گا۔ بہت سمجھتے ہیں کہ میں اِتنی جلدی نہیں آؤں گا اور بہت سال لگیں گے۔ میرے بچو! میں بہت جلد آ رہا ہوں۔ میری آمد نزدیک ہے۔ حتیٰ کہ دروازے پر ہے۔ بہت سو رہے ہوں گے۔ جب میں آ جاؤں گا روحانی طور پر وہ سو رہے ہوں گے۔

تھسلنیکیوں 5 باب 6 آئت 1 :
پَس اَوروں کی طرح سو نہ رہیں بلکہ جاگتے اور ہوشیار رہیں۔

یہ وقت جلد آئے گا۔ صِرف وہ جو میرا اِنتظار کر رہے ہیں اور تیار ہوں گے وہ میرے ساتھ چلیں گے۔ لیکن جِن کی توجہ میری طرف نہیں وہ سب یہیں رہ جائیں گے۔ وقت بہت نزدیک ہے۔ میرے بچو تُمہیں تیار رہنا ہے۔ یہ نہ ہو کہ تُم متوجہ نہ ہو کر پیچھے ہی رہ جاؤ۔ میں کِسی کو بھی پیچھے چھوڑنا نہیں چاہتا۔ لیکن افسوس کہ بہت سے پیچھے رہ جائیں گے۔ بہت دُکھ کی گھڑی ہو گی۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم جاگو۔ حقیقت کو جانو۔ میں آ رہا ہوں بلکہ دروازے پر کھڑا ہوں۔ دُنیا جان جائے گی کیونکہ بہت سی تبدیلیاں آنے والی ہیں۔ اور یہ جگہ پِھر ویسی نہ رہے گی۔ میرے بچو! میری سُنو۔ میں تُمہیں لے کر نہیں جاؤں گا اگر تُم نے توبہ نہ کی ہو گی۔ میرے بچو! میرے پیچھے آؤ۔ توبہ کرو۔ گُناہ چھوڑو۔ سب سے پہلا درجہ مُجھے دو۔

لوقا 13 باب 5 آئت :
مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ نہیں بلکہ اگر تُم تَوبہ نہ کرو گے تو سب اِسی طرح ہلاک ہوگے۔

میرے ساتھ رِشتہ درست کرو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میری بادشاہت میں داخل ہو۔ میں اِس سب سے تُمہیں محفوظ رکھنا چاہتا ہوں جو ہونے والا ہے۔ میں تُمہیں لے کر نہیں جاؤں گا اگر تُم میرے پاس نہیں آؤ گے۔ اور اپنی زِندگی مُجھے نہ دو گے تو تُم میرے نہیں۔ یہ بہت خاص ہے میرے بچو۔ تُمہیں اپنی زِندگی مُجھے دینی ہے۔ میرے پاس آؤ۔ توبہ کرو۔ اپنا بوجھ، اپنی فِکریں مُجھے دو۔ میں تُمہاری زِندگی چاہتا ہوں۔ میں تُمہاری زِندگی کو تبدیل کروں گا۔ تُمہیں ہمیشہ کی خوشی اور اطمینان دوں گا۔ میرے بچو! توبہ کرو، تیار رہو اور میں آ کر تُمہیں لے جاؤں گا۔

لوقا 5 باب 31 آئت :
یِسُوع نے جواب میں اُن سے کہا کہ تندرُستوں کو طبِیب کی ضرُورت نہِیں بلکہ بِیماروں کو۔

دیر مت کرو۔ یہ ایک اہم وقت ہے۔ میں اپنی دُلہن کو لے جانے میں دیر نہیں کروں گا۔
میں اِسے اُن محلوں میں لے جانے کے لئیے تیار ہوں جو میں نے اِس کے واسطے تیار کئیے ہیں۔ وہ جگہ اُسکی پناہ گاہ ہوگی۔
لہٰذا میرے بچو! تیار رہو۔ میری آمد نزدیک ہے۔ میں ایک باپ ہونے کی حیثیت سے تُمہیں بتا رہا ہوں کیونکہ میں تُمہاری پرواہ کرتا ہوں۔ میں تُمہیں بچانا چاہتا ہوں۔ اِس کجروح دُنیا سے چُھڑانا چاہتا ہوں۔ حفاظتی راستہ جلد کھُلنے کو ہے۔اور جلد بند بھی ہو جائے گا۔ مُجھے خود کو بچانے دو۔
میں تُمہارا آسمانی باپ یسوع (YAHUSHUA) ہوں

https://www.youtube.com/watch?v=WM4bscRmefQ

## باب 26
## اپنا دھیان میری طرف لگاؤ

لوقا 13 باب 24 اور 25 آئت :
24 اُس نے اُن سے کہا جانفشانی کرو کہ تنگ دروازہ سے داخِل ہو کِیُونکہ مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ بہُتیرے داخِل ہونے کی کوشِش کریں گے اور نہ ہوسکیں گے۔
25 جب گھر کا مالِک اُٹھ کر دروازہ بند کر چُکا ہو اور تُم باہر کھڑے دروازہ کھٹکھٹا کر یہ کہنا شُرُوع کرو کہ اَے خُداوند! ہمارے لِئے کھول دے اور وہ جواب دے کہ مَیں تُم کو نہیں جانتا کہ کہاں کے ہو۔

آؤ آج پھر شروع کریں۔ خُداوند فرماتا ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ تُم اپنا دھیان میری طرف لگاؤ۔ اپنی آنکھیں میری طرف لگاؤ۔ بھاگنے کا وقت نہیں۔ اور نا ہی اِس دُنیا کی طرف دھیان لگانے کی ضرورت ہے۔ یہ پرکھنے اور دھیان لگانے کا وقت ہے۔ اِس گھڑی کی طرف دھیان لگاؤ جِس مِیں میں آنے والا ہوں۔ ہر روز تُم اُس کے قریب آ رہے ہو۔ میری آگاہیوں کو ہلکا مت لو۔ اور یہ آگاہیاں تمام طرف سے آ رہی ہیں۔ میں ہر طرف سے پیغام بھیج رہا ہوں۔ اور یہ تباہی کی خبروں میں، جنگ کی خبروں میں اور میرے نبیوں کے زریئعے اور اِسی طرح حیرت انگیز نشانیوں کے زرئیعے ظاہر ہو رہی ہیں۔ اگر تُم پیچھے رہ گئے تو معذرت نہیں کر سکتے، کِسی پر اِلزام نہیں لگا سکتے۔ میرا کلام اِن باتوں کے بارے میں بتاتا ہے جو کُچھ اِس دُنیا میں ہونے والا ہے۔ میرے بچو! تُمہیں سب جاننے کے لئیے جاگنا ہے۔ صِرف خالی ایمان کے ساتھ کھڑے مت ہو۔ کیا میں نے تُم کو نہیں بتایا؟ میں نے اپنا کلام بھیجا تاکہ تُم اِس پر عمل کرو۔ اِس پر یقین کرو۔ اور اِس میں تمام آگاہیاں موجود ہیں۔ اِس کے علاوہ میں تُمہاری مدد نہیں کر سکتا۔ جب تُم میرے کلام پر یقین نہیں رکھتے تو کیسے معذرت کے ساتھ میرے سامنے کھڑے ہو گے۔ میں صِرف تُم کو آگاہ کر سکتا ہوں۔ لیکن اِن پر عمل کرنے کے لئیے تُمہیں مجبور نہیں کر سکتا۔ یہ تُمہاری مرضی ہے۔

پطرس 3 باب 3 اور 4 آئت 2 :
3 اور یہ پہلے جان لو کہ اِخیر دِنوں میں اَیسے ہنسی ٹھٹّھا کرنے والے آئیں گے جو اپنی خواہِشوں کے مُوافِق چلیں گے۔
4 اور کہیں گے کہ اُس کے آنے کا وعدہ کہاں گیا؟ کِیُونکہ جب سے باپ دادا سوئے ہیں اُس وقت سے اَب تک سب کُچھ ویسا ہی ہے جَیسا خِلقَت کے شُرُوع سے تھا۔

بہت کم میری راہ کو چُنتے ہیں۔ بہتیرے میرے دُشمن کی مرضی پر چلتے ہیں۔ جو مُجھے بہت دُکھ دیتا ہے۔ میں نے تُمہاری بڑی قیمت ادا کی ہے۔ میرے بچو! جاگو۔ میں نے اپنی جان دی تاکہ تُمہارے لئیے آزادی خرید سکوں۔ میں نے تُمہاری نجات کے لئیے یہ سب کیا۔ میری خوشی اِس میں ہے کہ تُمہیں سکون اور آرام دوں۔

متی 24 باب 37 تا 39 آیات :
37 جَیسا نُوح کے دِنوں میں ہُؤا ویسا ہی اِبنِ آدم کے آنے کے وقت ہوگا۔
38 کِیُونکہ جِس طرح طُوفان سے پہلے کے دِنوں میں لوگ کھاتے پِیتے اور بیاہ شادِی کرتے تھے اُس دِن تک کہ نُوح کَشتی میں داخِل ہُؤا۔
39 اور جب تک طُوفان آ کر اُن سب کو بہا نہ لے گیا اُن کو خَبر نہ ہُوئی اُسی طرح اِبنِ آدم کا آنا ہوگا۔

اور سب تُمہارا ہو گا اگر تُم میری طرف پھرو گے۔ آؤ میں تُمہیں اپنے روح سے بھروں اور اپنے لہُو سے دھوؤں۔

لوقا 17 باب 16 آئت :
اور مُنہ کے بل یِسُوع کے پاؤں پر گِر کر اُس کا شُکر کرنے لگا اور وہ سامری تھا۔

آؤ میں تُمہیں دِکھاؤں اور دُشمن کی راہ سے نجات دِلاؤں. آؤ اور مجھ سے ہم دِل ہو جاؤ۔

یوحنا 15 باب 3 آئت :
اب تُم اُس کلام کے سبب سے جو مَیں نے تُم سے کِیا پاک ہو۔

تمام گناہوں سے دُور ہو۔ اور اپنی زِندگی مُجھے دو۔ اپنا جیون مُجھے دو۔ جب میں نے تُمہیں تخلیق کِیا تو تُمہارے مُستقبل کو بنایا۔ سو میری مرضی پر چلو اور کامِل بنو۔ یہ میری مرضی ہے تُمہاری زِندگی کے لئیے۔ اِطمینان تُمہارے خالِق کی طرف سے ہے۔ بچو! وقت گُزرتا جا رہا ہے۔ ادھر اُدھر بھاگنے میں وقت ضائع مت کرو۔ میں نہیں چاہتا کہ تُم بُرائی کا سامنا کرو۔ مُجھے ڈھونڈو اور سچائی کو جانو۔ تُم سچائی کو جانو گے اور سچائی تُمہیں آزاد کرے گی۔

اعمال 9 باب 17 اور 18 آیات :
17 پَس حننِیاہ جا کر اُس گھر میں داخِل ہُؤا اور اپنے ہاتھ اُس پر رکّھ کر کہا اَے بھائِی ساؤل۔ خُداوند یعنی یِسُوع جو تُجھ پر اُس راہ میں جِس سے تُو آیا ظاہِر ہُؤا تھا اُسی نے مُجھے بھیجا ہے کہ تُو بِینائی پائے اور رُوح اُلقُدُس سے بھر جائے۔
18 اور فوراً اُس کی آنکھوں سے چھلکے سے گِرے اور وہ بِینا ہوگیا اور اُٹھ کر بپتِسمہ لِیا۔

میں چاہتا ہوں کہ تُم جاگو۔ یہ میری مرضی ہے۔ ہچکچاؤ نہیں۔ یہ اِلفاظ تُمہارے خالق کی طرف سے ہیں جو تُمہاری فِکر کرتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=vO6oE56K8rc

باب 27
تُمہیں تیار رہنا ہے اگر میرے ساتھ آنا چاہتے ہو

میرے بچو! میں تُمہارا خُداوند ہوں۔ میں تُم سے ہمکلام ہونا چاہتا ہوں کہ میں اپنی دُلہن کو لینے جلد آنے والا ہوں اور اُس کے وسیلہ سے اِس دُنیا میں میرا جلال ظاہر ہوگا۔ میری دُلہن زور آوَر ہے۔ میں نے اُسے حاصِل کرنے کے لئیے اپنی جان دی ہے۔ اور جب میں اُسے لینے آؤں گا تو یہ ایک بڑے جشن کا دِن ہو گا۔ اور یہ دِن جلد آئے گا۔ میں اپنی دُلہن کو زمین کی زنجیروں سے آزاد کرواؤں گا۔

1 کرنتھیوں 15 باب 51 اور 52 آئت :
51 دیکھو مَیں تُم سے بھید کی بات کہتا ہُوں۔ ہم سب تو نہیں سوئیں گے مگر سب بدل جائیں گے۔
52 اور یہ ایک دم میں۔ ایک پل میں۔ پِچھلا نرسِنگا پھُونکتے ہی ہوگا کِیُونکہ نرسِنگا پھُونکا جائے گا اور مُردے غَیرفانی
حالت میں اُٹھیں گے اور ہم بدل جائیں گے۔

میں قادرِ مُطلِق ہوں۔ اور دُنیا میرے ہاتھوں کے بغیر مُحافظت نہیں پاتی۔ بہت سے اِس بات کے گواہ ہوں گے جو پیچھے رہ جائیں گے۔ اور میری حمائیت اُن کے ساتھ ہو گی جو اُٹھا لئیے جائیں گے۔ لیکن تُمہیں تیار رہنا ہے اگر تُم میرے ساتھ جانا چاہتے ہو۔ صِرف وہی جائیں گے جو میرے لہُو سے دُھلے ہیں۔ بہت کم میری راہ پر چل کر میرے ساتھ جائیں گے۔ یہ بہت سنجیدہ ہے۔ میرے بچو! سب پیچھے رہ جائیں گے۔

1 یوحنا 1 باب 7 آئت :
لیکِن اگر ہم نُور میں چلیں جِس طرح کہ وہ نُور میں ہے تو ہماری آپس میں شِراکت ہے اور اُس کے بَیٹے یِسُوع کا خُون ہمیں تمام گُناہوں سے پاک کرتا ہے۔

یہ بات اُن کو دُکھی کرے گی۔ جو پیچھے رہ جائیں گے اُن جیسے مت بنو۔ تُم پریشان مت ہو۔ میں نے تُمہارے لئیے راہ بنائی ہے۔ میں نے راستہ تیار کیا ہے۔ میں نے اپنے لہُو سے راستہ صاف کیا ہے۔ تُمہاری راہ صاف ہے۔ میرے علاوہ اور کوئی راہ نہیں، اور کوئی تُمہیں بچا نہیں سکتا، اور کوئی تُمہیں جواب نہیں دے سکتا۔ میری طرف پھِرو اور مُجھے جواب دو۔ ہچکچاؤ نہیں۔ جلد کرو۔ میرا آنا جلد ہے۔ مُجھے جانو۔ میں تُمہارا اِنتظار کر رہا ہوں۔ عاجزی سے جُھکو اور توبہ کرو۔ میں اپنے لہُو اور اپنے کلام سے تُمہیں تیار کروں گا۔

اِفسیوں 5 باب 25 تا 27 آیات :
25 اَے شَوہرو! اپنی بِیویوں سے محبّت رکھّو جَیسے مسِیح نے بھی کلِیسیا سے محبّت کر کے اپنے آپ کو اُس کے
واسطے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔
26 تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کر کے مُقدّس بنائے۔
27 اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بَدَن میں داغ یا جھُرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز
نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو۔

میرے پاس آؤ۔ وقت ضائع مت کرو۔ یہ سنجیدگی کا وقت ہے۔ میں تُمہارا خُداوند ہوں جو تُمہیں اپنے ساتھ لے کر جانا چاہتا ہے۔ اِس دُنیا کی مُصیبتوں سے آزاد کروا کر۔ اِس دُنیا کے دُکھوں سے رہائی دِلا کر۔ میں تُمہیں آرام اور سکوں میں لے جانا چاہتا ہوں۔ میرے بچو! میری باتوں پر کان لگاؤ اور میری طرف متوجہ ہو۔ میں تُمہارا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) جلد آنے والا ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=8CSHdqaN5x8

باب 28
تمہاری ابدیّت توازن میں ہے

آو شروع کریں۔ وقت جلد آنے والا ہے۔ میری آمد نزدیک ہے۔ بہت سی تیاری کرنی باقی ہے۔ تُمہیں بہت کُچھ کرنا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم اپنی زِندگی مُجھے دو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے ساتھ چلو۔ آدھی توبہ اچھی نہیں۔ اِس بات کو سنجیدگی سے لو۔ تُم سچ میں میرے نہیں۔ کوئی فرق نہیں پڑتا کہ تُم کیا سوچتے ہو۔ لیکن مکمل طور پر مُجھے قبول کرنے سے ہی تُم میرے ہو گے۔ میرے بچو! میری طرف دھیان لگاؤ۔ اپنی نگاہیں میری طرف لگاؤ۔ میں ہی جانتا ہوں باہر نکلنے کی راہ۔ میں ہی جانتا ہوں چُھپنے کی جگہ۔ صِرف میں۔ میں ہی جانتا ہوں کہ تُمہاری پناہ کہاں ہے۔ اگر تُم. دائیں بائیں دیکھو گے تو مُنتشِر ہو گے۔ ایسا مت کرو۔ وقت نزدیک ہے۔ میرے بچو! تُمہیں جاگتے رہنا ہے۔ وقت نزدیک ہے۔

متی 7 باب 14 آئت :
کِیُونکہ وہ دروازہ تنگ ہے اور وہ راستہ سُکڑا ہے جو زِندگی کو پُہنچاتا ہے اور اُس کے پانے والے تھوڑے ہیں۔

وقت نزدیک ہے جب میں اپنی دُلہن کو لینے آؤں گا۔ اِسے اپنے ساتھ اپنے گھر لے کر جاؤں گا۔ جہاں وہ ہمیشہ میرے ساتھ رہے گی۔ میں اُسے اپنی بانہوں میں لے لوں گا۔ اُسے گلے سے لگاؤں گا۔ اُسے پیار کروں گا۔ یہ سب جلد ہی ہو گا۔ میں تیار ہوں اور میری دُلہن نے بھی اپنے آپ کو تیار کِیا ہے۔ میری دُلہن اِس دُنیا کا نور ہے۔ وہ تاریکی میں چمکتی ہے۔ اِس بد صورت دُنیا میں یہ ایک آخری نور ہے۔ اِس کا نور میرے نور کو ظاہر کرتا ہے۔ اور یہ نور سچائی ہے۔ میری سچائی ہمیشہ رہنے والی ہے۔ باقی سب ابلیس کا جھوٹ ہے۔ اُس نے دُنیا کو بیوقوف بنا رکھا ہے۔ یہ دُنیا دھوکہ ہے۔ یہ لوگ اُسے پہچان نہیں سکتے۔

یرمیاہ 17 باب 5 اور 6 آئت :
5 خداوند یوں فرماتا ہے کہ ملعون ہے وہ آدمی جوانسان پر توکل کرتا ہے اور بشر کو اپنا بازو جا نتا ہے اور جسکا دِل خداوند سے برگشتہ ہو جاتا ہے۔
6 کیونکہ وہ رتمہ کی مانند ہو گا جو بیابان میں ہے اور کبھی بھلائی نہ دیکھیگا بلکہ بیابان کی بے آب جگہوں میں اور غیر آباد زمین میں رہیگا۔

اب وقت ہے میرے بچو جاگو۔ سچائی کا سامنا کرو۔ کوئی بھی بچ نہیں سکتا۔ صِرف میرے سچے لوگ اور میرے پیروکار جِن کو میں اپنے ساتھ لے کر جاؤں گا۔ جب وہ ( مُخالفِ مسیح) آئے گا تو اُس کی بادشاہی ہو گی اور وہ سب پر راج کرے گا۔ وہ تاریک دِن ہو گا۔ بنی نوح اِنسان کے لئیے سب سے تاریک دِن.

مُکاشفہ 17 باب 16 اور 17 آئت :
اور جو دس سِینگ تُو نے دیکھے وہ اور حَیوان اُس کسبی سے عَداوَت رکھّیں گے اور اُسے بیکس اور ننگا کر دیں گے اور اُس کا گوشت کھا جائیں گے اور اُس کو آگ میں جلا ڈالیں گے۔
17 کِیُونکہ خُدا اُن کے دِلوں میں یہ ڈالے گا کہ وہ اُس کی رائے پر چلیں اور جب تک کہ خُدا کی باتیں پُوری نہ ہو لیں وہ مُتفِق اُلرّائے ہوکر اپنی بادشاہی اُس حَیوان کو دے دیں۔

سب پھر ویسا نا ہو گا۔ میرے بچو! میں چاہتا ہوں تُمہیں اِس دُنیا سے باہر لے کر جاؤں۔ میں چاہتا ہوں تُم میرے ساتھ آؤ۔ تُم اِس سب سے بچ سکتے ہو۔ جو دُنیا میں ہونے والا ہے۔ میں تُمہیں اپنی بانہوں میں چُھپا لوں گا. تاکہ تُمہیں کُچھ دُکھ نا پہنچے۔ اور یہ میری سب سے بڑی خواہش ہے کہ تُمہیں اِس تاریک دُنیا سے بچاؤں۔ میں بہت دفعہ یہ پیغام دے چُکا ہوں مگر بہت کم لوگ توجہ دیتے ہیں۔ بہت سارے اِس دُنیا سے بیاہ کر چُکے ہیں۔ اور اِس کے ساتھ زِندگی گُزار رہے ہیں۔ ہاں بچو! جِتنا تُم اِس دُنیا کے ساتھ لِپٹے رہتے ہو اُتنا تُم میرے مُخالف سے زنّا کرتے ہو۔ اور پھر میری بادشاہی میں داخِل نہیں ہو سکتے۔ سُنو میرے بچو! اِس سے باز آؤ۔ دُور ہو جاؤ اِس دُنیا سے۔ یہ دُنیا میری مُخالف ہے اور میں اِسے زیادہ برداشت نہیں کر سکتا۔

حِزقی ایل 16 باب 35 اور 36 آئت :
اس لئے اے بدکار تو خداوند کا کلام سن - 35
خداوند خدا یوں فرماتا ہے کہ چونکہ تیری ناپاکی بہہ نکلی اور تیری برہنگی تیری بدکای کے باعث جو تو نے اپنے 36
یاروں سے کی اور تیرے سب نفرتی بتوں کے سبب سے اور تیرے بچوں کے خون کے سبب سے جو تو نے ان کے آگے گذرانہ ظاہر ہوگئی۔

میں تُمہیں ہمیشہ کی زِندگی میں داخِل کروں گا۔ میرے سامنے مکمل طور پر جُھکو۔ مُجھے اپنا خُدا اور مالک مانو۔ اب فرماتا ہے۔ (YAHUSHUA) وقت ہے فیصلے کا۔ تُمہارا آسمانی باپ اور تُمہارا مسیحا

لوقا 21 باب 31 اور 32 آئت :
اِسی طرح جب تُم اِن باتوں کو ہوتے دیکھو تو جان لو کہ خُدا کی بادشاہی نزدِیک ہے۔ مَیں تُم سے سَچ کہتا ہُوں کہ جب تک یہ سب باتیں نہ ہولیں یہ نسل ہرگِز تمام نہ ہوگی۔

https://www.youtube.com/watch?v=YhNcwB7UNsM

# باب 29
# میری طرف بھاگو، نہ کہ چلو

ہاں میری بیٹی شروع کریں۔ میرے بچو! تُمہارا خُدا فرماتا ہے۔ میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں بہت جلد آنے والا ہوں۔ میں دروازے پر کھڑا ہوں۔ جلد ہی میں آؤں گا اور اپنی دُلہن کو لے جاؤں گا۔ وہ بہت خوبصورت ہے۔ اور اِسکا نور تمام دُنیا کو روشن کرتا ہے۔ میں اِسے بڑی حسرت سے دیکھتا ہوں اور جلد اِسے لے جاؤں گا اُس خوبصورت مقام میں جو میں نے اِس کے لئیے تیار کِیا ہے اور یہ وقت بہت جلد آنے والا ہے۔ میرے بچو! تُمہیں تیار رہنا ہے۔ تیاری کرنی ہے۔ تاریک دِن آنے والا ہے جب میں اپنی دِلہن کو اُٹھا لوں گا اور محفوظ کروں گا۔ اور یہ ایک دم سے ہوگا۔ میری آمد بہت نزدیک ہے۔ سو میری بانہوں میں آو۔ تُمہیں بھاگنا ہے۔ آہستہ آہستہ چل کے میرے پاس نہیں آنا۔ وقت ضائع مت کرو۔ اِس بات کو معمولی مت جانو۔ بلکہ میری آگاہی پر نظر کرو۔ میرے بچو! میں چاہتا ہوں کہ تُم جاگو۔ زِندگی کی طرف آؤ۔ سچائی جاننے کے لئیے۔ اور بہت جلد یہ وقت آئے گا۔ جب میں دروازے پر آؤں گا۔ میرے بچو! سُنو میں چاہتا ہوں کہ تُم جاگو۔ مُصیبتیں دُنیا میں آنے والی ہیں۔ اِن کو کوئی روک نہیں سکتا۔ نہ کوئی آدمی، نہ کوئی عورت. اور اِن کے ساتھ بہت بُرا ہوگا جِنھوں نے میرے کلام کو سُن کر سُنا ان سُنا کِیا۔ میں نے بار ہا آگاہی دی ہے۔ بہت سی آگاہیاں۔ اور تُم معزرت نہیں کر سکتے جب تُم سب کُچھ جانتے ہو۔ سب اپنے گُناہ کے جواب دہ ہوں گے۔ جیسا کہ میں نے کلام میں فرمایا ہے۔ میرے کلام میں سب موجود ہے۔ تُمہیں اِس دنیا سے وقت نکال کے میرے کلام کو پڑھنا ہے۔ لیکن تُم میرے کلام کے لئیے وقت نہیں نکالتے۔

رومیوں 14 باب 12 آئت :
پَس ہم میں سے ہر ایک خُدا کو اپنا حِساب دے گا۔

تُم دُنیا سے کھیل سکتے ہو لیکن ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی۔ یہ دُنیا بہت بھلی اور خوبصورت لگتی ہے لیکن یہ خالی زہر ہے جو صِرف موت دیتا ہے۔ اِس دُنیا کو ایک طرف کرو۔ اور اپنے خُدا کو دیکھو۔ کیا میں قبول کرنے کے لائق نہیں۔

یوحنا 12 باب 25 آئت :
جو اپنی جان کو عِزیز رکھتا ہے وہ اُسے کھودیتا ہے اور جو دُنیا میں اپنی جان سے عَداوَت رکھتا ہے وہ اُسے ہمیشہ کی زِندگی کے لئِے محفُوظ رکھّے گا۔

میں نے تُمہارے لئیے لانتی موت گوارا کی۔ اور لکڑی کی صلیب کو قبول کیا۔ یہ بہت بھیانک تھا۔ میں نے اپنی زِندگی باپ کو دے دی تاکہ وہ اِس دُنیا کے بندھنوں کو توڑ سکے اور تُمہیں بچا سکے۔ میں نے اپنے باپ کی مرضی پوری کی۔ میرے دُشمن سے بچنے کے لئیے میں نے تُمہاری قیمت اپنے لہو سے ادا کی۔ تو کیا میں تمہارے وقت کے لائق نہیں؟ تُمہارے پیار ک لائق نہیں؟

زبور 12 تا 18 آیات 22 :
12 بہت سے سانڈوں نے مجھے گھیر لیا ہے۔ بسن کے زور آور سانڈ مجھے گھیرے ہوئے ہیں۔
13 وہ پھاڑنے اور گرجنے والے ببر کی طرح مجھ پر اپنا مُنہ پسارے ہوئے ہیں۔
14 مَیں پانی کی طرح بہ گیا۔ میری سب ہڈیاں اُکھڑ گئیں میرا دِل موم کی مانند ہوگیا۔ وہ میرے سینہ میں پگھل گیا۔
15 میری قُوت ٹھیکرے کی مانند خُشک ہوگئی اور میری زبان میرے تالُو سے چپک گئی اور تُو نے مجھے موت کی خاک میں مِلادیا ۔
16 کیونکہ کُتوں نے مجھے گھیر لیا ہے۔ بدکاروں کی گُروہ مجھے گھیرے ہوئے ہے۔ وہ میرے ہاتھ اور میرے پاؤں چھیدتے ہیں۔
17 میں اپنی سب ہڈیاں گِن سکتا ہوں۔ وہ مجھے تاکتے اور گُھورتے ہیں۔
18 وہ میرے کپڑے آپس میں بانٹتے ہیں اور میری پوشاک پر قُرعہ ڈالتے ہیں۔

میرے پاس آؤ میں نے کہا میرے پاس آؤ میں اپنی بانہوں میں تُمہیں لے لونگا اور تُمہیں اپنا بناؤں گا۔ میں تُمہارا باپ ہوں جو تُم سے پیار کرتا ہے۔ میرے پیار سے بڑا کُچھ بھی نہیں۔ میری محبت کا اِنکار مت کرو۔ عاجزی سے توبہ کرو اور میرے پاس آؤ۔ میں تُمہیں پاک کرونگا۔ آؤ میں تُمہارے دِل کو خوشی اور اِطمینان سے بھروں۔ میں یہ کر سکتا ہوں۔ میں کرنا چاہتا ہوں۔ اب وقت ہے اور اِنتظار مت کرو اور ہچکچاؤ نہیں۔ میری آمد کا وقت نزدیک ہے۔ میں تُمہیں لے کے جانے والا ہوں

متی 25 باب 46 آئت :
اور یہ ہمیشہ کی سزا پائیں گے مگر راستباز ہمیشہ کی زِندگی۔

میں چاہتا ہوں کہ تُم مُجھے پہچانو۔ ہم اِس قدر قریب آ سکتے ہیں۔ مُجھ سے مانگو تو میں تُمہیں مُہیا کروں گا۔ میرے ساتھ بے تکلفی اِختیار کرو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے قریب رہو۔
اگر تُم میری طرف قدم بڑھاؤ گے تو میں بھی تُمہارے قریب آؤں گا۔ میرا کلام بھی یہی کہتا ہے۔ میں چاہتا ہوں تُم میرے ساتھ بے تکلفی اِختیار کرو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میری تلاش کرو تاکہ ہم ایک دوسرے سے ہمکلام ہو سکیں۔
میرے بچو۔ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں میں تُمہیں زِندگی گزارنے کے طریقے سِکھا سکوں۔ جب تُم بے تکلفی سے میرے قریب آؤ گے تو تُم مُجھے بہتر انداز سے جان پاؤ گے اور میں تُمہیں بتاؤں گا کہ اپنی زِندگی کیسے گُزارو۔
مگر پہلے تُمہیں میری مرضی پر پورا اُترنا پڑے گا اور اِس کے لئیے تُمہیں اپنا آپ میرے حوالہ کرنا پڑے گا۔ مُجھے اپنا سب کُچھ دے دو اور میری طرف رجوع لاؤ کہ پیچھے کُچھ باقی نہ رہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم تمام دنیاوی چیزوں سے کنارہ کشی کرو اور اپنی زندگی مکمل طور پر مُجھے سونپ دو اور میری مرضی پر چلنے کے لئیے تیار ہو جاؤ۔
یہ ایسا نہیں ہے جیسا بہت لوگ چاہتے ہیں۔ بہت لوگ دُنیاوی خواہشوں کو چھوڑنا نہیں چاہتے۔
میرے بچو! تُم ہمارے درمیان کیا لاتے ہو؟ کیا تُمہارا کام؟ تمہاری دولت؟ یا تُمہاری خِدمت؟ یا تُمہاری اولاد؟ تُم ہمارے درمیان کیا لانا چاہتے ہو۔ کونسی ایسی چیز ہے جو تُمہیں مُجھ سے زیادہ عزیز ہے؟

متی 10 باب 37 تا 39 آیات :
37 جو کوئی باپ یا ماں کو مُجھ سے زیادہ عزِیز رکھتا ہے وہ میرے لائِق نہِیں اور جو کوئی بَیٹے یا بیٹی کو مُجھ سے زیادہ عزِیز رکھتا ہے وہ میرے لائِق نہِیں۔
38 اور جو کوئی اپنی صلیب نہ اُٹھائے اور میرے پِیچھے نہ چلے وہ میرے لائِق نہِیں۔
39 جو کوئی اپنی جان بَچاتا ہے اُسے کھوئے گا اور جو کوئی میری خاطِر اپنی جان کھوتا ہے اُسے بَچائے گا۔

بچو! اگر تُم مُجھے اولین درجہ نہیں دیتے تو تُم اُس چیز کو بھی کھو دو گے جِسے تُم مُجھ سے زیادہ چاہتے ہو اور مُجھے بھی کھو دو گے۔
یہ سنجیدہ کلام ہے میرے بچو اور تُمہیں اس سے آگاہ کرنا لازمی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم اس کلام کو سنو اور دیکھو کہ مُجھے تُم نے کیا درجہ دیا ہے؟ کیا پہلا؟ یا آخری؟
میرے بچو! تُمہیں جائزہ لینا ہوگا کہ تُم مُجھے کس جگہ پر رکھتے ہو۔ میری آمد کا وقت نزدیک ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ تُم پیچھے رہ جاؤ اور بدترین انجام دیکھو۔
میری محبت لازوال ہے۔ ہمیشہ کے لئیے میری محبت سے لُطف اٹھانے کے موقع کو مت ٹُھکراؤ۔
میں تُمہارا شاہی دُلہا یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=40MPUc2jTD4

## باب 30
## میری دُلہن ہر لحاظ سے دِلکش و حسیِن ہے

میری بیٹی! شروع کر- میرے بچو! یہ میں ہوں- تُمہارا خُدا- میں اپنے اور تُمہارے باپ کے نام پر تُمہیں سلامتی دیتا ہوں- میرے بچو! وہ گھڑی نزدیک ہے کہ جب میں اپنی دُلہن کو از سرِ نو بحال کروں گا- وہ ہر لحاظ سے دِلکش و حسیِن ہے- میں اُسے اپنانے میں خوش ہوں- وہ مُجھے بہت عزیز ہے-
میں اُسے اپنی مُنتظر بانہوں میں جلد سمیٹ لوں گا- اور وہ ہمیشہ کے لئیے میری ہو جائے گی-
ہم دونوں مہکتے پھولوں کی مانند ہوں گے- ہماری محبت کا اختتام نہ ہو گا- ہماری محبت لازوال اور ابدی ہو گی- میں اُسے جو خوشی اور تسلی دوں گا وہ ہمیشہ قائم رہے گی- یہ میری پیاری دُلہن ہے- یہ تابعدار ہے اور میرے حُکموں پر چلتی ہے- یہ میری پیروی کرتی ہے اِسی لئیے میں اِس کو چاہتا ہوں- یہ میرے تنگ راستوں پر چلتی ہے- یہ میری راہ تکتی ہے- اِس کا یہ انداز میرے دِل کو بھا گیا ہے-
یہ زمین پر موجود آخری روشنی ہے- یہ دُنیا کو میرے راستے بتاتی ہے- دُنیا اِس میں مُجھے دیکھتی ہے- یہ دُنیا کو میرا عکس مُنعکس کر کے دِکھاتی ہے- اِس کا انداز عاجزانہ ہے اور اور اِس کا ایمان بچوں کی مانند پُختہ ہے- یہی میرے مُقدسین کی خصوصیات ہیں-
وہ وقت آتا ہے کی میں اِسے زمین پر سے اُٹھا لوں- میں اِسے اپنے پاس لے آنے کو ہوں- میں اِسے محفوظ کر لوں گا- جلد ہی یہ میرے ساتھ محفوظ مقام پر ہو گی جہاں میں اِسے آنے والی آفت سے محفوظ رکھ سکوں گا- یہ وقت جلد آتا ہے- شک مت کرو-

متی 18 باب 3 آئے :
اور کہا مَیں تُم سے سَچ کہتا ہُوں کہ اگر تُم توبہ نہ کرو اور بچّوں کے مانِند نہ بنو تو آسمان کی بادشاہی میں ہرگِز داخِل نہ ہوگے-

میں چاہتا ہوں تُم بھی خود کو تیار کرو کیونکہ میری دُلہن تو تیار ہے- اُس نے خود کو میرے خون میں بھگو کے تیار کیا ہے- اُس نے خود کو پاک اور صاف کیا ہے اور اب وہ بالکل بے داغ اور بے عیب ہے- یہ میرے ساتھ میرے گھر میں آنے کو تیار ہے تاکہ میرے ساتھ شِرکت کرے اور میری حضوری میں رہے-

اِفسیوں 5 باب 25 تا 27 آیات :
25 اَے شَوہرو! اپنی بِیویوں سے محبّت رکھّو جَیسے مسِیح نے بھی کلِیسیا سے محبّت کر کے اپنے آپ کو اُس کے واسطے مَوت کے حوالہ کر دِیا-
26 تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کر کے مُقدّس بنائے-
27 اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بَدَن میں داغ یا جھُرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو-

میں آسمان میں اِس کے اِستقبال کے لئیے تیار ہوں کہ یہ میری طرف آئے- یہ ایک بھید ہے- ایک بہت بڑا بھید- جیسا کے یہ پاک صاف ہو کے قاملیت اِختیار کرے گی تو یہ ایک نئے جلالی بدن میں میری صورت اِختیار کرے گی-
اُس کا بدن تبدیل ہو جائے گا- بے داغ، لا فانی، ابدی نور، میری روشنی- یہ آسمانوں میں چمکے گی- یہ شاندار اور پُر نور ہوگی کیونکہ یہ میری صِفّات اپنا لے گی- یہ جِسم کبھی موت کو نہیں دیکھے گا، کبھی فنا نہیں ہو گا- یہ ابدی حیات کا چشمہ بن کے پُھوٹے گا- یہ لا محدود ہو گا- میرے بچے اپنے نئے بدن سے پُر مُسرت ہوں گے- وہ پھر رنج سے آشنا نہ ہوں گے- یہ بدن حالات کے مُطابق ڈھل جائیں گے- یہ آسمان میں بآسانی جُھولتے پھریں گے-
یہ بدن چلیں گے، اُڑیں گے- یہ وہ سب کُچھ کر سکیں گے جو ایک اِنسانی بدن کر سکتا ہے، بلکہ اُس سے بھی زیادہ- یہ نورانی بدن ہوں گے- یہ بدن کبھی تکلیف نہ اُٹھائیں گے جیسے اِنسانی جسم اُٹھاتے ہیں- ایسا کوئی کام نہیں جو یہ بدن نہ کر سکے- اِنسانی جِسم کے بر عکس یہ جِسم لامحدود خصوصیات کا حامل ہوگا- میرے بچے کھانا کھائیں گے اور سّیر ہوں گے جیسے وہ ابھی ہوتے ہیں- اِس نئے جلالی بدن کو حاصل کرنے والوں کو یہ سب خوبیاں حیران کر دیں گی- سب کُچھ پلک جھپکتے بدل جائے گا-

میرے بچے ایک لمحے میں بدل دئیے جائیں گے۔ یہ سب کُچھ بہت تیزی سے ہو گا۔ وہ سب حیرت میں مُبتلا ہو جائیں گے۔ بچو یہ لازوال تبّدل ہوگا۔ جو کُچھ میں نے اپنے برگزیدوں کے لئیے تیار کیا ہوا ہے وہ کِسی آنکھ نے اب تک نہ دیکھا ہوگا نا کِسی کان نے اب تک سُنا ہوگا ۔ اُن کے لئیے جو مُجھ پر ایمان لاتے ہیں۔

1 کرنتھیوں 15 باب 51 تا 54 آیات :
51 دیکھو مَیں تُم سے بھید کی بات کہتا ہُوں۔ ہم سب تو نہیں سوئیں گے مگر سب بدل جائیں گے۔
52 اور یہ ایک دم میں۔ ایک پل میں۔ پِچھلا نرسنِگا پھُونکتے ہی ہوگا کِیُونکہ نرسنِگا پھُونکا جائے گا اور مُردے غَیرفانی حالت میں اُٹھیں گے اور ہم بدل جائیں گے۔
53 کِیُونکہ ضرُور ہے کہ یہ فانی جِسم بقا کا جامہ پہنے اور یہ مرنے والا جِسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہنے۔
54 اور جب یہ فانی جِسم بقا کا جامہ پہن چُکے گا اور یہ مرنے والا جِسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہن چُکے گا تو وہ قَول پُورا ہوگا جو لِکھا ہے کہ مَوت فتح کا لُقمہ ہو گئی۔

میری طرف رجوع کرو اور میرا سامنا کرو۔ میں اپنی دُلہن کو اپنے پاس اُٹھانے کو ہوں ۔ تُم یہ عظیم کام اور میرا جلال ہاتھ سے جانے مت دینا۔ یہ جلد ہونے کو ہے۔ بچو تیار رہو۔ تیاری کرو۔ چوکس رہو۔ مُجھ پر نظر کرو۔ بہت تھوڑے ہیں جو مُجھے دیکھ رہے ہیں۔ وہ دُنیا کی غلاظت سے نِکال لئیے جائیں گے۔
یہ سب کُچھ بہت عام اور درست معلوم ہوتا ہے مگر اِسے گُمراہ کیا جا رہا ہے۔ یہ دُنیا جھوٹی ہے۔ یہ بُرائی سے بھری ہوئی ہے اور اپنے عقائد مانتی ہے۔ یہ اپنے جھوٹ میں اِس قدر مظبوطی اِختیار کرتی ہے کہ اِسے سچ بنا کے لوگوں کے آگے پیش کرتی ہے۔ اِس کی باتوں میں سچائی نہیں ہے۔ جو کُچھ یہ ایمان رکھتی ہے کہ یہ سب ٹھیک ہے مگر یہ سب غلط ہے۔ جلد ہی اِس کو یہ سب سمجھ آ جائے گا۔
خود کو تیار کرو۔ میں اور اِنتظار نہیں کروں گا ۔ میری آمد قریب بلکہ دروازہ پر ہے۔
میں دروازہ پر کھڑا ہو کے دستک دے رہا ہوں۔ مُجھے اپنے دِل میں داخل ہونے دو۔ وقت گُزر رہا ہے۔ ہاتھ سے ریت نِکل رہی ہے۔

1 تھسلنیکیوں 5 باب 23 آئت :
خُدا جو اِطمینان کا چشمہ ہے آپ ہی تُم کو بالکُل پاک کرے اور تُمہاری رُوح اور جان اور بَدَن ہمارے خُداوند یِسُوع مسِیح کے آنے تک پُورے پُورے اور بے عَیب محفُوظ رہیں۔

نہیں میرے بچو! تُمہیں اب فیصلہ کرنا ہوگا۔ کیا تُم اِس گُنہگار دُنیا کا ساتھ دو گے یا میرے ساتھ آؤ گے۔ یہ اِنتخاب تُم ہی کر سکتے ہو میں نہیں۔ میں بس تنبیع کر سکتا ہوں کہ میرے ساتھ آؤ۔
میں چاہتا ہوں کہ تُم ہمیشہ کے لئیے میرے پہلو میں کھڑے ہو جاؤ۔ میرے الٰہی مقامات میں۔ پر یہ تُمہارا اِنتخاب ہے۔ خود کو میرے حوالے کرو یا میری نظر سے دُور ہو جاؤ۔ میں تُمہارے فیصلے کا اِنتظار کروں گا۔ میری محبت صابر ہے۔ مگر میں اپنی دُلہن کو لینے جلد آنے کو ہوں۔ یہ کلام بر حق ہے۔ میں خُدا ہوں جو جھوٹ نہیں بولتا۔ میرے پاس آؤ اِس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔
(YAHUSHUA) .میں جو ہوں سو ہوں

https://www.youtube.com/watch?v=IiD7910CXiw

## باب 31
## بہت چند ہیں جو میری طرف لوٹ کے آئیں گے اور میری پرستش کریں گے

پھر سے شروع کرتے ہیں۔ (28 فروری 2012) میرے بچو! جِن سے میں محبت کرتا ہوں۔ میرے لوٹ کے آنے کا وقت آپہنچا ہے۔ تمہیں تیاری کی ضرورت ہے۔ تُمہیں ہر وقت تیار رہنا چاہئیے۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم اپنے آپ کو میرے لہُو میں ڈھانپ لو۔ دُنیا ختم ہونے کو ہے۔ یہ اپنے اِختتام پر پہنچ چُکی ہے۔ اِس کی موجدہ حالت بِگڑ جائے گی۔ یہ دِن بہ دِن سڑتی جا رہی ہے۔ اِس نے شیطانی روّشوں کو اِختیار کر لیا ہے۔ اِس نے اپنے خُدا سے منہ پھیر لِیا ہے۔چند ہیں جو میری اُمید پر پورا اُتر پائیں گے۔ بہت تھوڑے ہیں جو خود کو میرے قدموں میں ڈال دیں گے اور توبہ کر کے میری پرستش کریں گے۔ بہت تھوڑے ہیں جو میرے پیرو بنیں گے اور میرے بتائے ہوئے رستے پر چلنے کو آمادہ ہوں گے۔

مرقس 8 باب 34 آئت :
پھر اُس نے بِھیڑ کو اپنے شاگِردوں سمیت پاس بُلاکر اُن سے کہا اگر کوئی میرے پِیچھے آنا چاہے تو اپنی خُودی سے اِنکار کرے اور اپنی صلِیب اُٹھائے اور میرے پِیچھے ہولے۔

بہتیرے ہیں جو دُنیا اور دُنیاوی خواہشوں میں ہی جکڑے جائیں گے۔ کیا تُم نہیں جانتے کہ یہ دُنیا میری مُخالف ہے۔ میں اِس دُنیا کو مزید برداشت نہیں کروں گا۔ میں اِسکو من مانی نہیں کرنے دوں گا۔ جلد ہی میں اپنی دُلہن کو اُٹھا لوں گا اور اپنے بچوں کو محفوظ کر لوں گا۔ یہ خوبصورت ہے۔ اور میں اُس گھر میں جو میں نے اِس کے لئیے تیار کِیا ہے اِس کے اِستقبال کے لئیے تیار ہوں۔ یہ جلد ہونے کو ہے۔ میرے بچو! تُمہیں محتاط رہنا چاہئیے۔ تُمہیں جاگتے رہنا چاہئیے۔ بہتیرے ہیں جو سو رہے ہیں۔ وہ اِطمینان سے سو رہے ہیں۔ وہ مُجھ سے دُور ہوتے جا رہے ہیں۔ وہ دُشمن کے ہاتھوں میں جا رہے ہیں۔ یہ جلد ہی ایسے جکڑے جائیں گے جیسے پرندہ شکاری کے چنگُل میں۔

زبور آئت 7 124 :
ہماری جان چڑیا کی مانند چڑیماروں کے جال سے بچ نکلی۔ جال تو ٹوٹ گیا اور ہم بچ نکلے۔

اِس حقیقت سے واقف ہو جاؤ۔ میرے بچو! جاگو اور دُعا کرو۔ میں آ رہا ہوں۔ جاگو کہ یہ نوبت نہ آئے کہ تُم پکڑ لئیے جاؤ اور پھینک دئیے جاؤ۔ میری واپسی کا وقت آ گیا ہے اور بہتیرے سوئے ہوئے ہیں۔ وہ چین کی نیند سو رہے ہیں۔ یہ بے خبر رہنے کا وقت نہیں ہے۔ تُمہیں جاگنا ہوگا۔ اگر تُم میرے پاس نہ آؤ اور خود کو میرے حوالے نہ کرو تو شیطان تُمہیں پکڑ لے گا اور جہاں چاہے پٹکے گا۔ یہ وقت ہے کہ اپنے خُداوند کے ساتھ سنجیدگی اِختیار کرو۔
میں صابر خُدا ہوں مگر میرا صبر جلد ختم ہونے کو ہے۔ میں اِس فانی دُنیا کو مزید برداشت نہیں کروں گا۔ یہ ختم ہونے کو ہے کیونکہ اِس نے اپنے خُدا کو رد کیا ہے۔ دُنیا کے ہر کونے میں سے لوگوں نے مُجھے ترک کیا ہے۔ یہ یک طرفہ اتراک ہے۔ یہ دُنیا اب بُرائی کو قبول کرے گی۔ یہ مُخالف کو گلے لگائے گی۔ یہ شیطان کے ساتھ ہمبِستر ہو گی۔ یہ بُرائی کرنے کو اُٹھ کھڑی ہوگی۔ یہ شیطانی روّشوں کو اِختیار کرے گی۔ صرف میری دُلہن میری پیرو ہو گی۔ صرف وہ ہی مُجھ پر ایمان لائی ہے۔ اُسی کے ہاتھ بُرائی سے پاک ہیں۔ صرف وہ ہی اِس دُنیا کو ترک کر کے میرے پیچھے ہو لے گی۔ صرف وہ ہی ہے جِس کا جامہ دُنیاوی کاموں سے میلا نہیں ہوا۔
یہ اِس تاریک دُنیا میں میرا نور ہے۔ یہ تاریکی میں چمکتی ہے۔ یہ اِس اندھیری دُنیا میں روشن کِرن کی مانند پُھوٹتی ہے۔ جبکہ یہ دُنیا دِن بہ دِن مزید تاریک ہوتی جا رہی ہے۔ جلد ہی یہ روشنی بھی اِس دُنیا سے اُٹھا لی جائے گی کیونکہ میں اِسے محفوظ مقاموں پر اُٹھا لوں گا۔ تب یہ دُنیا اور تاریک ہو جائے گی۔ میرے بچو! یہ ایک تاریک لمحہ ہو گا۔ تُمہارے پاس موقع ہے تم میرے نُور میں داخل ہو سکتے ہو۔ بس کُچھ وقت ہی باقی ہے۔ وہ وقت آ پہنچا ہے بلکہ تُمہارے دروازے پر ہے۔ اِس کلام کو مت ٹھُکراؤ۔ یہ تُمہارے فائدے کے لئیے ہے۔ تاکہ جو کُچھ ہونے کو ہے اُس سے تُمہیں بچا سکے اور بد ترین مُصیبت سے محفوظ رکھ سکے۔

یوحنا 8 باب 12 آئت :
یِسُوع نے پِھر اُن سے مُخاطِب ہو کر کہا دُنیا کا نُور مَیں ہُوں۔ جو میری پَیروی کرے گا وہ اَندھیرے میں نہ چلے گا بلکہ زِندگی کا نُور پائے گا۔

میرے بچو! میں تُمہیں ایسا پیار کرتا ہوں جیسا ایک باپ اپنے بچوں کو کرتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میری آغوش میں آ جاؤ جہاں تُم محفوظ رہو۔ یہ صرف مُجھ سے ہی مُمکن ہے کہ تُم مُجھ میں حفاظت پاؤ۔ اِس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ اگر تُم دُنیا سے تسلی اور اِطمینان پانے کے خواہاں ہو تو دُنیا کے سے کام کرو گے۔ یہ دُنیا جو مُجھے اور میری حقیقت کو نہیں جانتی۔
وقت قریب ہے میرے بچو۔ دُنیا کا پیچھا کرنا چھوڑ دو۔ اپنے ہاتھوں سے گندگی دھو ڈالو۔ یہ دُنیا تُمہیں مُجھ سے جُدا کر رہی ہے۔ میرے قریب آؤ۔ اپنی نظر مُجھ پر جماؤ۔ میں ہی وہ آخری نجات کا راستہ ہوں جو دُنیا تباہ ہونے سے پہلے آ رہا ہے۔ اِس آخری موقع کو جانے مت دو۔

یعقوب 4 باب 8 آئت :
خُدا کے نزدِیک جاؤ تو وہ تُمہارے نزدِیک آئے گا۔ اَے گُنہگارو! اپنے ہاتھوں کو صاف کرو اور اَے دو دِلو! اپنے دِلوں کو پاک کرو۔

میری دُلہن کے ساتھ شامِل ہونے کو تیار ہو جاؤ۔ اپنا سب کُچھ مُجھے سونپ دو اور میرے پاس آؤ۔ اپنی زِندگی میرے قدموں میں ڈال دو ۔ میرے تابعدار بنو۔ میں تُمہیں تسلی بخشوں گا۔ یہ میرا تُم سے وعدہ ہے۔ ایک محفوظ راستہ، دُنیا میں آنے والی مُصیبتوں سے چُھٹکارا اور میری پیشکش رد مت کرو کہ تُمہیں اپنے فیصلے پر پچھتانا پڑے۔ میں اپنے کلام کا سچا ہوں۔ میں تُمہیں محفوظ کر سکتا ہوں۔ میں طاقتور خُدا ہوں جو مانگنے والے کو مُہیا کرتا ہے۔ اپنی روح کو تکلیف میں مت ڈالو میری آغوش میں آ جاؤ۔ میں تُمہارا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔

https://www.youtube.com/watch?v=ZwrxmQHY0bw

باب 32
میں اپنی دُلہن کو بحفاظت اُٹھانے کو آنے والا ہوں

میری بیٹی شروع کر (28 فروری 2012) بچو! میں تُمہارا خُداوند ہوں۔ میں وہ خُدا ہوں جو تُمہاری پرواہ کرتا ہے۔ میں تُمہیں بہترین مُہیا کرنا چاہتا ہوں۔ میرے بچو! میں چاہتا ہوں کہ تُم میرا کلام سُنو۔ کان لگا کر سُنو۔ زمین اپنی گردِش بدلنے کو ہے۔ زمین کا رُخ تبدیل کر دِیا جائے گا۔ اور بہت کُچھ ہے جو زمین پر ہونے کو ہے۔ جِس میں سے چند چیزیں ہی اچھی ہوں گی۔ میں اپنا حفاظت والا ہاتھ زمین سے اُٹھانے والا ہوں۔ کیونکہ اِس نے میرے خلاف بغاوت کی ہے۔ میری سچائی، میرے خیال اور میرے بتائے ہوئے راستہ کے بر خلاف راستہ اِختیار کِیا ہے۔ یہ میری نفرت کا سبب بنی ہے اور اب میں شیطان کے کُتوں کو اِجازت دوں گا کہ زمیں پر قابض ہو جائیں۔

زبور 16 آئت 22 :
کیونکہ کُتوں نے مجھے گھیر لیا ہے۔ بدکاروں کی گُروہ مجھے گھیرے ہوئے ہے۔ وہ میرے ہاتھ اور میرے پاؤں چھیدتے ہیں۔

یہ سب وقوع پزیر ہونے کو ہے۔ میرے بچو! یہ تاریک ترین دِن آنے کو ہے۔ میں اِس دُنیا کے اور شیطانی کام برداشت نہیں کروں گا۔ میں اپنی دُلہن کو حفاظت سے اُٹھا لوں گا۔ یہ وقت جلد آنے کو ہے۔ میں اِس دنیا کی اور برداشت نہیں کروں گا۔ میں اِس دُنیا پر مقدمہ چلانے والا ہوں۔ شیطان جو اِس دُنیا پر قابض ہونے کو ہے میرے منہ میں زہر گھولتا ہے۔ میں اِسے اور برداشت نہیں کروں گا۔ میں اپنے برگزیدوں کو اِس کی وجہ سے اور برداشت نہ کرنے دوں گا۔ میری کلیسیا جلد بحفاظت اٹھا لی جائے گی۔ یہ گھڑی آنے کو ہے۔ بچو! تُم شک کیوں کرتے ہو۔ اعتقاد کیوں نہیں رکھتے۔ بے اعتقاد کیوں بنتے ہو۔ خواہ تُم ایمان لاؤ یا نہیں جو ہونے کو ہے وہ ہو کے رہے گا۔ یہ ہونے کو ہے۔ میرے بچو جیسے میری کتابِ مقدس بتاتی ہے ویسا ہی ہو گا۔ میں اپنی سب باتوں میں سچا ہوں۔ میں نے کتابِ مقدس میں وقتِ آخر کے بارے میں بتایا ہے۔ یہ الفاظ دھیان سے سُنو۔ تُم دیکھو گے کہ یہ حقیقت میں ہوگا۔ آخری وقت اور میری آمد نزدیک ہے۔ بچو! ایک دوسرے کی باتوں پر کان نہ دھرو۔ اور میری تلاش کرو۔ میرے پاس دِل کی سچائی سے آؤ اور میں تُمہیں سچائی سے واقف کروں گا۔ میں تُم پر سچائی ظاہر کرنا چاہتا ہوں۔ میں اپنے بچوں کو گمراہ ہوتے نہیں دیکھنا چاہتا۔ مگر اگر وہ مُجھے تلاش نہیں کریں گے میں اُن پر حقیقت ظاہر نہیں کروں گا۔ وہ اندھیری تنگ گلیوں میں تباہی کی طرف جاتے جائیں گے۔ حقیقی راہ کی تلاش کرو اور میرے پاس آؤ۔ میں تُمہیں اپنے " تنگ راستہ" پر چلاؤں گا جو زِندگی کی طرف جاتا ہے۔ چند اِسے ڈھونڈیں گے اور چند پائیں گے۔ میرے بچو! اُن لوگوں میں شامل مت ہونا جو اِس راہ کو کبھی نہ پائیں گے۔ بہتیرے ایسے ہیں جو راہ کنارے بھٹک جائیں گے۔ بہتیرے اُس وسیع راستہ کی طرف چل پڑیں گے جو تباہی کی طرف جاتا ہے۔

متی 7 باب 13 آئت :
تنگ دروازہ سے داخِل ہو کِیُونکہ وہ دروازہ چوڑا ہے اور وہ راستہ کُشادہ ہے جو ہلاکت کو پُہنچاتا ہے اور اُس سے داخِل ہونے والے بہُت ہیں۔

ہوش میں آؤ میرے بچو۔ مُجھے تلاش کرو۔ یہی وہ گھڑی ہے کہ تُم زِندگی کی تلاش کرو۔ مُجھ میں تسلی پاؤ۔ آزادی اور ہمیشہ کی زِندگی کا اور دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے۔
یہی وقت ہے میری مُنتظر بانہوں میں آجاؤ۔ شرماؤ مت۔ شرماؤ گے تو مارے جاؤ گے۔ میں تُمہیں بچانا چاہتا ہوں۔ اپنے آپ کو میرے حوالے کر دو۔ اپنا سب کُچھ مُجھے سونپ دو۔ خود کو کُلی طور پر میرے حوالے کرو، جُزوی طور پر نہیں۔
میرے پاس آؤ اور اپنی زندگی میرے قدموں میں ڈال دو۔ میں اِسے قبول کروں گا اور اِسے اپنے الہی مقصد کے لئیے، میری خِدمت کرنے اور ہمیشہ کے لئیے آسمانی بادشاہی سے لُطف اندوز ہونے کے لئیے فضل بخشوں گا۔

یرمیاہ 30 باب 19 آئت :
اور اُن میں سے شکرگذاری اور خوشی کرنے والوں کی آواز آئیگی اور میں اُنکو افزایش بخشونگا اور وہ تھوڑے نہ ہو نگے ۔ میں اُنکو شوکت بخشونگا اور وہ حقیر نہ ہونگے ۔

یہ وقت ہاتھ سے نِکل رہا ہے۔ میرا دُشمن اپنا رستہ بنا رہا ہے۔ جبکہ اب وہ وقت آتا ہے کہ جِس دور میں تُم جی رہے ہو اِقرار یا اِنکار کا موقع نہیں مِلے گا۔ اور تُم اپنے بچاؤ کا موقع کھو دو گے۔ میرے بچو! میں تُمہیں بیدار کرنا اور سچائی سے واقف کرنا چاہتا ہوں۔ تُمہاری توجہ حاصل کرنے کے لئیے مُجھے کیا کرنا چاہئیے۔ اگر تُم میرے پاس آنے میں تاخِیر کرو گے تو پیچھے چھوڑ دئیے جاؤ گے۔ مُجھے مجبورا" تُمہیں چھوڑنا پڑے گا۔ ایسا نہ ہونے دینا۔ توبہ کرو۔ مُجھے تسلیم کرو اور میرے ساتھ گہرا رِشتہ استوار کرو۔ میں یہی چاہتا ہوں۔ تُمہارے لئیے یہی بہتر ہے۔ میری بادشاہی میں داخل ہونے کی یہی شرائط ہیں۔ کیا میری کتابِ مُقدس میں بھی یہی نہیں بتاتی؟ اب آ جاؤ۔ اِس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔ آؤ کہ میں تُمہیں اپنے خون سے پاک کروں اور تُم میری بادشاہی میں داخل ہونے اور میری دِلکش ابدی سلطنت میں میرے روبرو کھڑے ہونے کے قابل بنو۔

مکاشفہ 1 باب 5 آئت :
اور یِسُوع مسِیح کی طرف سے جو سَچّا گواہ اور مُردوں میں سے جی اُٹھنے والوں میں پہلوٹھا اور دُنیا کے بادشاہوں پر حاکِم ہے تُمہیں فضل اور اِطمینان حاصِل ہوتا رہے۔ جو ہم سے محبّت رکھتا ہے اور جِس نے اپنے خُون کے وسِیلہ سے ہم کو گُناہوں سے خلاصی بخشی۔

یہ وقت ہاتھ سے نِکل رہا ہے۔ اب ایک بھی گھڑی ضائع مت کرو۔ میں تُمہارا خُداوند اور تُمہارا بادشاہ تُم سے ہمکلام ہوں۔
میں عظیم اور قادر ہوں۔ ابدیت پر اِختیار رکھنے والا خُداوند یسوع (YAHUSHUA)۔

https://www.youtube.com/watch?v=_BaiTT5-9Bs

## باب 33
## مُجھے اوّل درجہ دو یا بالکل ردّ کر دو

شروع کرتے ہیں (1 مارچ 2012) میرے بچو! میں تمہارا خدا ہوں ۔ تُمہیں دینے کے لئیے میرے پاس نیا کلام ہے۔ میرے بچو! اِس دُنیا پر ایک نئے دور کا سورج طلوع ہونے کو ہے۔ یہ شیطان کی نسل، شیطانی لوگ اور شیطان کا وقت ہے۔ میرے ساتھ اُڑان بھرنے کو تیار رہو۔ میں چاہتا ہوں تُم تیار ہو جاؤ۔ میں اپنی دُلہن کو اِس شیطانی جہان سے اُٹھا لوں گا اور محفوظ مقامات پر رکھوں گا۔ میں اِسے اِس دُنیا میں زیادہ دیر تک نہیں رہنے دوں گا۔ کیونکہ جلد ہی یہ دُنیا بد صورت ہو جائے گی۔ ضرور ہے کہ میری دُلہن محفوظ رہے۔ پھر جو پیچھے رہ جائیں گے وہ اِس شیطانی دُنیا کا سامنا کریں گے۔

جلد ہی یہ سب وقوع پذیر ہوگا۔ تمام تر طوفان مِل کے ایک عظیم طوفان کا روُپ لے لیں گے۔ دہشت کی ایسی آندھی چلے گی جو اُن تمام لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی جِنھوں نے میرا اِنکار کیا۔

میں تُمہاری زِندگی میں اولین درجہ چاہتا ہوں۔ مُجھے اولین درجہ دو گے تو اِس دہشت سے بچے رہو گے۔ میں ایسا خُدا نہیں ہوں جو اپنے بچوں کو عذاب میں دیکھوں۔ اگر تُم مُجھے اپنی ضرورتوں کے بُتوں سے اونچا درجہ نہ دو گے تو جلد ہی جان جاؤ گے کہ اپنے خدا اور اپنے خالِق کو ترک کرنے کا انجام کیا ہوتا ہے۔

میں ایسا خُدا نہیں جِس کے ساتھ کِھلواڑ کیا جا سکے۔ میں اولین درجہ چاہتا ہوں یا کُچھ بھی نہیں چاہتا۔ میں تُمہاری ترجیحات میں دوسری یا تیسری جگہ لینا نہیں چاہتا۔ میں نے تُمہیں خلق کیا کہ تُم مُجھے پہچانو، میری پرستِش کرو اور مُجھے عظیم جانو۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے ساتھ مضبوط اور قریبی رِشتہ استوار کرو۔ اگر تُم مُجھے پہچاننے سے اِنکار کرتے ہو تو جاؤ جو جی میں آئے کرو۔ پھر میں تُم سے اپنا منہ موڑ لوں گا اور تُم میرے دُشمن کے ساتھی کہلاؤ گے۔ میں حاسِد خُدا ہوں. میں نے تُمہیں اِس لئیے خلق نہیں کیا کہ تم میرے دُشمن کو میرے ساتھ شریک کرو۔

استِثنا 32 باب 16 آئت :
اُنہوں نے اجنبی معبودوں کے باعث اُسے غیرت اور مکروہات سے اُسے غصہ دلایا ۔

تُم مکمل طور پر میرے بن جاؤ یا اُس وسیع راستہ پر چلو جو تباہی کی طرف لے جاتا ہے۔ جہاں بہتیرے پہلے سے جا چُکے ہیں۔ بہت تھوڑے ہیں جو مُجھے اپنی تمام تر دُنیاوی خواہشات سے بالا تر درجہ دینا چاہتے ہیں۔ میں تُمہاری زِندگی میں کیا معنی رکھتا ہوں؟ کیا میں تُمہارے دِل میں پہلا رُتبہ پانے کے لائق نہیں؟ میرے بچو! میں نے تُمہاری خاطر اپنی جان دی۔ ایک خطرناک اور دردناک موت کا سامنا کیا۔ میں نے تُمہیں خلق کیا اور تُمہیں زِندگی بخشی۔ میں نے روز تُمہاری برداشت کی۔ میرے بچو! تُمہیں جلد فیصلہ کرنا ہوگا۔

فلپیوں 2 باب 8 آئت :
اور اِنسانی شکل میں ظاہِر ہوکر اپنے آپ کو پَست کر دِیا اور یہاں تک فرمانبردار رہا کہ مَوت بلکہ صلِیبی مَوت گوارا کی۔

میں چاہتا ہوں کہ تُم اب فیصلہ کرو۔ کیا تُم اپنی خودی سے اِنکار کرنے اور اپنا سب کُچھ میرے حوالے کرنے کو تیار ہو؟ میں اپنی اِس پیشکش پر تُمہارے جواب کا مُنتظر ہوں کہ تُم حلیمی کے ساتھ توبہ کرو۔ میرے پاس آؤ اور مُجھ سے اپنے گُناہوں کی معافی مانگو۔ میں تُمہیں اپنے لہُو میں ڈھانپ لوں گا۔ صِررف میرے لہُو کے وسیلہ سے تُم نجات پا سکتے ہو۔ میں نے صلیب پر تُمہارے لئیے جو قُربانی دی اُسی کے وسیلہ سے تُم بچائے جا سکتے ہو۔

اگر تُم میرے لہُو کے ذریئعے نجات کے تحفہ کو قبول کرتے ہو تو پورے دِل سے اپنے گُناہوں سے توبہ کرو۔ اپنی زِندگی میرے قدموں میں ڈال دو۔ بغیر کِسی ہچکچاہٹ کے میرے پیچھے چلو۔ میں تُمہاری زِندگی یکسر تبدیل کر دوں گا۔ تُمہیں پاک صاف کروں گا۔ اپنی سلطنت میں اپنے ساتھ آنے کے لئیے تیار کروں گا۔

اِس پیشکش کو سنجیدگی سے سُنو۔ میرے بچو! تُم سِرف ایک لمبا اِنتظار کر سکتے ہو۔ اِس بات کا اِنتظار کرنا کہ کیا ہونے کو ہے اور اِس فیصلے کو بار بار نظر انداز کرنے سے تُم وہ سب کُچھ کھو دو گے جو میں نے تُمہارے واسطے اگلے جہان میں تیار کیا ہے۔ احمق مت بنو۔ ہوش میں آؤ۔ ہر وقت تیار رہو۔ میں تُمہیں آنے والے آسیب سے بچانا چاہتا ہوں۔ میں تُمہارے لئیے دُعا مانگ رہا ہوں۔ میں اپنے باپ سے تُمہارے لئیے دُعا مانگ رہا ہوں۔ بچو! یہ وقت کم ہوا جاتا

ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اب تُم فیصلہ کرو۔ میں اپنی دُلہن کو لینے آؤں گا۔ خُدا کی اِس عظیم پیشکش کو مت ٹھکراؤ۔ میرے پاس تُمہارے لئیے جو کُچھ بھی ہے اِسے کھو مت دینا۔ میرا کلام سچا ہے، میں غالب آؤں گا اور میری حقیقی کلیسیا بھی غالب آئے گی۔ میرے کلام پر عمل کرو۔ " میں ہوں" جو ہوں۔ میں خداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں جو مُہیا کرتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=TMrzL61nlGk

## باب 34
## مُصیبت کا دِن قریب ہے۔ عظیم مُصیبت کا دِن

شروع کرتے ہیں (2 مارچ 2012) میرے بچو! میں تُمہارا خُداوند ہوں۔ میرے پاس تُمہیں دینے کے لئیے نیا کلام ہے۔ بچو! یہ ایک سنجیدہ گھڑی ہے۔ زمین پر بڑا ماتم چھانے کو ہے۔ یہاں بہت خطرہ اور رنج ہوگا۔ یہ مُصیبت شروع ہو چُکی ہے۔
گُناہ لوگوں میں دِن بہ دِن بڑھتا جا رہا ہے۔ مایوس مت ہونا۔ میں دُنیا پر غالب آیا ہوں۔ میں اپنی دُلہن کو بچانے آ رہا ہوں۔ یہ حسیِن اور دِلکش ہے اور میری راہ تکتی ہے۔ میری واپسی کی راہ۔ اِس نے اپنی نظر مُجھ پر ٹکائی ہوئی ہے۔ میں اِسے پورے دِل سے چاہتا ہوں اور قبول کرتا ہوں۔ میں اِس کی ہر حرکت پر نظر رکھتا ہوں۔ یہ میری آنکھوں سے کبھی اوجھل نہیں ہوتی۔ جلد ہی یہ میرے ساتھ بحفاظت آسمانی مقامات پر ہوگی اور جِس جہان کو یہ پیچھے چھوڑ آئی ہے وہ غرق ہو جائے گا۔

یوحنا 16 باب 33 آئت :
مَیں نے تُم سے یہ باتیں اِس لِئے کِہیں کہ تُم مُجھ میں اِطمینان پاو۔ دُنیا میں مُصیبت اُٹھاتے ہو لیکِن خاطِر جمع رکھّو مَیں دُنیا پر غالِب آیا ہوں۔

یہ سب وقوع پزیر ہونے کو ہے۔ مُصیبت آنے کو ہے۔ ایک عظیم مُصیبت کہ دُنیا نے پہلے کبھی نہ دیکھی ہو گی۔ تُم نے میری تنبیع، علامات اور کلامِ مُقدس کو سنجیدگی سے قبول نہیں کیا۔ کیا تُم نہیں جانتے کہ زمیں پر مُصیبت آنے کو ہے۔ ہاں یہ آنے کو ہے اور کوئی آدمی اِسے روک نہیں سکتا۔ یہ اُن لوگوں کے لئیے ہے جِنھوں نے اپنے رب کو ترک کیا۔ یہ دُنیا میری اور میرے بتائے ہوئے راستوں کی قدر نہیں کرتی۔ لہٰذا میں اپنا حفاظت والا ہاتھ اِس پر سے ہٹا دُوں گا۔ جلد ہی یہ دُنیا دیکھے گی کہ حقیقی دہشت کیا ہوتی ہے۔

1 یوحنا 4 باب 1 تا 8 آیات :
1 اَے عِزیزو! ہر ایک رُوح کا یقِین نہ کرو بلکہ رُوحوں کو آزماؤ کہ وہ خُدا کی طرف سے ہیں یا نہِیں کِیُونکہ بہُت سے جھُوٹے نبی دُنیا میں نِکل کھڑے ہُوئے ہیں۔
2 خُدا کے رُوح کو تُم اِس طرح پہچان سکتے ہو کہ جو کوئی رُوح اِقرار کرے کہ یِسُوع مسِیح مُجّسم ہوکر آیا ہے وہ خُدا کی طرف سے ہے۔
3 اور جو کوئی رُوح یِسُوع کا اِقرار نہ کرے وہ خُدا کی طرف سے نہیں اور یہی مُخالِفِ مسِیح کی رُوح ہے جِس کی خَبر تُم سُن چُکے ہو کہ وہ آنے والی ہے بلکہ اَب بھی دُنیا میں موجُود ہے۔
4 اَے بچّو! تُم خُدا سے ہو اور اُن پر غالِب آگئے ہو کِیُونکہ جو تُم میں ہے وہ اُس سے بڑا ہے جو دُنیا میں ہے۔
5 وہ دُنیا سے ہیں۔ اِس واسطے دُنیا کی سی کہتے ہیں اور دُنیا اُن کی سُنتی ہے۔
6 ہم خُدا سے ہیں۔ جو خُدا کو جانتا ہے وہ ہماری سُنتا ہے۔ جو خُدا سے نہِیں وہ ہماری نہِیں سُنتا۔ اِسی سے ہم حق کی رُوح اور گُمراہی کی رُوح کو پہچان لیتے ہیں۔
7 اَے عِزیزو! آؤ ہم ایک دُوسرے سے محبّت رکھّیں کِیُونکہ محبّت خُدا کی طرف سے ہے اور جو کوئی محبّت رکھتا ہے وہ خُدا سے پَیدا ہُؤا ہے اور خُدا کو جانتا ہے۔
8 جو محبّت نہِیں رکھتا وہ خُدا کو نہِیں جانتا کِیُونکہ خُدا محبّت ہے۔

میں تُم سے سچ کہتا ہوں میرے بچو! میں تُمہارا خُداوند ہوں۔ اِس تباہی کے بعد یہ دُنیا دیکھنے کے قابل نہ رہے گی۔ جو تباہی آنے کو ہے تُم اُسے برداشت نہیں کر پاؤ گے۔ میرے بچوں کے لئیے یہ مُصیبت کا وقت ہو گا۔ حماقت کی روح سے مت سوچو۔

2 تیمتھیئس 3 باب 12 آئت :
بلکہ جِتنے مسِیح یِسُوع میں دِینداری کے ساتھ زِندگی گُذارنا چاہتے ہیں وہ سب ستائے جائیں گے۔

میں خاموش نہیں رہوں گا۔ یہ دُنیا اپنی بُری روّش پر قائم نہیں رہ سکتی اور یہ گُمان نہیں کر سکتی کہ اِس کو اِس کی بُری روّشوں کے نتائج بھُگتنے نہیں پڑیں گے۔ میں ایسی دُنیا کا خیال کرنے اور اِسے محفوظ رکھنے سے دِلبرداشتہ ہو گیا ہوں جو مُجھ سے نفرت کرتی اور مُجھے ٹھٹھوں میں اُڑاتی ہے۔ یہ دور جلد ختم ہونے کو ہے۔ میں دُنیا کو اپنے رستے کا اِنتخاب کرنے کی اِجازت دوں گا۔ شیطان اِن پر جلد غالب آئے گا کیونکہ اِنھوں نے اپنے خُدا کو ترک کیا ہے۔ اِس دُنیا نے مُجھے اپنا خُدا ہونے کا رُتبہ نہیں دِیا۔ یہ خُدائے قدُوس سے دُور بھاگتی ہے. لہذا اُن کے اعمال کے مُطابق اُن کو صِلہ مِلے گا۔ یہی الٰہی اِنصاف ہے۔ پِھر اِن کو میرے اصول و ضوابط اور الٰہی رستوں کی قدر کا احساس ہو گا۔ اور میرے یہ بچے جو پیچھے چھوڑ دِئیے جائیں گے ایک خوفناک دُنیا کو دیکھیں گے۔ یہ بنی نوح اِنسان کے لئیے ایک خوفناک وقت ہو گا۔ پیچھے مت رہ جانا۔ میرے پاس آؤ۔ اب دیر مت کرو۔

میرے کلام کا مطالعہ کرو اور میرے کلام اور خُون کے وسیلہ سے خود کو پاک صاف کرو۔ توبہ کرو اور رجوع لاؤ۔ مُجھے قبول کرو تا کہ آنے والی مُصیبت سے محفوظ رہ سکو۔ میں یہ سب کُچھ کرنے پر قادِر ہوں۔ وقت بہت کم ہے۔ وقت ہاتھ سے نِکل رہا ہے۔ یہی وہ لمحہ ہے کہ میری پناہ میں آ جاؤ۔ میری محبت تُمہاری مُنتظر ہے۔ مُجھے خُود کو اِس آفت سے بچانے دو۔ میرے لہُو میں بِھیگ کر زِندگی پاؤ۔ میں تُمہیں بچانے کے لئیے بے چین ہوں۔ میں تُمہارا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔ جو عظیم بچانے والا ہے۔ یہ کلام حقیقی اور خالِص ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=_2rdONXUj3c

باب 35
جہانِ فانی کی پیروی یقیناً بے فیض ہے

پھر سے شروع کرو۔ اے بچو! میں تُمہارا خُداوند تُم سے مُخاطِب ہوں۔ میرے بچو! میں جلد آ رہا ہوں۔ لہٰذا بے دِل مت ہونا۔ اِس فانی دُنیا کے پاس وقت بہت کم رہ گیا ہے کہ میری پیروی کرے۔ وہ وقت قریب ہے کہ جِنھوں نے توبہ نہ کر کے اور خود کو میرے حوالے نہ کر کے میری پیروی نہ کی اُن کو بد ترین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔
میرا مُخالِف خون کا پیاسا اور نہائت بے رحم ہے۔ یہ دُنیا ایسی دہشت دیکھے گی جیسی اِس نے پہلے کبھی نہ دیکھی ہو گی۔ یہ گھڑی جلد آنے کو ہے۔ میں اِس مُخالِف کو زیادہ دیر مُسلط نہ رہنے دوں گا۔ میں نے اِس بددیانت دُنیا کو بہت دیکھ لیا اور اور اِس کی بہت سُن لی۔ یہ وہ لوگ ہیں جِنھوں نے اپنے خُدا کو رّد کیا اور میری حقیقت اور میرے راستوں سے اپنا منہ موڑا ۔

یعقوب 4 باب 4 آئت:
اَے زِنا کرنے والیو! کیا تُمہیں نہیں معلُوم کہ دُنیا سے دوستی رکھنا خُدا سے دُشمنی کرنا ہے؟ پَس جو کوئی دُنیا کا دوست بننا چاہتا ہے وہ اپنے آپ کو خُدا کا دُشمن بناتا ہے۔

میرے بچو! تُمہیں گُمراہ کیا جا رہا ہے۔ اِس لئیے تُم بے مقصد اِس دُنیا کی پیروی کر رہے ہو۔ اِس جہاں ِ فانی کی پیروی یقیناً بے فیض ہے ۔کیونکہ یہ دُنیا بے حد بے مُنصفانہ ہے۔ اب تُمہیں اِس بات کا احساس ہو جانا چاہئیے۔ سچ کی گانٹھ مظبوط کرو۔
اب اِس فانی دُنیا کے لئیے جِس نے اپنے خالِق کو ردّ کیا، اُمید کی کوئی راہ نہیں بچی۔ اپنی آنکھین کھولو اور ہوشیار بنو۔ تُمہیں میری تنگ راہ پر چلنے کے لئیے گمراہ کیا جا رہا ہے۔
بچو! وہ لوگ تھوڑے ہیں جو اِس راہ کو تلاش کرتے ہیں۔ ہوش سنبھالو۔ اپنی آنکھوں میں سے گرد صاف کرو اور اپنی آنکھوں پر سے چِھلکے اُتار کر پھینک دو۔ روحانی نظر سے میری طرف نِگاہ کرو۔ میں تُمہیں سچائی سے واقف کرنا چاہتا ہوں۔
دُشمن سے کھیلنا بند کرو اور یہ گُمان مت کرو کہ تُمہیں نقصان نہ پہنچے گا۔ وہ بھیانک ہے۔ جب تُم جانتے بھی نہ ہو گے وہ وار کرے گا۔ مُجھ سے الگ ہو کے تُم اُس کا سامنا نہیں کر پاؤ گے۔ تُمہیں پناہ لینے کے لئیے میرے پاس آنا پڑے گا۔ کیونکہ میرے پاس تُم محفوظ رہو گے۔ تُم اِسی صورت بچ سکتے ہو کہ میرے ساتھ اپنا رِشتہ استوار کرو تاکہ میری کتابِ حیات میں تُمہارے نام لِکھے جائیں۔ کیا تُم یہ بات جانتے ہو کہ اگر تُم یہ سب میرے بغیر کرو گے تو کامیاب نہ ہو پاؤ گے۔ خود کو فریب مت دو اور احمق مت بنو۔ آدمی کا دِل دھوکا کھانے کو تیار رہتا ہے اور میرا مُخالِف بہت چالاک ہے۔ تُم اُس پر اِسی صورت غالب آ سکتے ہو اگر میرے ساتھ اپنا رِشتہ استوار کرو۔ اگر تُم میرے قریب ہو گے۔ بہت قریب، تو دُشمن تُمہارے پاس آنے کی جُراّت بھی نہیں کرے گا۔ تاریکی روشنی کا مُقابلہ نہیں کر سکتی۔
لہٰذا اپنی زِندگی اور اپنے منصوبے میرے قدموں میں رکھ دو۔ اِنھین میرے سپُرد کر دو۔ اِنھیں مُجھے لینے دو تاکہ میں تُمہاری راکھ کو تُمہارا سہرا بنا دوں۔ تُمہاری غمی کو خوشی میں بدل دوں۔ میری مرضی اپنی زِندگی میں شامل کرو۔ میں سب کچھ ممکن کر سکتا ہوں. میں سب کرنے پر قادر ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم اپنی زِندگیاں میری مرضی سے بسر کرو۔ یہ میری خواہش ہے کہ تُمہیں اپنے لہو سے پاک کر کے اپنے قریب لے آؤں۔ جیسے ایک ماں اپنے بچوں سے محبت کرتی ہے اُسی طرح میں بھی تُمہاری دیکھ بھال کرنا چاہتا ہوں۔

یسعیاہ 66 باب 13 آئت :
جس طر ح ماں اپنے بیٹے کو دلاسا دیتی ہے اُسی طرح میں تم کو دلاسا دوں گا۔یروشلیم ہی میں تُم تسلی پائو گے۔

متی 23 باب 37 آئت :
اَے یروشلِیم! اَے یروشلِیم! تُو جو نبِیوں کو قتل کرتی اور جو تیرے پاس بھیجے گئے اُن کو سنگسار کرتی ہے! کِتنی بار میں نے چاہا کہ جِس طرح مُرغی اپنے بچّوں کو پروں تَلے جمع کر لیتی ہے اُسی طرح میں بھی تیرے لڑکوں کو جمع کر لُوں مگر تُم نے نہ چاہا!۔

بچو! وہ گھڑی آتی ہے کہ میں جلد واپس آؤں۔ تُم بیدار نہیں ہو۔ تُم چھوڑ دئیے جاؤ گے۔ میں اپنے اُنھی بچوں کے لئیے آؤں گا جو بیدار ہیں اور میری راہ دیکھ رہے ہیں۔ یہ وہ ہیں جِن کو میں ساتھ لے جاؤں گا۔ افسوس، باقی سب چھوڑ دئیے جائیں گے۔ بہتیرے ایسے ہیں جو اچانک ہونے والی تباہی میں کھو جائیں گے۔ یہ ایک سنجیدہ لمحہ ہے اور میری سنجیدہ تنبیع۔ میری کتاب پڑھو، اِس کے پنّے کھولو۔ میرا روح مانگو جو تُمہیں سچائی سے واقف کرے۔ وقت گُزرتا جا رہا ہے۔ اُس دُنیا کے حصول کے لئیے جو تُمہارے خُدا سے نفرت کرتی ہے ایک لمحہ بھی ضائع مت کرو۔
تُم ایک خطرناک سِمت میں آگے بڑھ رہے ہو۔ ہوش میں آؤ۔ مُجھے تلاش کرو۔ میرے روح کو مانگو۔ میرے باپ کو تلاش کرو۔ ہمیں ڈُھونڈو۔ ہم ایک ہی ہیں اور تُمہیں بچانا چاہتے ہیں۔ میرے واپس آنے کی گھڑی آ پہنچی ہے۔ میرے بچانے کے عمل کو گنوا مت دینا۔ میں تُمہارا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں جو تُمہیں بے حد چاہتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=ISpMGwohlF0

باب 36
بہتیرے گُمان کرتے ہیں کہ وہ تیار ہیں، مگر وہ گُمراہ ہیں

اے میری بیٹی! شروع کر۔ (4 مارچ 2012) توجہ سے سُن کہ میں تُمہیں نیا کلام دینے کو ہوں۔ میری بیٹی! میں تیرا خُداوند ہوں۔ اِس کلام کو قلمبند کر۔ میری واپسی کی گھڑی قریب آ رہی ہے۔ بہتیرے ہیں جو ابھی تک بیدار نہیں ہوے۔ بہتیروں نے اپنی آنکھوں پر پٹیاں باندھ لی ہیں اور میری آواز نہیں سُنتےمیری واپسی کی گھڑی تیزی سے قریب آ رہی ہے۔ تُمہیں بیدار ہونا چاہئیے بچو۔ تُمہیں تیار ہونا چاہیے ۔
ہوشیار رہو۔ جاگتے رہو۔ تیار رہنا بہت ضروری ہے۔ جو تیار ہوں گے وہ لے لئیے جائیں گے۔ جو میری واپسی کے لئیے فِکرمند ہیں وہی تیار کئیے جائیں گے۔
اور وہ جو میری آمد کے لئیے فِکرمند نہیں ہیں اور اپنے اندر میرا روح نہیں رکھتے، اُنھیں مُصیبت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بہت سے لوگ چونک جائیں گے کہ وہ کیوں چھوڑ دئیے گئے۔ بہت سے حیران ہوں گے کہ وہ اُٹھائے نہیں گئے۔ سو بہتیرے جو گمان کرتے ہیں کہ وہ تیار ہیں درحقیقت خود کو گمراہ کر رہے ہیں۔ وہ میری آمد کے لئیے خود کو تیار نہیں کر رہے۔ وہ دُنیاوی روِّشوں میں گرفتار ہیں۔ اُن کا رحجان دنیا کے کاموں کی طرف ہے۔ وہ میری آمد کے لئیے فِکر مند نہیں ہیں۔ وہ اپنی اور دُنیا کی سوچوں میں مصروف ہیں۔ وہ میرے ساتھ وقت نہیں گُزارتے۔ وہ میری راہ نہیں تکتے۔ اور جو میری راہ تکتے ہیں یہ لوگ اُنھیں تکلیف پہنچاتے ہیں اور اُنکا مذاق اُڑاتے ہیں۔ مگر جب یہ پیچھے چھوڑ دئیے جائیں گے تب یہ شرمندہ ہوں گے۔ یہ گُمان کرتے ہیں کہ یہ مُجھے جانتے ہیں لیکِن یہ مُجھے بالکل نہیں جانتے۔ یہ سوچتے ہیں کہ یہ مُجھے پہچانتے ہیں مگر اِن کے دِل مُجھ سے دُور ہیں۔ یہ میرے قریب کبھی نہیں آتے ۔ یہ دُنیاوی چیزوں کی طرف بھاگتے ہیں۔ اِنکی آنکھیں میری راہ دیکھنے میں دِلچسپی نہیں رکھتیں۔ یہ دُنیاوی چیزوں کو حاصِل کرنے کی تگ و دو میں رہتے ہیں۔ یہ مُستقبل کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ یہ ایسے منصوبے بناتے ہیں جو کبھی پورے نہ ہوں گے۔ یہ اِن منصوبوں میں میری رضا شامِل نہیں کرتے۔ اگر یہ ایسا کرتے تو میں انھیں بتاتا کہ میری طرف متوجہ ہوں اور میرے قریب آؤ۔ اپنے منصوبے مُجھے سونپ دو۔ میں یہی چاہتا ہوں کہ اپنے منصوبے میرے قدموں میں رکھو اور خود کو مکمل طور پر میرے حوالے کر دو۔ مُجھے اپنا سب کُچھ دے دو۔ اپنے مُستقبل کے منصوبے، حتیٰ' کہ اپنی ساری زندگی۔ صرف میں جانتا ہوں کہ تمہارے مُستقبل میں کیا لِکھا ہے۔ تُمہارا ہر منصوبہ پلک جھپکتے کُچلا جا سکتا ہے۔ تُم میرے منصوبے اپنی زندگی میں کیوں نہیں آزماتے؟ میں جانتا ہوں تُمہارے لئیے کیا بھلا ہے۔ میرے بچو! میں اِبتدا اور اِنتہا کو جانتا ہوں۔ میں اوّل اور آخر ہوں۔

مکاشفہ 22 باب 13 آئت:
مَیں الفا اور اومیگا۔ اوّل اور آخِر۔ اِبتدا اور اِنتہا ہُوں۔

میں سورج، چاند اور ستاروں کا خالق ہوں۔ کیا تُم نہیں جانتے کہ میں تُمہارا اور تُمہارے مُستقبل کے منصوبوں کا خیال رکھ سکتا ہوں؟ میں تُمہیں اپنی سلطنت میں جگہ دوں گا اگر تُم اپنی زِندگی میرے حوالے کر دو گے۔ میں تُمہیں امن اور تحفظ مُہیّا کروں گا۔ تُمہیں اپنے ساتھ محفوظ مقام پر لے جاؤں گا۔ تُم بے فِکر رہو گے۔ کیونکہ تُمہاری زِندگی کے لئیے میرے منصوبے بہترین ہیں۔ اور میں فراہم کرنے پر قدرت رکھتا ہوں۔ اگر تُم اپنی زِندگی میں میری مرضی شامل کرتے ہو تو تُمہیں تسلی حاصل ہو گی۔ اگر تُم میری مرضی پر چلو تو تُمہیں اگلے دِن کی فِکر نہیں کرنی پڑے گی۔ اپنی راہوں اور منصوبوں پر اپنی گرفت ڈھیلی کرو۔ یہ تُمہیں تباہی کی طرف لے جائیں گی۔ اپنا سب کُچھ میرے حوالہ کر دو اور میری مرضی میں شامل ہو جاؤ۔ میری کامل مرضی میں شامل ہو جاؤ۔ جِس کو ابتدا اور انتہا کی خبر ہے اُس کو اپنی فِکریں دے دو۔ میں ابدیت کا خُدا ہوں۔ میں تمہیں اپنی ابدی سلطنت بخشوں گا۔ یہ تُمہارے لئیے ہی تیار کی گئی ہے۔

مکاشفہ 21 باب 6 آئت:
پھِر اُس نے مُجھ سے کہا یہ باتیں پُوری ہو گئِیں۔ مَیں الفا اور اومیگا یعنی اِبتدا اور اِنتہا ہُوں۔ مَیں پیاسے کو آبِ حیات کے چشمہ سے مُفت پِلاؤں گا۔

رجوع لاؤ، توبہ کرو، مُجھے اپنا لو، مُجھے پہچانو۔ میں اپنا دِل تُمہیں دوں گا۔ میں تُمہارے ساتھ چلنا چاہتا ہوں۔ تُم کبھی تنہا نہ ہو گے۔ یہی وقت ہے رجوع لانے کا۔ یہی گھڑی ہے۔ یہی لمحہ ہے۔ حِکمت سے فیصلہ کرو۔

راستے بہت ہیں مگر درست اور سیدھا راستہ صرف ایک ہے۔ مُجھے اپنا لو تو میں تمہیں سیدھی راہ پر چلاؤں گا۔ میں تُمہاری نِگہبانی کروں گا۔

عبرانیوں 12 باب 13 آئت:
اور اپنے پاؤں کے لِئے سیدھے راستے بناؤ تاکہ لنگڑا بے راہ نہ ہو بلکہ شِفا پائے۔

جلد رات گھِر آئے گی۔ میری آغوش میں آ جاؤ۔ میں تُمہیں اپنی محفوظ بانہوں میں بچا لوں گا۔ جلد فیصلہ کرو. اگر ایک بھی پیچھے رہ گیا تو میں خوش نہ ہوں گا۔ یہی فیصلے کی گھڑی ہے۔ میری محبت کو اپنانے سے مت شرماؤ۔ خُداوند یسوع (YAHUSHUA) جو بے پناہ مُحبت کرنے والا ہے۔

1 یوحنا 4 باب 16 آئت:
جو محبّت خُدا کو ہم سے ہے اُس کو ہم جان گئے اور ہمیں اُس کا یقِین ہے۔ خُدا محبّت ہے اور جو محبّت میں قائِم رہتا ہے وہ خُدا میں قائِم رہتا ہے اور خُدا اُس میں قائِم رہتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=GQBVmwnqawk

## باب 37
## تُمہارے پاس کُچھ قیمتی وقت باقی ہے

شروع کرتے ہیں۔ میں تُمہیں اپنا کلام بخشوں گا۔ بچو! میں تمہارا خداوند ہوں۔ اور میرے پاس تُمہیں دینے کے لیے کلام ہے۔
وقت تیزی سے گُزر رہا ہے۔ دِن کی روشنی جاتی جا رہی ہے۔ تُمہیں تیار رہنا چاہئیے۔ تیار رہو کیونکہ میری آمد نزدیک ہے۔ یہ قریب آ رہی ہے۔
کُچھ تیار ہیں اور جاگ رہے ہیں۔ کُچھ میری آمد کے لئیے تیار ہونا چاہتے ہیں۔ بہتیرے ایسے ہیں جِنہوں نے میری تنبیع کو رد کِیا۔ کُچھ اِس بات سے بالکل بے خبر ہیں کہ کیا ہونے کو ہے۔ وقت ختم ہوتا جا رہا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم ہوشیار اور بالکل تیار رہو۔ اگر تُم نے ایسا نہ کِیا تو تُم جانتے بھی نہ ہو گے اور پکڑے جاؤ گے۔ اگر تُم جاگتے نہ رہو گے تو تُم دیکھ نہیں پاؤ گے کہ کیا ہونے کو ہے۔ صِرف وہی جو جاگ رہے ہیں تیار رہیں گے۔ صِرف وہی اپنے آپ کو میرے لئیے تیار کر پائیں گے کیونکہ وہ جاگ رہے ہیں۔۔ اگر تُم جاگ نہیں رہے تو خود کو کیسے تیار کر پاؤ گے۔
صِرف وہی جو تیار ہیں اور جاگ رہے ہیں میرے ساتھ جائیں گے باقی سب اُن کی مانند ہیں جِن کی مشعلوں میں تیل نہ تھا۔

متی 25 باب 7 تا 10 آیات:
7 اُس وقت وہ سب کُنوارِیاں اُٹھ کر اپنی اپنی مشعل دُرُست کرنے لگِیں۔
8 اور بیوُقُوفوں نے عقلمندوں سے کہا کہ اپنے تیل میں سے کُچھ ہم کو بھی دے دو کِیُونکہ ہماری مشعلیں بُجھی جاتی ہیں۔
9 عقلمندوں نے جواب دِیا کہ شاید ہمارے تُمہارے دونوں کے لِئے کافی نہ ہو۔ بہتر یہ ہے کہ بیچنے والوں کے پاس جا کر اپنے واسطے مول لے لو۔
10 جب وہ مول لینے جارہیں تھِیں تو دُلہا آ پہُنچا۔ اور جو تیّار تھِیں وہ اُس کے ساتھ شادِی کے جشن میں اَندر چلی گئِیں اور دروازہ بند ہوگیا۔

یہ اُونگھنے کا وقت نہیں ہے میرے بچو۔ یہ سونے کی گھڑی نہیں ہے۔
میں اُن کو لینے نہیں آ رہا جو میرے اِنتظار میں جاگ نہ سکے۔ جب میں آؤں گا اور اُن کو سوتا پاؤں گا تو اُن کو غضبناک حقیقت کا سامنا کرنا پڑے گا جو زمین پر ہونے کو ہے۔ میری سوتی ہوئی کلیسیا کے لئیے کِتنا افسوسناک لمحہ ہو گا۔

عبرانیوں 9 باب 28 آئت:
اُسی طرح مسِیح بھی ایک بار بہُت لوگوں کے گُناہ اُٹھانے کے لِئے قُربان ہو کر دُوسری بار بغَیر گُناہ کے نِجات کے لِئے اُن کو دِکھائی دے گا جو اُس کی راہ دیکھتے ہیں۔

میرے بچے اِطمینان سے سو رہے ہیں۔ اور اگر وہ بیدار نہ ہوئے تو جلد ہی وہ اپنے آپ کو میرے دُشمن کے ہاتھ میں حوالہ کر دیں گے۔ وہ بے رحم اور ظالم ہے۔ وہ کِسی کا لحاظ نہیں کرتا۔ وہ صِرف طاقت اور قبضہ چاہتا ہے۔ وہ سخت اور ظالمانہ انداز میں حُکمرانی کرے گا۔ جو کُچھ ہونے کو ہے میں اُس کی حقیقت تُم پر ظاہر نہیں کر سکتا۔ یہ سنجیدگی کا لمحہ ہے اور زمین پر سنگین حالات رونما ہونے کو ہیں۔
مُجھے تُمہیں یہ سب بتانے میں خوشی نہیں ہوتی۔ میں تُمہیں آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ کیا ہونے کو ہے۔ کیونکہ میں یہ نہیں چاہتا کہ زمین پر جو تباہی آنے کو ہے تُم اُس کے شکار بنو۔
میرے بچو! ہوش میں آؤ اور نیند سے جاگو۔ اپنی آنکھوں پر سے پٹّی اُتارو۔ میرے پاس آنے میں دیر نہ کرو۔ تمہارے پاس کُچھ قیمتی وقت باقی ہے۔
میرے پاس دوڑ کے آ جاؤ۔ میں تُمہیں آنے والے عذاب سے بچانا چاہتا ہوں۔ آنے والے طوفان میں جکڑے مت جانا۔ بہت تھوڑے ہیں جو میرے ساتھ آئیں گے جب میں دُلہن کو لینے آؤں گا۔ بہت تھوڑے ہیں جو میرے کلام اور خون کے وسیلہ سے پاک صاف ہونے کے لئیے چُنے گئے ہیں۔ اِس کے علاوہ میرے پاس اور کوئی جواب نہیں ہے نہ ہی کوئی اور راستہ۔

اِفسیوں 5 باب 25 تا 27 آیائت:
25 اَے شَوہرو! اپنی بِیویوں سے محبّت رکھّو جَیسے مسِیح نے بھی کلِیسیا سے محبّت کر کے اپنے آپ کو اُس کے
واسطے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔
26 تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کر کے مُقدّس بنائے۔
27 اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بَدَن میں داغ یا جھُرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز
نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو۔

اِسی گھڑی خود کو میرے حوالہ کرو۔ میں تُمہیں اپنانے کے لئیے تیار ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے پاس آؤ اور محفوظ رہو۔ میں تُمہیں ڈھانپ لوں گا اور آنے والے عذاب سے بچاؤں گا۔ خود کو بچاؤ اور میری طرف رجوع لاؤ۔ صرف میں ہی بچاؤ کا راستہ ہوں۔ اور کوئی اِس قابل نہیں ہے۔ اپنے دِلوں اور روحوں کو مکمل طور پر میرے حوالے کر دو۔ تُمہیں تیار کِیا جائے گا۔ تُم پاک روح کے کاموں کے لئیے تیار کِیے جاؤ گے۔ پاک روح کو خود میں بھرنے دو اور تُم سچائی سے واقف ہو گے۔ میری سچائی سے۔
میں تُمہیں اپنی سلطنت میں شامِل کرنے کے لئیے تیار ہوں۔ کیا تُم آنا چاہتے ہو؟ مں تُمہارا خُداوند یسوع (YAHUSHUA) ہوں۔ میں صابر ہوں اور مُستقل مزاجی سے تُمہارے فیصلے کا مُنتظر ہوں۔ مُجھے اپناؤ اور محفوظ رہو۔

https://www.youtube.com/watch?v=sOrOdDNcLiE

باب 38

میرے حقیقی پیروکار بیدار ہیں اور بالکل تیار ہیں

اے بیٹی! شروع کر۔ اے میری بیٹی میں تُجھے اپنا کلام دینے کے لئیے تیار ہوں۔ بچو! میں تمہارا خدا ہوں۔ وقت آ پہنچا ہے کہ میں واپس آؤں۔ اور میرے بچے سو رہے ہیں۔ وہ غنودگی میں ہیں اور سکون سے سو رہے ہیں اور اِس بات سے بے خبر ہیں کہ اُن کے گِرد کیا ہو رہا ہے۔ حتی کہ وہ دیکھ ہی نہیں رہے۔ درحقیقت وہ نابینا ہیں اور اُن کی نظر مُجھ پو نہیں ہے۔
میں رات کو چور کی مانند آؤں گا اور وہ جانتے بھی نا ہوں گے اور میں اُن کو پکڑ لوں گا۔ کیا میرا کلام بھی یہ نہیں کہتا؟ اگر ایسا ہی ہے تو بہت سے لوگ کیوں اِس اِنتباہ کو نظر انداز کر رہے ہیں؟ وہ کیوں یہ سب جاننے اور اِس پر توجہ دینے کو ترک کرتے ہیں؟ میں اُنکا بہترین چاہتا ہوں اور وہ مُجھے اپنا بدترین دیتے ہیں۔ اگر میرے بچے دِل سے میرے پیرو ہوتے تو وہ یہ سب دیکھتے، سمجھتے اور میرا اِنتظار کرتے۔ وہ اپنے اِرد گِرد ہونے والے حالات سے واقِف ہوتے کہ کِس طرح چاروں اطراف سے لوگ مُجھے ترک کر رہے ہیں۔
میرے حقیقی پیروکار بیدار ہیں اور بالکل تیار ہیں۔ اُن کے کان میری طرف متوجہ ہیں جو میرے قدموں کی آہٹ سُنتے ہیں اور میری حرکات و سکنات پر اُنکی نظر ہے۔
میں آ رہا ہوں۔ اور اُنکے لئیے جو اُمید کے ساتھ میری راہ تکتے ہیں یہ بات پوشیدہ نہیں ہے۔
میرے یہ بچے صابر ہیں مگر فِکر مند بھی۔ یہ میری حقیقی کلیسیا ہے۔ میری دُلہن۔ یہ دِلکش اور حسِین ہے۔ میری آمد کے لئیے اِسکا جوش مُجھے اِسکی طرف متوجہ کرتا ہے۔ میں اِسکی بے صبری کو سراہتا ہوں کہ وہ میرا اِنتظار کرتی ہے۔ یہ وہی ہے جِس کی خاطِر میں نے اپنی جان دی۔ اور میرے ایماندار پیروکار وہ ہیں جو میری خاطر اپنی جان دیتے ہیں۔

لوقا 12 باب 37 آئت:
مُبارک ہیں وہ نوکر جِن کا مالک آ کر اُنہیں جاگتا پائے۔میں تُم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ کمر باندھ کر اُنہیں کھانا کھانے کو بِٹھائے گا اور پاس آ کر اُن کی خِدمت کرے گا۔

وہ اپنی حیاتی میرے قدموں میں ڈال دیں گے اور اپنے خُداوند کی خاطر دُنیا اور دُنیا کی چیزوں کو ترک کریں گے۔
کیونکہ میں نہائت شفیق ہوں۔ اور میری اِس کلیسیا کے لئیے اِنعمات کی کمی ہرگِز نہ ہو گی۔
تُم بھی اِس کلیسیا کا حِصہ بن سکتی ہو، میری دُلہن، جب میں اپنے الہی مقامات کی طرف جو میں نے تیار کئیے ہیں جاؤں گا تُم بھی میرے ساتھ آ سکتی ہو۔ مگر ابھی کُچھ قیمتی وقت درکار ہے۔ لہذا ہر دم میری جُستجو کرتے رہو اور جاگتے رہو۔
میں چاہتا ہوں کہ تُم مکمل طور پر خود کو میرے حوالہ کرو۔ میں تُمہارا پختہ عزم چاہتا ہوں۔ اپنی زِندگی کی بھرپوری کو اِس طرح میری خاطر ترک کرو کہ پیچھے کُچھ باقی نہ رہے۔ میں تُمہاری پوری زِندگی چاہتا ہوں جِس کو میں نیا بنا دوں گا اور قاملیت بخشوں گا۔ میں تُمہیں نیا جیون دینا چاہتا ہوں، میں تُمہیں اپنے خون سے پاک کرنا چاہتا ہوں اور اپنی سلطنت میں قیام بخشنا چاہتا ہوں۔ تُمہیں اپنے وارِثوں کے ساتھ جگہ دینا چاہتا ہوں جو ہمیشگی کے لئیے میری خِدمت کریں اور میرے ساتھ ہمیشہ حُکمرانی کریں۔
یہ میری دلہن ہے۔ یہ حسِین اور دِلکش ہے۔ ایسی قوم جو اپنے بادشاہ کے اِنتظار میں بیدار ہے اور ایک دم تیار ہے۔ میں اِن بچوں کو بچانے آ رہا ہوں۔ اِنہیں شیطان (جو زمیں پر مُسلط ہے) سے آزادی اور تحفظ دینے آ رہا ہوں۔ یہ میرے فاتحین ہیں۔ تُم اِن میں سے ایک ہو سکتے ہو۔ میرے بچو! میری شادی کی ضیافت میں شامِل ہونے کے لئیے اور میری سلطنت کا حِصہ بننے کے لئیے میں تُمہاری راہ دیکھ رہا ہوں۔ میں نے اپنی شادی کی ضیافت کی میز پر تُمہاری کُرسی رکھی ہے۔ تُمہارے لئیے جگہ مُقرر ہے۔ لیکن پہلے تُمہیں خود آنا پڑے گا اور اِسے اپنا بنانے کا دعوی' کرنا پڑے گا۔
میں ہمیشہ کے لئیے دروازہ کُھلا نہیں رکھوں گا۔ جلد ہی میں اپنے اُن بچوں کو جو تیار ہیں اِس محفوظ راستہ سے اندر لے آؤں گا اور پھر دروازہ بند کر دِیا جائے گا۔ اور وہ جِنہوں نے میری یہ دعوت قبول نہیں کی باہر ہی رہ جائیں گے۔ اور وہاں رونا اور دانت پیسنا ہو گا۔
جِن لوگوں نے میری حِفاظت اور بچاؤ کی پیشکش مُسترد کی اُن کے لئیے کِتنا افسوسناک دِن ہوگا۔ اُس گھڑی کے بارے میں گُمان کرنا کہ جب یہ سب کُچھ ہوا اور اُنہوں نے اُسے ردّ کِیا نہائت افسوسناک ہے۔ پھر حقیقت سامنے آئے گی کہ اُنہوں نے کیا کھویا اور اب اُن کو کِس مُصیبت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وہاں رونا اور بڑا ماتم ہوگا کیونکہ اِس نیم گرم

کلیسیا نے میری تنبیع کو ردّ کِیا اور اُنہوں نے اپنے غلط اِنتخاب سے مُجھے نظر انداز کِیا۔
ہاں، درحقیقت اُن کا نُقصان اور دُکھ بہت بڑا ہے۔
بچو! ایسا تُمہارے ساتھ نہ ہو۔ تُم زمین کو تاریک ہوتے نہ دیکھ پاؤ۔ میرے پاس آؤ اور مُجھے تسلیم کرو ۔ سچی توبہ کرو اور اپنے گُناہوں پر پشیمان ہو۔ اور اپنے پُورے دِل سے میری پیروی کرنے کے خواہش مند بنو۔
میں اپنے خون سے تُمہارے دِل بدل دوں گا اور تُمہارے گُناہوں کے داغ دھو ڈالوں گا۔ تُم میرے روبرو کھڑے ہو گے اور میری شادی کی ضیافت میں شامِل ہونے کے لئیے ایک دم تیار۔
یہ میرے دِل کی خواہش ہے کہ تُم میرے پاس واپس آؤ۔ میں تُمہارا باپ ہوں، تُمہارا خالِق۔ میں چاہتا ہوں کہ تُم میرے پاس آؤ تا کہ میں تُمہیں اپنے بیٹے اور بیٹیاں بناؤں۔ تُمہارے پاس موقع ہے کہ میرے ساتھ اپنا رِشتہ استوار کرو تاکہ ہم ہمیشہ کے لئیے ساتھ رہیں۔ میں تُمہارے فیصلے کا مُنتظر ہوں۔
میں تُمہارا خُدا ہوں۔ تُمہارا بادشاہ اور تُمہارا خُداوند یہواہ ہوں۔

---

https://www.youtube.com/watch?v=EdxHVhkiig4

باب 39
اس دستاویز اور میرے روزے کے متعلق میری گواہی

خُدا نے مجھے دُعا اور چالیس دِن کے روزہ/فاقہ کے لئیے ایک ویران جگہ پر بلایا۔ دو ہفتوں کے بعد میں نے ہر روز عشائے ربانی لی، اور کُچھ عرصہ بعد میں نے روزانہ چار چار اونس شربت کے پینا شروع کئیے۔ میرے خیال میں یہ روزہ میری زندگی کا مُشکل ترین کام تھا۔
خُدا مُجھے اِس روزہ اور ریاضت میں اِس لئیے لایا کہ میں اپنی خُودی کو مار سکوں، اور میں نے ایسا ہی کِیا۔
اُس نے مُجھے کلام بھی بخشا جو میں نے دیانتداری کے ساتھ قلمبند کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ اور لوگ بھی پڑھ سکیں۔
یہ دستاویز خُداوند کی طرف سے میں نے 27 جنوری 2012 سے 6 مارچ 2012 کے درمیان اپنے روزہ کے دوران قلمبند کِیا (براہِ مہربانی اِس بات کا خیال رکھیں کہ بہت سے حروف اور اِلفاظ جو میں نے خُداوند کی طرف سے تحریر کئیے ہیں وہ بتاریخ تحریر نہیں کئیے گئے کیونکہ میرے لئیے روزہ نہائیت مُشکل تھا اور روزہ کا دورانیہ بہت سُست رفتاری سے چل رہا تھا لہٰذا میں اِس بات پر توجہ مرکوز نہیں کر پائی کہ وہ تواریخ کونسی تھیں) ۔ اِس روزہ کے دوران مُجھے جب بھی بھُوک نے ستایا، خُداوند نے مُجھے آسمانی روٹی مانگنے کو کہا۔ لہٰذا مُجھے جب بھی بُھوک نے ستایا یا روزہ کی وجہ سے مُشکلات کا سامنا کرنا پڑا ، میں نے آسمانی روٹی کی درخواست کی۔ اور جتنی دفعہ میں نے خُدا سے آسمانی روٹی طلب کی میری جسمانی بھُوک اور تکلیف جاتی رہی۔ یہ بات حیرت انگیز اور معجزانہ تھی۔ درحقیقت خُداوند ہی آسمانی روٹی ہے۔ (ذیل میں حوالہ ملاخطہ کیجئیے) ۔
میرے روزہ کے عیام کے عین وسط مِیں مـیں ایک کِتاب پڑھ رہی تھی جِس نے مُجھے جھنجوڑ کے رکھ دِیا اور سوچنے پر مجبور کِیا۔ یہ ایک عورت کے مُتعلق تھی جِس کو جنت اور دوذخ دِکھائی دِئیے تھے۔ اُس نے لِکھا کہ دوزخ میں ایسے لوگ تھے جو دائمی بُھوکے اور پیاسے ہیں۔ یہ میرے لئیے ایک واضع اور فیصلہ کُن لمحہ تھا، کیونکہ میں چالیس دِنوں سے صِرف کھانے کا فاقہ کر رہی تھی، میں پیاسی نہیں ہوتی تھی کیونکہ میں اِس روزہ کے دوران پانی پیتی رہتی تھی۔ مـیں ہوگِز یہ تصور نہیں کر سکتی کہ مـیں ہمیشہ کے لئیے بُھوکی اور پیاسی رہوں(جبکہ چالیس دِن ہی میرے لئیے ناقابلِ یقین جدوجہد کے تھے) لہٰذا مـیں چاہتی ہوں کہ دوسرے بھی اِس گہری حقیقت کو جان لیں اور اپنے ابدی نتائج کے بارے میں سنجیدگی سے سوچیں۔
مـیں خُداوند خُدا کا شُکر ادا کرتی ہوں جِس نے مُجھے اِن چالیس دِنوں کے روزے سے گُزارا۔
خُداوند نے مُجھے جب اپنا کلام دِیا تو خُداوند نے بہت سے اِلفاظ ایسے اِستعمال کئیے جِن کے مفہوم و معانی مُجھے معلوم نہ تھے۔ مُجھے اُن کے مُتعلق جانچنا پڑتا اور ہمیشہ وہ اِلفاظ میرے لئیے معانی کُن اور بہترین اِلفاظ ثابت ہوتے۔
مـیں ایک مُصنفہ بھی ہوں اور میں جب بھی کُچھ طویل لِکھتی ہوں جیسے کہ یہ 100 سے زائد صفحات کا دستاویز تو مُجھے بے شُمار بار اِس مـیں ترمیم، حذف اور اضافہ کرنا پڑتا ہے۔ مگر یہ دستاویز کبھی بھی تبدیل یا ترمیم نہیں کِیا گیا۔
جیسے جیسے خُداوند مُجھ سے کلام کرتا گیا میں اِسے تحریر کرتی گئی۔میں نے روزانہ کی ڈائری کے طور پر خُداوند کے اِلفاظ لِکھے پھر اِنہیں بغیر کِسی ترمیم اور تبدیلی کے دوبارہ قلمبند کِیا۔
ساری عِزت اور جلال خُداوند کے نام ہو۔
اے خُداوند مُجھ ادنی اِنسان (سُوسن ڈیوِس Susan Davis) تیری کے لئیے پیش آنے سے شفقت اور صبر نہائت کے ساتھ بے حد شُکر گُزار ہوں۔

(یسوع آسمانی روٹی ہے (یوحنا 6 باب 29 سے 58 آیات

یِسُوع نے جواب میں اُن سے کہا خُدا کا کام یہ ہے کہ جِسے اُس نے بھیجا ہے اُس پر اِیمان لاؤ۔ 29
پَس اُنہوں نے اُس سے کہا پھر تُو کَونسا نِشان دِکھاتا ہے تاکہ ہم دیکھ کر تیرا یقِین کریں؟تُو کَونسا کام کرتا ہے؟۔ 30
ہمارے باپ دادا نے بیابان میں مّن کھایا۔ چُنانچہ لِکھا ہے کہ اُس نے اُنہیں کھانے کے لِئے آسمان سے روٹی دی۔ 31
یِسُوع نے اُن سے کہا مَیں تُم سے سَچ کہتا ہُوں کہ مُوسیٰ نے تو وہ روٹی آسمان سے تُمہیں نہ دی لیکِن میرا باپ 32
تُمہیں آسمان سے حِقیقی روٹی دیتا ہے۔
کِیُونکہ خُدا کی روٹی وہ ہے جو آسمان سے اُتر کر دُنیا کو زِندگی بخشتی ہے۔ 33
اُنہوں نے اُس سے کہا اَے خُداوند!یہ روٹی ہم کو ہمیشہ دِیا کر۔ 34

35 یِسُوع نے اُن سے کہا زِندگی کی روٹی مَیں ہُوں۔ جو میرے پاس آئے وہ ہرگِز بُھوکا نہ ہوگا اور جو مُجھ پر اِیمان لائے وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔
36 لیکِن مَیں نے تُم سے کہا کہ تُم نے مُجھے دیکھ لِیا ہے۔ پِھر بھی اِیمان نہِیں لاتے۔
37 جو کُچھ باپ مُجھے دیتا ہے میرے پاس آجائے گا اور جو کوئی میرے پاس آئے گا اُسے مَیں ہرگِز نِکال نہ دُوں گا۔
38 کِیُونکہ مَیں آسمان سے اِس لِئے نہِیں اُترا ہُوں کہ اپنی مرضی کے مُوافِق عمل کرُوں بلکہ اِس لِئے کہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی کے مُوافِق عمل کرُوں۔
39 اور میرے بھیجنے والے کی مرضی یہ ہے کہ جو کُچھ اُس نے مُجھے دِیا ہے مَیں اُس میں سے کُچھ کھو نہ دُوں بلکہ اُسے آخِری دِن پِھر زِندہ کرُوں۔
40 کِیُونکہ میرے باپ کی مرضی یہ ہے کہ جو کوئی بَیٹے کو دیکھے اور اُس پر اِیمان لائے ہمیشہ کی زِندگی پائے اور مَیں اُسے آخِری دِن پِھر زِندہ کرُوں۔
41 پَس یہُودی اُس پر بُڑبُڑا نے لگے۔ اِس لِئے کہ اُس نے کہا تھا کہ جو روٹی آسمان سے اُتری وہ مَیں ہُوں۔
42 اور اُنہوں نے کہا کیا یہ یُوسُف کا بَیٹا یِسُوع نہِیں جِس کے باپ اور ماں کو ہم جانتے ہیں؟اب یہ کیونکر کہتا ہے کہ مَیں آسمان سے اُترا ہُوں؟۔
43 یِسُوع نے جواب میں اُن سے کہا آپس میں نہ بُڑبُڑاو۔
44 کوئی میرے پاس نہِیں آ سکتا جب تک باپ جِس نے مُجھے بھیجا ہے اُسے کھینچ نہ لے اور مَیں اُسے آخِری دِن پِھر زِندہ کرُوں گا۔
45 نبِیوں کے صحِیفوں میں یہ لِکھا ہے کہ وہ سب خُدا سے تعلِیم یافتہ ہوں گے۔ جِس کِسی نے باپ سے سُنا اور سِیکھا ہے وہ میرے پاس آتا ہے۔
46 یہ نہِیں کہ کِسی نے باپ کو دیکھا ہے مگر جو خُدا کی طرف سے ہے اُسی نے باپ کو دیکھا ہے۔
47 مَیں تُم سے سَچ کہتا ہُوں کہ جو اِیمان لاتا ہے ہمیشہ کی زِندگی اُس کی ہے۔
48 زِندگی کی روٹی مَیں ہُوں۔
49 تُمہارے باپ دادا نے بِیابان میں مّن کھایا اور مرگئے۔
50 یہ وہ روٹی ہے جو آسمان سے اُترتی ہے تاکہ آدمی اُس میں سے کھائے اور نہ مرے۔
51 مَیں ہُوں وہ زِندگی کی روٹی جو آسمان سے اُتری۔ اگر کوئی اِس روٹی میں سے کھائے تو ابد تک زِندہ رہے گا بلکہ جو روٹی مَیں جہان کی زِندگی کے لِئے دُوں گا وہ میرا گوشت ہے۔
52 پَس یہُودی کہہ کر آپس میں جھگڑنے لگے کہ یہ شَخص اپنا گوشت ہمیں کیونکر کھانے کو دے سکتا ہے؟۔
53 یِسُوع نے اُن سے کہا مَیں تُم سے سَچ کہتا ہُوں کہ جب تک تُم اِبنِ آدم کا گوشت نہ کھاو اور اُس کا خُون نہ پیو تُم میں زِندگی نہِیں۔
54 جو میرا گوشت کھاتا اور میرا خُون پِیتا ہے ہمیشہ کی زِندگی اُس کی ہے اور مَیں اُسے آخِری دِن پِھر زِندہ کرُوں گا۔
55 کِیُونکہ میرا گوشت فِی الحقِیقت کھانے کی چِیز اور میرا خُون فِی الحقِیقت پِینے کی چِیز ہے۔
56 جو میرا گوشت کھاتا اور میرا خُون پِیتا ہے وہ مُجھ میں قائِم رہتا ہے اور مَیں اُس میں۔
57 جِس طرح زِندہ باپ نے مُجھے بھیجا اور مَیں باپ کے سبب سے زِندہ ہُوں اُسی طرح وہ بھی جو مُجھے کھائے گا میرے سبب سے زِندہ رہے گا۔
58 جو روٹی آسمان سے اُتری یِہی ہے۔ باپ دادا کی طرح نہِیں کہ کھایا اور مرگئے۔ جو یہ روٹی کھائے گا وہ ابد تک زِندہ رہے گا۔

https://www.youtube.com/watch?v=7XvaH54I8l4